اے عزرائیلؑ جواب سلام کا میرے حبیب ﷺ کو دے اور جو تجھ سے پوچھے اس کا جواب بخوبی دینا تب عزرائیلؑ نے اپنا سر اٹھا کر کہا وعلیکم السلام یارسول اللہ ﷺ اور آپؐ سے نہایت شوق وجذبہ سے معانقہ کیا اور نہایت تعظیم تکریم سے اپنے پاس بٹھایا اور پھر کہا یارسولؐ اللہ جب سے مجھے اللہ نے پیدا کیا ہے جب ہی سے خلق اللہ کے بہت سے کام میرے سپرد کئے گئے ہیں، ایک لمحہ کی بھی فرصت نہیں ملتی کہ میں کسی سے بات کروں اور آج مجھے اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا ہے اس واسطے میں بات کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے کہا اے عزرائیلؑ تم روحوں کو کیسے قبض کرتے ہو اس نے کہا یارسول اللہ ﷺ میرے سامنے یہ جو درخت ہے اس کے پتوں کے شمار کے مواقف خلائق ہیں اور ہر ایک کا نام ایک پتے پر لکھا ہوا ہے، جب موت قریب ہوتی ہے تو چالیس دن پہلے اس پتے کا رنگ زرد ہو جاتا ہے اور جس روز موت واقع ہوتی ہے اس دن یہ پتا نیچے گرتا ہے اور میں اس پتے پر نگاہ رکھتا ہوں اگر وہ بندہ اہل رحمت ہے تو داہنی طرف کے ملائکہ کو بھیجتا ہوں اور اگر بندہ بد اور لعنتی ہے تو بائیں طرف کے ملائکہ کو عذاب کیلئے بھیجتا ہوں۔ پھر آپ ﷺ نے کہا اے عزرائیلؑ حقیقت روح کیا ہے بیان کرو یعنی وہ کیا چیز ہے اس نے کہا یارسول اللہ ﷺ میں نہیں جانتا کہ روح کیا چیز ہے لیکن وقت قبض کے ایک بوجھ سا میری ہتھیلی پر معلوم ہوتا ہے پھر محمد ﷺ نے پوچھا تمہارے چار منہ ہونے کی کیا وجہ ہے کہا یارسول اللہ ﷺ سامنے کا منہ جو نور سے ہے اس سے مومنوں کی روح قبض کرتا ہوں دائیں طرف کا منہ جو غصہ ہے اس سے گناہگاروں کی جان قبض کرتا ہوں، بائیں طرف کا منہ جو قہر ہے اس سے منافقوں کی روح قبض کرتا ہوں اور پیچھے کا منہ جو دوزخ کی آگ سے ہے اس سے مشرکوں اور کافروں کی جان قبض کرتا ہوں۔ پھر کہا یارسولؐ اللہ آپ ﷺ کو خوشخبری دیتا ہوں کہ جس دن سے اللہ نے مجھ کو پیدا کیا ہے اس دن سے فرمان حق تعالیٰ مجھ پر یوں ہوا ہے کہ اُمت محمدیہ ﷺ کی جان آسانی سے نکالو جیسے سوتے ہوئے بچے سے ماں پستان کھینچ لیتی ہے اور اس سے ماں کو کچھ ضرر نہیں پہنچتا یہ سن کر آپ ﷺ سجدہ شکر بجالائے۔ پھر فرمایا اے عزرائیلؑ کبھی تم کو اس کرسی سے اٹھنے کی نوبت پہنچی یا نہیں عرض کیا یارسول اللہ ﷺ تین مرتبہ اٹھنے کی نوبت پہنچی۔ پہلی دفعہ حضرت آدمؑ کا جسم بنانے کیلئے مٹی لانے کو دوسری دفعہ آدمؑ کی روح قبض کرنے کو اور تیسری دفعہ حضرت موسیٰؑ کی روح قبض کرنے کو پھر آپ ﷺ نے پوچھا اے عزرائیلؑ تو نے کسی کی روح قبض کرتے وقت رحم کیا ہے کہا یارسول اللہ ﷺ دو شخصوں کے واسطے میں نے بہت غم کھایا، پہلی مرتبہ یہ کہ ایک عورت نے کشتی میں بچہ جنا تھا جو کہ کشتی دریا پر تھی اس کے بعد اس کی جان قبض کرنے کا حکم ہوا اور دوسری دفعہ شدّاد ملعون کی جان قبض کرنے پر کہ جب اس نے چار سو برس میں ایک باغ بہشت بنایا اور اس کے دیکھنے کیلئے ایک پاؤں چوکھٹ کے اندر اور دوسرا باہر تھا اس وقت اس کی جان قبض کی گئی پس وہ بادشاہ شدّاد ملعون معہ اپنی بیس ہزار فوج کے وہیں ہلاک ہوا اور اپنی بنائی ہوئی بہشت کو دیکھ نہ پایا، پھر آپ ﷺ وہاں سے پانچویں آسمان کے دروازے پر گئے۔

Marfat.com

آسمان پنجم

جب آپ جناب سرور کونین ﷺ پانچویں آسمان کے دروازے پر گئے تو اس دروازے پر مہتر مائیلؑ جو سب فرشتوں کے سردار ہیں انہوں نے بھی آکر السلام علیکم کہا پھر مرحبا کہا اور معانقہ کیا پھر وہاں سے آگے بڑھے ہارونؑ سے ملاقات ہوئی انہوں نے بھی کہا یا اخی الصالح مرحبا پھر وہاں سے چھٹے آسمان کے دروازے پر تشریف لے گئے۔

آسمان ششم

چھٹے آسمان پر پہنچے تو وہاں مہتر ہائیلؑ جو سب فرشتوں کے سردار تھے انہوں نے بھی آکر سلام پیش کیا مرحبا کہا اور معانقہ کیا وہاں سے آگے بڑھے تو حضرت موسیٰؑ سے ملاقات ہوئی انہوں نے اسلام علیکم کہا اور معانقہ کیا پھر اس سے آگے بڑھے تو حضرت موسیٰؑ نے کہا یا رسول اللہ ﷺ جو کچھ اللہ رب العزت کی طرف سے آپ ﷺ کی امت پر فرض کیا جائے آپ ﷺ خوب سمجھ کر قبول کرنا اس واسطے کہ آپ ﷺ کے امتیوں کی عمر تھوڑی ہے اور بہت ضعیف اور ناتواں ہیں پھر حضور ﷺ وہاں سے آگے بڑھے تو ایک نیولا ہیب ناک دیکھا کہ جس کو دیکھنے سے عقل وہوش گم ہو جائیں اور وہ ایسا تھا کہ اس کے دائیں موہڈے سے بائیں موہڈے تک ایک برس کی راہ ہے اور اس کے گرداگرد بہت سے بدصورت فرشتے حاضر ہیں حضور ﷺ نے جبرائیلؑ سے پوچھا کہ یا اخی جبرائیلؑ یہ کونسا فرشتہ ہے جبرائیلؑ نے بتایا یا رسول اللہ ﷺ اس کا نام مالک ہے تب حضور ﷺ اس کے پاس گئے اور اس کو السلام علیکم کہا جواب اسلام کا اس نے نہ دیا پھر اسی وقت حکم ہوا اللہ تعالیٰ سے کہ اے مالک یہ محمد مصطفےٰ ﷺ ختم الانبیاء میرے حبیب ﷺ ہیں تم نے ان کو سلام کا جواب نہ دیا اور ان کی تعظیم نہ کی تب مالک آنحضرت ﷺ کا نام مبارک سن کر اٹھا اور تکریم سے بٹھایا اور پھر کہا مرحبا یا رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء پر آپ ﷺ کو افضل کیا ہے اور تمام پیغمبروں کی امت تمہاری امت کی پیروی کرے گی پھر حضور ﷺ نے پوچھا اے مالک ماہیت دوزخ کی بیان کرنا تا کہ میں اس سے خبردار رہوں مالک نے کہا یا رسول اللہ ﷺ آپ کو دیکھنے اور سننے کی طاقت نہ ہوگی اتنے میں درگاہ الٰہی سے حکم آیا اے مالک جو کچھ تم سے میرا نبی ﷺ پوچھے اسے اچھی طرح بیان کر۔ تب مالک نے کہا یا رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ نے اپنے غیض وغضب سے، سات دوزخ پیدا کیے ہیں اور طول عرض ہر ایک کا زمین وآسمان کے ہے اور اس میں آتش گوناگوں اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہے اور درمیان دوزخ کے ستر ہزار میدان آگ کے ہیں اور ہر ایک میدان میں ستر ہزار پہاڑ آگ کے ہیں اور ہر پہاڑ کے ستر ہزار دروازے ہیں اور ہر دروازے میں ستر ہزار مکان آگ کے ہیں اور ہر مکان میں ستر ہزار کوٹھریاں آگ کی ہیں اور ہر کوٹھری میں ستر ہزار صندوق آگ کے ہیں اور ہر صندوق میں ستر ہزار سانپ اور بچھو آگ کے

Marfat.com

ہیں اور آگ وہ ہے کہ اگر ایک ذرہ روئے زمین پر پہنچے تو تمام درخت پہاڑ اور آدمی بھسم کر ڈالے معاذ اللہ منہا۔ پھر کہا یارسول اللہ ﷺ جیسے مکانات اور میدان وغیرہ مَیں نے ذکر کیے ویسے ہی ایک دوزخ کے اندر ہیں اور ایک تو برف سے پیدا کی ہے اور ہر سال دو مرتبہ اپنی سانسیں چھوڑتی ہے اسلیے چھ ماہ سردی اور چھ ماہ گرمی دُنیا میں رہتی ہے اور اسی طرح گوناگوں عذاب ذلت کا بیان کیا پس رسول کریم ﷺ یہ سن کر غمگین ہو کر ساتویں آسمان پر گئے۔

آسمان ہفتم

جب آپ ﷺ ساتویں آسمان پر گئے تو وہاں دیکھا کہ بہت سے فرشتے اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ہیں یہ مشاہدہ کیا اور سب نے کہا یارسولؐ اللہ مرحبا، یا نبیؐ صالح وہاں سے آگے بڑھے تو دیکھا کہ ایک فرشتہ نیک صورت خوش خلق عظیم الشان کرسی پر بیٹھا ہے اور اس کے ہر چہار طرف نور چمکتا ہے اور دائیں بائیں اس کے بہت نیک فرشتے نیک صورت جمع ہیں۔ جبرائیلؑ نے کہا یارسول اللہ ﷺ یہ فرشتہ جنت کا داروغہ ہے اور اس کا نام رضوان ہے پھر حضور ﷺ اس کے سامنے تشریف لے گئے اور کہا السلام علیکم رضوان الجنت اس نے فوراً سلام کا جواب دیا اور جلد معانقہ کیا اور پھر کہا مرحبا یا حبیب اللہ ﷺ اتنے میں حکم الٰہی ہوا کہ رضوان میرے حبیب ﷺ کو مالک دوزخ نے دوزخ کی باتیں بتا کر غمگین کیا ہے تم ان کو بہشت کی باتیں بتا کر خوش کر دو۔

دتا حکم خدا رضوان تائیں میرے حبیبؐ دا دل بہلا جلدی
مالک دوزخ نے کیتا غمگین اسنوں توں جنت دی بات بتا جلدی
بارے امت دے وی کجھ دس اسنوں میرا نبیؐ خوشحال کرا جلدی
عاجز رضوان نے نبیؐ نوں خوش کرنا ہن اگلی گل سنا جلدی

رضوان کہیا یارسول ﷺ اللہ صفت آپؐ دی بیان قرآن کردا
پریشانی دی سوہنیاںؐ گل کہڑی جے رحمٰن کردا تا قرآن کردا
پہلے جنت وچ آپ ﷺ دی جائے اُمت خبر دے رضوان خوشحال کردا
عاجز ویکھ کے نبی ﷺ نوں غم اندر رب آپ وی نئیں سہار کردا

پھر طرح طرح کی اقسام کی نعمتوں سے آپ ﷺ آگاہ ہوئے اور ایک طرف سے آواز غیب آئی اے حبیب تیری امت کے واسطے یہی سب نعمتیں جنت کی ہم نے تیار کر رکھی ہیں اور امت تیری اَبَدُ الْاٰبَاد بہشت میں خوش محفوظ و معزز و مکرم رہے گی پھر حضور ﷺ شکر بقاضی الحاجات بجالا کر آگے بڑھے اور وہاں سے بیت المعمور میں پہنچے اللہ تعالیٰ نے بیت المعمور کو یاقوت اور موتی سبز زمرد سے بنایا ہے اس میں تیرہ ستون یاقوت سرخ کے ہیں اور صحن اس کا موتی کا ہے، اور اس جگہ پر دو

Marfat.com

رکعت نماز آنحضرت ﷺ نے فرشتوں کے ساتھ پڑھی اتنے میں تین پیالے بھرے ہوئے' دودھ' شراب اور شہد کے اللہ کی طرف سے آئے اور ایک روایت میں ہے کہ چوتھا پیالہ پانی کا بھی تھا۔ تب جبرائیلؑ نے کہا یارسول اللہ ﷺ اس میں سے جو آپؐ کی خواہش ہے قبول فرمائیے پھر حضور ﷺ نے دودھ کا پیالہ پیا یہ دیکھ کر سب فرشتوں نے آپ ﷺ کو آفریں کہا اور پھر کہنے لگے یارسول اللہ ﷺ اگر آپؐ پیالہ پانی کا پینا اختیار کرتے تو آپؐ کی سب امت پانی میں غرق ہوتی اور اگر آپؐ پیالہ شراب کا اختیار کرتے تو آپؐ کی تمام امت نشے میں مشغول ہوتی اور اگر شہد کا پیالہ اختیار فرماتے تو آپؐ کی امت لذت دُنیا میں مستغرق ہوتی چونکہ آپ ﷺ نے دودھ کا پیالہ اختیار فرمایا اس لیے آپؐ کی اُمت آفت و بلا دُنیا سے نجات پاوے گی۔ لیکن تھوڑا سا دودھ جو آپ ﷺ نے پیالہ میں چھوڑ دیا ہے اس سبب سے تھوڑا سا گناہ آپؐ کی اُمت سے ضرور ہوگا پھر آپؐ نے چاہا کہ باقی والا دودھ پی لیا جائے تب جبرائیلؑ نے عرض کیا اگر آپؐ اس وقت یہ پئیں گے تو کچھ مفید نہ ہوگا اب جو کچھ ہوا سو ہوا کیونکہ حکم الٰہی رد نہیں ہوا کرتا' پس پھر آپ ﷺ غمگین ہو کر سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى کو گئے جو جبرائیلؑ کے رہنے کی جگہ ہے۔ اس جگہ پر پیغمبر خدا اپنے براق سے اُترے اور جبرائیلؑ نے آپ ﷺ سے رخصت طلب کی تو آپؐ نے فرمایا اے جبرائیلؑ مجھ کو یہاں اکیلے چھوڑ کر جاؤ گے، جبرائیلؑ نے کہا یارسول اللہ ﷺ اور دوسرے فرشتے آپ کو یہاں سے آگے لے جائیں گے آپؐ کسی طرح سے رنجیدہ خاطر نہ ہوں اور میری طرف سے التماس کرنا۔ آپ ﷺ نے پوچھا بتاؤ کیا بات ہے تب جبرائیلؑ نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ مجھ کو آرزو ہے کہ قیامت کے دن اپنے پروں کو پل صراط پر بچھاؤں اور آپؐ کی اُمت کو سلامتی کے ساتھ پار اُتاروں۔

سدرۃ المنتہیٰ تے جبرائیلؑ نے عرض کیتی آقا ﷺ آگئی رہن دی جاہ میری
اس توں اگے نئیں سوہنیاںؐ جا سکدا نہ ایں جاندی، اے کوئی واہ میری
آقا ﷺ میرا وی اک سوال منّوں دینا رب نوں عرض سنا میری
پل صراط تے مجھ دے پَر وِچھن اُمت دیواں سلامت لنگا تیری
اسرافیلؑ فرشتہ رب دا نال حکم خدا اے آیا آداب سلام نبی ﷺ نوں کیتا تے رَف رَف پیش کرایا
کیتا سفر سوہنےؐ رَف رَف اُتے مقامِ رَف رَف آیا عاجزؔ خبر کتابوں آئی پھر جلدی عرش اٹھایا

رَف رَف ایک نورانی تخت ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے نور سے پیدا کیا اور اس میں ستر ہزار پردے جواہرات کے تھے اور مسافت ایک ایک پردہ کی پانچ سو برس کی راہ تھی۔ لہٰذا وہ راستہ طے کر کے مقام رَف رَف میں پہنچے اور پھر عرش نے جلدی آپؐ کو اٹھا لیا اور باری تعالیٰ سے خطاب آیا کہ اے حبیبؐ آگے آؤ حضرت محمد ﷺ نے چاہا کہ نعلین پاؤں سے اتاریں۔

Marfat.com

تب عرش مجید جنبش میں آیا حکم ہوا اے حبیب نعلین مت اتارو بمعہ نعلین کے آؤ حضور ﷺ نے عرض کی یا الٰہی موسیٰ کو حکم ہوا تھا وہ چالیس (۴۰) روزے رکھیں اور اپنے پاؤں سے نعلین اتار کر طور سینین پر آئیں اور یہ مقام تو اس سے ہزاروں درجہ بہتر ہے کیکر میں نعلین سمیت آؤں۔ پھر حکم ہوا اے حبیب ﷺ موسیٰ کو اس لیے نعلین اتارنے کا حکم ہوا تھا کہ خاک طور سینا کی ان کے پاؤں سے لگے جس سے اس کو بزرگی حاصل ہو اور تیری خاک نعلین سے عرش کو بزرگی دوں گا۔ چنانچہ آپ ﷺ نے وہاں دیکھا کہ داہنی طرف کے تین سو بارہ ممبر ہیں اور باہنی طرف ایک بڑا ممبر عظیم الشان جڑاؤ جواہرات سے مرصع نظر آیا، حضور ﷺ نے اس ممبر کا احوال دریافت کیا خطاب آیا کہ داہنی طرف کے سب ممبر اور پیغمبروں کیلئے بنائے گئے ہیں اور بائیں طرف کا ممبر تمہارے لیے بنایا گیا ہے کیونکہ عرش کے دائیں طرف بہشت ہے اور بائیں طرف دوزخ ہے جس وقت تو بائیں طرف ممبر پر بیٹھے گا تو ادھر سے گزرتے ہوئے دوزخیوں میں سے اپنے اُمتی کو دیکھ لے گا اور تو اس کی سفارش کرے گا تو اسے بخش دوں گا، غرض کوئی گنہگار تیری اُمت میں سے دوزخ میں ہمیشہ نہ رہے گا پھر رَف رَف نے آکر آپؐ کو اٹھالیا اور حجاب کبریائی تک پہنچا کر وہ بھی غائب ہو گیا اور آپؐ اس جگہ تنہا رہے جب آپؐ کو خوف کبریائی ہوا تب اچانک ماند آواز ابوبکر صدیقؓ کی سی آپؐ نے سنی کہ اے محبوب ﷺ توقف کر کہ بے شک پروردگار تیرا صلوۃ میں مشغول ہے۔ اس دم آپؐ نے اس آواز سے تعجب ہو کر کہا یا الٰہی اس جگہ آواز ابوبکرؓ کی کہاں سے آئی لیکن اس آواز سے وحشت آپؐ کی جاتی رہی اور آپؐ نے بارگاہِ خداوندی میں عرض کی یا الٰہی تو نماز پڑھنے سے پاک ہے اور آواز ابوبکرؓ کی کہاں سے آئی حکم ہوا حبیب ﷺ صلوٰۃ میری رحمت ہے تجھ پر اور تیری اُمت پر اور آواز ابوبکرؓ کی سی اس واسطے تھی کہ وہ یار غار ہے اور انیس و وفادار ہے پس اس آواز کے سننے سے آپؐ کی وحشت دور ہو گی۔ اس واسطے مَیں نے ایک فرشتہ بصورت ابوبکرؓ کے پیدا کیا اور اس کی آواز مثل آواز ابوبکرؓ کی ہے اسی نے آواز دی تھی۔ چنانچہ اس لیے آپؐ کی وحشت جاتی رہی بعض نے یوں بھی روایت کی ہے کہ جب حضور ﷺ کو خوف ہوا تو اس وقت ایک قطرہ پانی کا جو شہد سے زیادہ میٹھا اور زیادہ ٹھنڈا پانی سے حضور ﷺ کو نظر آیا اس سے علم اول و آخر کا ہوا اس سے وہ وحشت جاتی رہی پھر ستر ہزار پردہ نور سے گزر کر قاب قوسین میں پہنچے اور وہاں سے احدیت کا ظہور پایا جب آپؐ نے نور احدیت کا دیکھا فوراً اپنا سر مبارک سجدے میں رکھا۔ اس جلوے اور محبوب ﷺ کے درمیان دو ہاتھ کا فاصلہ رہا بلکہ اس سے بھی کم فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى اور پھر آواز آئی اے دوست میرے لیے کیا تحفہ لایا ہے اس وقت حضور ﷺ نے کہا الٰہی اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ یعنی ہر قسم کی عبادت خواہ وہ مالی ہو یا بدنی یا روحانی اللہ کے واسطے ہے پھر اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

فرمان باری ہوا: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ط یعنی سلام ہے تجھ پر اے نبی ﷺ اور رحمت اللہ تعالیٰ کی اور برکتیں اس کیں۔

Marfat.com

پھر آنحضرت ﷺ نے کہا! اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ یعنی سلام ہو ہم پر اور سارے نیک بندوں پر۔ پھر اسی مقام پر فرشتوں نے کہا

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ○

یعنی میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ تعالیٰ کے اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ بندے اس کے ہیں۔

رحمت برکت رب نے بھیجی سلام نبی ﷺ تے نالے
سُن کے سوہنا پاک محمد ﷺ سوہنا بول سناوے
ہووے سلام اساں دے اُتے ہور بندے جو نیکوکاراں
اوسے وقت فرشتے بولے ایوی لکھ بتاواں
ہن اللہ معبود نہ کوئی ملکاں کہیا زبانوں
رسول محمد ﷺ اسدا بندہ ایہہ گواہی جانوں

وَحْدَهٗ لاشریک اس لیے نہ کہا کہ وہاں اس مقام میں کوئی شریک نہ تھا اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے محبوب ﷺ جو کچھ میں نے اور تو نے اور فرشتوں نے اس وقت کہا اسے ہر نماز کے قاعدہ میں پڑھ لیا کرنا اور پھر فرمایا اے محبوب ﷺ میرے عرش و کرسی، لوح و قلم، زمین و آسماں، نباتات و جمادات بلکہ جز و کل مخلوقات چھ ہزار عالم خشکی اور بارہ ہزار عالم تری کے اور آفتاب و مہتاب ستارے اور بروج بہشت اور دوزخ تیری محبت کے سبب سے میں (اللہ) نے بنائے ہیں اور اس وقت تیرے لیے اجازت ہے جو چاہے سو مانگ اور میں تیری منہ مانگی مراد پوری کروں گا۔ پھر حضور ﷺ نے سر مبارک سجدہ میں رکھا اور خداوند قدوس سے عرض کی کہ میں اُمت گناہگار رکھتا ہوں اور تیرے عذاب سے ڈراتا ہوں لہٰذا اُمت کے گناہ بخش دے اور اس کو دوزخ کی آگ سے بچا دے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ہم نے تہائی گناہ تیری اُمت کے بخش دیے پھر آنحضرتؐ نے اپنا سر مبارک سجدہ میں رکھا اور عرض کی الٰہی تمام گناہ میری امت کے اپنے فضل و کرم سے بخش دے جناب باری تعالیٰ سے حکم ہوا کہ جو کوئی صدق و یقین سے کلمہ طیب ایک بار پڑھے اور اس کے مضمون پر کامل اعتماد کرے گا اس کو میں ضرور بخشوں گا اگرچہ وہ گناہگار ہی کیوں نہ ہو اور اگر وہ کفر و شرک تک پہنچا ہوگا تو اس کو ہرگز نہ بخشوں گا اور اس کو جہنم کے عذاب سے نجات نہ دوں گا۔ پھر حکم ہوا کہ اے دوست تو نے دنیا کے اندر فقیری اور غریبی اختیار کی اگرچہ دُنیا فانی ہے دُنیا چاہے تو تمام جمادات و نباتات کو سونا بنا دوں یا چاندی بنا دوں اور دُنیا کو دارالقرار کر دوں یاقوت اور زمرد اور لؤلؤ اور مرجان جا بجا پیدا کر دوں تا کہ اپنی اُمت کو لے کر ابدالاباد بے موت کے گزران کرو اور تمام نعمتیں بہشت کی وہیں موجود کروں۔ پھر حضور ﷺ نے اپنا

Marfat.com

سر مبارک سجدے میں رکھ کر مناجات کی خداوند دُنیا مردار و نجس ہے اَلدُّنیَا جِیفَۃٌ وَاطَا لِبُھَا کِلاَبٌ یعنی دُنیا مردار ہے اور اس کے خواہش مند کُتے ہیں اور میرے لیے تو دُنیا سے آخرت بہتر ہے۔ اور پھر اللہ تعالیٰ نے یاد دِلایا اے حبیب ﷺ سوال جبرائیلؑ کا تو بھول گیا تو حضور ﷺ نے عرض کی کہ یا الٰہی تو دانا اور بینا ہے اور سوال اس کا تو خوب جانتا ہے تو حکم خداوندی ہوا کہ اے محبوب ﷺ میں نے سوال جبرائیلؑ کا تیرے دوستوں اور صحابیوں کے لیے منظور کر لیا ہے اور وہ سوال یہ تھا کہ جبرائیلؑ نے کہا تھا کہ یا رسول اللہ مجھے تمنا ہے کہ قیامت کے دن اپنے بازوؤں کو پل صراط پر بچھاؤں اور آپ ﷺ کی اُمت کو سلامتی کے ساتھ پار اتاروں اس کے بعد حضور ﷺ نے اپنی امت کی مغفرت کے لیے عرض کی۔ تب جناب ﷺ نے تمام نعمتیں بہشت کی دیکھیں اور جو مکان اہل بیت اور اصحاب کبار کے واسطے تیار ہوئے ہیں جدا جدا دیکھ کر حمد و ثناء خالق کون و مکاں کی بجالائے اور جناب باری سے حکم آیا کہ اے دوست تو مکان اپنی امت کا دیکھ کر خوش و راضی ہو۔ تب حضورؐ نے عرض کی اے خداوندا بندے کو کیا طاقت ہے کہ اپنے خدا کی نعمت سے ناراض ہو، تب جناب باری تعالیٰ سے حکم ہوا یہ سب نعمتیں بہشت کی مَیں نے تیرے دشمن کے واسطے حرام کی ہیں۔ اس کے بعد آنحضرت ﷺ طبقات دوزخ دیکھنے کیلئے متوجہ ہوئے اور دوزخ کے طبقات ملاحظہ کرتے رہے۔ پہلے طبقات میں نسبت دوسروں کے رنج و عذاب کم تھا پھر دیکھا کہ اس کے اندر ستر ہزار دریا آگ کے ایسے جوش و خروش سے بہتے ہیں کہ اگر تھوڑا سا بھی شور اس کا اس دُنیا میں پہنچے تو خلقت زمین کی زندہ نہ رہے اور جناب ﷺ نے مالک داروغہ دوزخ سے پوچھا یہ طبقہ کس خلقت زمین کے لیے بنایا گیا ہے۔ اس نے یہ سن کر اپنا سر جھکا لیا اور کوئی جواب نہ دیا تو جبرائیلؑ نے فرمایا یہ شرم و حیاء کی وجہ سے آپ ﷺ سے عرض نہیں کر سکتا تو حضرت محمد ﷺ نے فرمایا بیان کرو شاید آج اس کا تدارک ہو سکے، تب پھر مالک نے رو کر عرض کی کہ یہ طبقہ آپ ﷺ کی امت کے گناہگاروں کے لیے تیار ہوا ہے۔ لہٰذا آپ ﷺ اپنی امت کو بہت زیادہ نصیحت فرمائیں اور اچھی طرح سمجھائیں تا کہ وہ گناہوں سے باز رہیں ورنہ قیامت کے دن مجھے محال تخفیف عذاب و رنج کی مطلق نہ ہوگی۔ تب یہ سن کر حضورؐ اپنا عمامہ مبارک سر مبارک سے اُتار کر بآب دیدہ مناجات کرنے لگے کہ خداوند مجھے اس کے دیکھنے سے ایسا خوف آیا ہے کہ مجھے تاب و طاقت اس کے دیکھنے کی نہ رہی اور اُمت تو میری بہت ہی ناتواں اور ضعیف ہے وہ اس عذاب کو کس طرح برداشت کرے گی۔ اے اللہ تو غفور الرحیم ہے اور مجھ کو تو نے امت کا پیشوا بنایا ہے اور عزت و آبرو بھی میری، تیری قدرت کے قبضہ میں ہے پھر حکم الٰہی ہوا کہ اے محبوب ﷺ تو کچھ غم نہ کر قیامت کے دن میں تمہاری امت کے اتنے لوگ تیری سفارش سے بخشوں گا کہ تو خوش ہو جائے گا۔ تو پھر حضور ﷺ نے کہا قسم ہے تیری ذات کی کہ میں ہرگز راضی نہ ہوں گا جب تک ایک ایک شخص کو میری اُمت میں سے بہشت میں نہ لے جائے گا۔ اسی طرح سے آنحضرت ﷺ کے ساتھ نوے ہزار کلمات راز و

Marfat.com

نیاز اور امر و نہی کے ارشاد کیے۔ پھر جناب باری تعالیٰ سے حکم ہوا کہ ہر روز پچاس وقت کی نماز اور چھ ماہ کے روضے ہر سال تم پر اور تمہاری اُمت پر میں نے فرض کیے۔ مختصر یہ کہ پچاس نمازوں اور چھ ماہ کے روزوں میں سے پانچ نمازیں، تیس (۳۰) روزے فرض کیے گئے اور باقی حضور ﷺ کے بار بار التجاء و مناجات کرنے پر اللہ رب العزت نے معاف فرما دیئے اور یہ بھی فرمایا کہ پانچ وقت نماز اور تیس (۳۰) روزوں کا اجر پچاس نمازوں اور چھ ماہ کے روزوں کے برابر بطور تحفہ بھی آپ ﷺ کو دیتا ہوں۔ اس کے علاوہ تیس (۳۰) ہزار کلمات دینی اور دنیاوی اور تیس ہزار کلمات جو راز داری کے ہیں اس کا کسی سے نہ کہنا اور باقی تیس ہزار کلمات جو ہیں اس کو چاہو کہو چاہو نہ کہو۔ تب حضرت محمد ﷺ نے قبول کیا اور سر کو سجدہ میں رکھ دیا اور عرض کی اے اللہ عزوجل جو کچھ میں نے دیکھا اور سنا ہے یہ میں کس کو بتاؤں اور کون میری بات کا اعتبار کریگا تو حکم الٰہی ہوا پہلے تم ابو بکر صدیقؓ سے کہنا وہ تمہاری بات کو صحیح جانے گا اور بعد میں ہر ایک مانے گا حضور اکرم ﷺ سجدہ شکر بجالائے اور پھر بارگاہ الٰہی سے رخصت ہوئے اور رَف رَف پر سوار ہو کر سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچے اور وہاں پر حضرت جبرائیلؑ براق لیے آپ ﷺ کے انتظار میں تھے آپ ﷺ براق پر سوار ہو کر مسجد اقصیٰ میں پہنچے جہاں تمام انبیاء اکرام آپ ﷺ کا انتظار کر رہے تھے سب نے دیکھ کر حضور ﷺ کو مبارک باد دی اور معانقہ و مصافحہ کیا۔ پھر حضرت جبرائیلؑ نے اذان پڑھی حضور ﷺ نے امامت کی اور تمام انبیاء کرام نے مقتدی ہو کر نماز پڑھی اس کے بعد وہاں سے رخصت ہوئے اور ام ہانی کے گھر تشریف لائے اور حضرت جبرائیلؑ حضور ﷺ کو مکاں پر پہنچا کر اور براق لے کر سب اپنی اپنی جگہ پر چلے گئے۔ جب حضور ﷺ اپنے بستر پر تشریف لائے تو بستر کو گرم پایا اور وضو کا پانی بہتا ہوا دیکھا اور حجرہ کی زنجیر کو ہلتے ہوئے پایا۔

صحیح یہی ہے کہ حضور ﷺ دیدارِ الٰہی سے مشرف فرمائے گئے، تفسیر قرآن میں لکھا ہے کہ مسلم شریف کی حدیث مرفوع سے بھی یہی ثابت ہے حضرت ابن عباسؓ بھی اسی پر مطمئن ہیں۔ مسلم کی حدیث ہے رَبِّیْ بِعَیْنِیْ وَبِقَلْبِیْ میں نے اپنے رب کو اپنی آنکھ اور اپنے دِل سے دیکھا۔ حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ محمد ﷺ نے شب معراج اپنے رب کو دیکھا، حضرت امام احمدؒ نے فرمایا میں حدیث ابن عباسؓ کا قائل ہوں حضور ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا' اس کو دیکھا' اس کو دیکھا' امام صاحب یہ فرماتے ہی رہے یہاں تک کہ سانس ختم ہو گیا اور ابن عباسؓ سے یہ بھی مروی ہے کہ حضور ﷺ نے اپنے رب کو اپنے دل سے دو بار دیکھا اور یہ بھی مروی ہے آنکھ سے بھی حضور ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا۔

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰیo لا مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَ مَا غَوٰیo ج

پیارے چمکتے ستارے محمد ﷺ کی قسم جب معراج سے اترے، تمہارے صاحب نہ بہکے نہ بے راہ چلے۔

Marfat.com

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝

وہ کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتے۔ وہ تو نہیں مگر وحی جو انہیں کی جاتی ہے۔

عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۝ ذُوْ مِرَّةٍ ۭ فَاسْتَوٰى ۝

ہمیں سکھایا سخت طاقت والے طاقتور نے۔ پھر اس جلوہ نے قصد فرمایا۔

وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ۝ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝

اور وہ آسمان بریں کے سب سے بلند کنارہ پر تھا۔ پھر وہ جلوہ قریب ہوا پھر خوب اتر آیا۔

فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۝ فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ۝

تو اس جلوے اور اس محبوب ﷺ میں دو ہاتھ کا فاصلہ رہا بلکہ اس سے بھی کم اب وحی فرمائی اپنے بندے کو جو وحی کی۔

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ۝ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ۝

دل نے جھوٹ نہ کہا جو دیکھا۔ تو کیا تم ان سے ان کے دیکھے ہوئے پر جھگڑتے ہو۔

وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۝ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝

اور انہوں نے تو وہ جلوہ دوبارہ دیکھا۔ سدرۃ المنتہیٰ کے پاس۔

عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ۝ اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۝

اس کے پاس جنت الماویٰ ہے۔ جب سدرہ پر چھا رہا تھا وہ چھا رہا تھا۔

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ۝ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ۝

آنکھ نہ کسی طرف پھری نہ حد سے بڑی۔ بے شک اپنے رب کی بہت بڑی نشانیاں دیکھیں۔

(سورۃ النجم۔ رکوع ۱)

دیوے گواہی نبی ﷺ دی اللہ ذکر قرآنوں آیا — پیارے محمد ﷺ دی قسم مینوں جدوں نبیؐ معراجوں آیا
راہوں کراہ نہ چلیا صاحب نہ اس نے غلط بتایا — خواہش اپنی نال اوہ گل وی نئیں کردا اللہ حکم فرمایا
ہووے وحی جو اس دے تائیں اوہی بول سناوے — جو سکھایا اس طاقت والے اوہی تساں سکھاوے

Marfat.com

کیوں جھگڑو تسیں نال نبی ﷺ دے جو دیکھا اس بتایا اوہناں نے تے. ایہہ جلوہ دوجی واری پایا
سدرۃ المنتہیٰ تے جنت ماویٰ کولوں کولے جد جلوہ اس پر چھایا آنکھ نہ پھری نہ ہی حدوں ودھی اللہ پاک فرمایا

حضور ﷺ کا واقعہ معراج بیان کرنا اور یہودی کا مسلمان ہونا

فجر ویلا وقت نماز ہویا آقا ﷺ بعد از نماز فرمان لگے
ابوبکرؓ تے ہور صحابیاں نوں حال معراج دا کرن بیان لگے
صَدَقْتَ یارسول ﷺ اللہ ابوبکرؓ کہیا جتھوں لقب صدیق سدان لگے
کیہاں ہور وی سُن ایمان آندا آقا ﷺ حق سچ فرمان لگے
راہ گزر یہودی حال معراج دا سنیا دتی جھوٹ دی تہمت لا جلدی
اوسے ویلے پھر وَل بازار آیا سودا مچھی دا لیا کرا جلدی
کہیا بیوی نوں بھکھ بے تاب کیتا پھڑ مچھی تے خوب بنا جلدی
حال معراج وی بیوی نوں دسیو سو نالے کہیا ایمان نہ لا جلدی
جھب مچھی دے بھن کباب بیگم وچ چلہے دے اَگ مچا جلدی
مرچ مصالحے دی رہے نہ کمی کوئی دیویں اس دی چھاہن گوا جلدی
کم اسنوں توں پہلے کر نیڑے کسے ہور نوں ہتھ نہ لا جلدی
عاجزؔ کہیا یہودی میں نہا آواں کِتے کلی نہ جائیں توں کھا جلدی
خوشی نال یہودی نے دوڑ لائی گیا پہنچ اتے دریا جلدی
کپڑے لا کے کنڈے تے رکھ دتے دتی شوہ وچ چھال لگا جلدی
غوطہ پانی دے وچ صرف اک لایا جدوں ویکھیا سر اٹھا جلدی
یہودی مرد توں رَن ٹیار بنیا عاجزؔ اگلی گل سنا جلدی

Marfat.com

عورت بن کے کنڈے تے آ بیٹھی ستر پتراں نال چھپا جلدی
اک یہودی نے کپڑا آ دِتا اسوار گھوڑے تے دِتی کرا جلدی
اتے گھوڑے دے اس سوار کیتی لیا پنڈ دا رُخ کرا جلدی
سُوہا جوڑا آ گھر پہنا دتا عاجزؔ ساڑی وی دتی لوا جلدی
گانا بنھ کے دُلہن بنا دتی اتے کڑتل دے پلنگ بٹھا جلدی
ویاہ یہودن دا جدوں ہون لگا سارے سوہرے وی بیٹھے آ جلدی
میل منڈل تے لاگی وی جمع ہوئے نالے پادری لئے بلا جلدی
عاجزؔ دوہاں دا اوہناں نکاح کیتا بیٹھی آپ پکا کے کھا جلدی
ست سال وسّی بچے تن جمیں گل پہلی گئی بھلا جلدی
اک دن دریا تے نہان کارن نال سہیلیاں کیتی صلاح جلدی
کپڑے لاہ کے کنڈے تے رکھ دتے دتی چھال دریا وچ لا جلدی
ٹُبی لا عاجزؔ جدوں باہر آئی رب دتا بندہ بنا جلدی
شکر کیتا عذاب توں جان چھٹی اٹھی ول لباس نگاہ جلدی
کجھ ستر پہنے باقی موہڈیاں تے جُتی ہتھ وچ لئی لٹکا جلدی
لائی دوڑ تے پچھوں نہ پرت ڈٹھا آیا گھر نوں وانگ ہوا جلدی
ڈگا اَڑ کے نال دلیج ہوسی عاجزؔ اگلی گل سنا جلدی
الٹا عورت تے رعب اوہ پان لگا نئیں کم وچ توں اپنائی جلدی
مینوں دس توں کہڑے کم رُجھی کہڑی کیتی آ دس کمائی جلدی
نہیں صبح دی کوئی میں چیز کھادی وچ پیٹ دے بھکھ مچائی جلدی
عورت سُن کے عاجزؔ حیران ہوئی اصل گل نئیں ایس سنائی جلدی

Marfat.com

ایویں جھوٹھیا دابے لاونا ایں کدوں آیا ایں دریا تے نہا کے توں
اک پل وچ توں تے پرت آیا ایں کِتوں بوٹی دا نشہ چڑھا کے توں
اجے اَگ نئیں اوہ بل بجھی جہڑی چُلہے گیا بلوا کے توں
اجے مچھی اوہ عاجزؔ تڑپ دی آ جہڑی گیا سیں کول وگا کے توں
نئیں مرچ مصالحے نوں ہتھ لایا جہڑی گیا سیں گل سمجھا کے توں
لون مرچ دے ول وی نئیں ہوئی کتھوں پرت آیا ایں ہتھ لا کے توں
اوہ ہی چھری تے گھنڈا ہتھ میرے جہڑی گیا سیں آپ پھڑا کے توں
عاجزؔ خوب زنانی نے کھنپ ٹھپی کیوں نئیں مندا ویکھ ویکھا کے توں

جب عورت نے یہ الفاظ بولے تو اس کے دِل میں یہ شبہ پڑ گیا کہ شاید میرا عورت بن کر رہنا وغیرہ کسی نے اسے بتا دیا ہے۔ حالانکہ عورت اس معاملے سے بے علم تھی وہ تو اپنے کام کے بارے اس سے بات کر رہی تھی۔ لہٰذا پھر بولا:

جدوں اینی یہودی دے نال ہوئی گل کھول کے اُس سُنا دتی
بنیاں عورت تے بچے میں تن جمیں سَت سال میں عمر لنگا دتی
قسماں کھا کھا بیتیا حال دسّے تسلی عورت نوں خوب کرا دتی
عاجزؔ نبی ﷺ نہ کدیں ویں جھوٹھ بولے گل عورت نے خانے وچ پا دتی
آقا ﷺ اجے معراج پئے دسدے سن یہودی جا سلام سئون لگا
یہودی کول سرکار ﷺ دے جا ڈگا قدم چُم حضور ﷺ دے رون لگا
دفتر بدیاں دا نال ہنجواں دے دھو دھو کے صاف کرَون لگا
کرو معاف گناہ تقصیر آقا ﷺ عاجزؔ رو رو عرض سئون لگا
کولوں ہور صحابیاں عرض کیتی آقا ﷺ اس نے کیہہ گناہ کیتا
یہودی کہیا سنوں مَیں دسنا واں گل سنا کے اس آگاہ کیتا

Marfat.com

یہودی جوڑ کے ہتھ فریاد کیتی مَیں تے بڑا ای لیا پا کیتا
عاجزؔ مَیں جھوٹا نبی ﷺ سچ بولے جس عرش تے جا معراج کیتا
نظرِ کرم حضور پرنور ﷺ کیتی اُس یہودی تے رحم فرما دتا
نبی پاک ﷺ نے اس نوں معاف کیتا نالے کلمہ پاک پڑھا دتا
عشق نال یہودی پھر پڑھے کلمہ کفر شرک نوں دِلوں اڑا دتا
اللہ پاک ہے قادر کریم سوہنا عاجزؔ واقعہ ختم کرا دتا

شیطان لعین کا سجدہ سے انکار کرنا

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ط قَالَءَ اَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ۝ قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِىْ كَرَّمْتَ عَلَىَّ ز لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ۝ (سورۃ البنی اسرائیل۔رکوع ۷)

ترجمہ: یاد کر جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدمؑ کو سجدہ کرو اور ان سب نے سجدہ کیا سوا ابلیس کے بولا کیا مَیں اسے سجدہ کروں جسے تو نے مٹی سے بنایا۔ بولا دیکھ جو یہ تو نے مجھ سے معزز رکھا اگر تو نے مجھے قیامت تک مہلت دی تو ضرور مَیں اسکی اولاد کو پیس ڈالوں گا مگر تھوڑا۔ فرمایا دور ہو تو ان میں جو تیری پیروی کرے گا تو بے شک سب کا بدلہ جہنم ہے بھرپور سزا۔

یاد کر توں اے محبوب ﷺ جدوں حکم ملکاں نوں آیا کرو سجدہ تسیں آدمؑ تائیں حکم خدا فرمایا
سب ملکاں نے سجدہ کیتا ابلیس انکار سنایا کیکر مَیں اس نوں سجدہ کر ساں جو مٹیوں تو بنایا

بولا دیکھ۔تو۔ جو یہ تو نے معزز رکھا اگر تو نے مجھے قیامت تک مہلت دی تو مَیں اس کی اولاد کو پیس ڈالوں گا، مگر تھوڑا

Marfat.com

جو کوئی تیری پیروی کر سی اللہ حکم فرماوے اس گل اندر شک نہ کوئی اوہ وچ جہنم جاوے

بلا وجہ کرے نقصان جہڑا دوزخ دا اوہ مہمان نہ ہووے تے کون ہووے

جان بجھ کے کرے فساد جہڑا جے اوہ چیلا شیطان نہ ہووے تے کون ہووے

جو فیصلے وچ نہ نبی ﷺ نوں جج منّے بے ایمان نہ ہووے تے کون ہووے

عاجزؔ جو کوئی اس وچ شک جانے اوہ منکر قرآن نہ ہووے تے کون ہووے

کیہہ اس زمانے دی گل کریئے کسب نویں تو نویں کمان لگے

زریں زیور پہنا کے ٹھاکراں نوں رکھ وچ دُکان سجان لگے

لگے ہون دور اسلام کولوں بھانڈے وچ عیسائیاں دے کھان لگے

جس گل توں نبی ﷺ نے منع کیتا عاجزؔ اوہ ہی کسب کمان لگے

پئے ایثار زمانے دے نظر آون راہ چھڈ کراہ نوں جا رہے نے

بہتے گان وجان دا شوق رکھن نالے بالاں نوں سبق سکھا رہے نے

ٹی‘وی ڈِشاں تے وی‘سی‘آر ویکھن اہل خانہ نوں خود وکھا رہے نے

تھیٹر سینمیں جا کے خوب ویکھن عاجزؔ دور اسلام توں جا رہے نے

ماں باپ اُستاد دے عاق جہڑے کیہہ اوہناں کھٹنا وٹناں ایں

حق حقیاں دا جنہاں کھو کھادا نفع اوہناں نوں کوئی نہ لبھنا ایں

پیر مُرشد دے جو بے ادب ہوون اوہناں کیہہ مراد نوں لبھنا ایں

عاجزؔ نبی ﷺ نال جنہاں اجوڑ کیتی رب اوہناں نوں دوزخ وچ دھکنا ایں

شرم حیا دا نبی ﷺ نے حکم دتا ذرا اکھاں نوں تھلے نوا میاں

چھڈ جھوٹھ حرام تے دغہ بازی پاسے رب والے توں آ میاں

Marfat.com

ماں باپ تے مرشد دی کر سیوا ادب سب دا توں اپنا میاں
عاجزؔ پاک رسول ﷺ دا بول کلمہ درود سوہنےؐ دے اُتے پہنچا میاں
رہ رب رسول ﷺ دی یاد اندر نال دم دم وِرد پکا میاں
چھڈ فخر تکبر بدکاریاں نوں اس مَیں نوں دے دفنا میاں
سدا نئیں جہان تے بیٹھ رہنا گریبان اندر جھاتی پا میاں
نیت نیک ہووے دن بھلے ہوندے عاجزؔ گل توں بھاویں آزما میاں
ہور ساز توں سُن کے کیہہ کرنے ویکھ اپنا ساز وجا کے تے
بولے رب رسول ﷺ دی یاد اندر ہتھ مرشدؒ دا سر رکھا کے تے
کدو ڈنڈے نے کسے نوں کیہہ دینا ویکھ رب نال تار ملا کے تے
کلمہ پاک محمد ﷺ دا بول عاجزؔ غلامی وچ رسول ﷺ دی آ کے تے
سب تعریفاں رب دے کارن تے مَیں درود حضور ﷺ پہنچاواں
چم چم خاک قدماں دی تیری تے مَیں سرمہ اکھاں وچ پاواں
بال چراغ عشق میرے دا تے مَیں دم دم ذکر پکاواں
سُن فریاد عاجزؔ دی مولیٰ مَیں نہ دید بنا مر جاواں

حکمِ خدا برائے نماز، تلاوت وتہجد

اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ اِلٰی غَسَقِ الَّیْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ط اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْھُوْدًا o وَ مِنَ الَّیْلِ فَتَھَجَّدْ بِہٖ نَافِلَۃً لَّکَ ق عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا o

(سورۃ البنی اسرائیل۔ رکوع ۹)

Marfat.com

ترجمہ: نماز قائم رکھو سورج ڈھلنے سے رات کی اندھیری تک اور صبح کا قرآن۔ بے شک صبح کے قرآن میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور رات کے کچھ حصہ میں یہ خاص تمہارے لیے زیادہ ہے قریب ہے کہ تمہیں تمہارا رب ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمہاری تعریف کریں۔

قائم رکھ نماز محبوباﷺ حکم خدا فرماوے سورج ڈھلے توں شروع کرا کے شب اندھیرا جد آوے
اک صبح وقت مقرر ہویا فرشتے اس وچ آون نماز تہجد خاص نبیﷺ دے کارن حکم اللہ فرماون
زیادہ بہتر ایہہ تیرے کارن حکم نبیﷺ نوں آوے اوہ مقام رب تساں نوں دیسی تیری ہر کوئی نعت الاوے
پنج نمازاں فرض اُمت اتے تہجد نبیﷺ دے کارن اُمت کارن سنت بن گئی نیکوکار گزارن

مسئلہ: جو شخص نمازِ تہجد کا عادی ہو اس کے لیے تہجد ترک کرنا مکروہ ہے۔ نماز تہجد کی کم سے کم دو رکعت متوسط چار اور زیادہ آٹھ ہیں اور دو رکعت کی نیت سے پڑھنا سنت ہے۔

مقام محمود: مقام شفاعت ہے اس میں اوّلیں اور آخریں حضورﷺ کی حمد کریں گے اسی پر جمہور ہیں۔

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ط اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ○ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ لا وَ لَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ○

ترجمہ: اور فرماؤ کہ حق آیا اور باطل مٹ گیا بے شک باطل کو مٹنا ہی تھا اور ہم قرآن میں اتارتے ہیں وہ چیز جو ایمان والوں کے لیے شفا اور رحمت ہے اور اس سے ظالموں کو نقصان ہی بڑھتا ہے۔

تم فرماؤ اے محبوباﷺ حق آیا تے باطل مٹیا اللہ حکم فرمایا باطل نے تے مٹنا ہے سی ایوی نال بتایا
اتاراں اوہ چیز قرآن دے اندر اہل ایماناں کارن ظالماں دا نقصان ودھاوے بھلائی مومناں کارن

وَ يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ط قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّىْ وَ مَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ○

ترجمہ: اور تم سے روح کو پوچھتے ہیں تم فرماؤ روح میرے رب کے حکم سے ایک چیز ہے اور تمہیں علم نہ مگر تھوڑا۔

اے محبوباﷺ روح دے بارے جد کوئی پچھن آوے کہہ روح اک چیز ہے حکم الٰہی اللہ خود فرماوے

Marfat.com

دوبارہ اٹھنے کا ثبوت اور شک کرنیوالوں کی سزا

قُلْ لَّوْ كَانَ فِى الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلاً ○ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۢ بَيْنِىْ وَبَيْنَكُمْ ط اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢ بَصِيْرًا ○ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ لْمُهْتَدِ ج وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ط وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّ بُكْمًا وَّ صُمًّا ط مَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ ط كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ○ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّ رُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ○ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ط فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ○ (سورۃ البنی اسرائیل۔رکوع ۱۱)

ترجمہ : تم فرماؤ اگر زمین میں فرشتے ہوتے چین سے چلتے تو ان پر ہم رسول بھی فرشتہ اُتارتے، تم فرماؤ اللہ بس ہے گواہ میرے تمہارے درمیان۔ بے شک وہ اپنے بندوں کو جانتا ہے اور جسے اللہ راہ دے وہی راہ پر ہے اور جسے گمراہ کرے تو ان کے لیے اس کے سوا کوئی حمایت والے نہ پاؤ گے اور ہم ان کو قیامت کے دن ان کے منہ کے بل اٹھائیں گے اندھے اور گھونگے اور بہرے ان کا ٹھکانہ جہنم ہے جب کبھی بجھنے پر آئے گی ہم اسے اور بھڑکا دیں گے یہ ان کی سزا ہے اس پر کہ انہوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں (یعنی انکار کیا) اور بولے کیا جب ہم کی ہڈیاں ریزہ ریزہ ہو جائیں گی تو کیا سچ مچ ہم نئے بن کر اٹھائے جائیں گے اور کیا وہ نہیں دیکھتے کہ وہ اللہ جس نے زمین و آسمان بنائے ان لوگوں کی مثل بنا سکتا ہے اور اس نے اس دن کے لیے ایک معاد ٹھہرا رکھی ہے جس میں کچھ شبہ نہیں تو ظالم نہیں مانتے ناشکری کیے۔

فرشتے اگر زمین تے ہوندے تے نال آرام دے چلدے — خداوند باری پھر اوہناں اتے رسول فرشتہ گھلدے
تم فرماؤ اے محبوب ﷺ رب گواہ ہو جاوے — جانے رب اپنے بندیاں تائیں اس وچ شک نہ آوے
کسے نوں رب راہ وکھاوے کسے نوں کرے گمراہ — باجھ حمایت رب دی عاجز ہور نئیں چلنی واہ

Marfat.com

روز قیامت رب اٹھاسی منہ اُتاں نوں کر کے انھے گنگے بہرے کرکے سٹے دوزخ وچ پھڑ کے
جدوں دوزخ بجھن تے آوے رب اسنوں بھڑکاوے جنہاں انکار آیتاں دا کیتا اوہ سزا ایہہ پاوے
ریزہ ریزہ جدوں ہڈیاں ہوئیاں رب کیکر بنا اٹھاوے گلاں کرن ایہہ منکر سارے اللہ پاک سمجھاوے
کیوں تساں نوں دسدا نائیں جس زمیں آسماں بنائے کیہہ مشکل اے اُسدے اگے کہ دوبارہ تساں بنائے
رکھی معاد رب ایہناں دے کارن اس وچ شک نہ کائی پر مندے نئیں ایہ ظالم لوکیں ناشکری جنہاں اپنائی

نہسی ول پردیس دے منہ کردا پہلوں کرا کے پاس ایہ کیس آیا
سد لئیں توں واپس خداوندا مہر لوا کے نال سلیش آیا
ہن وطن حقیقی نوں بھل بیٹھا کھورے پسند کی جگ دا بھیس آیا
عاجزؔ چھڈ پردیس نوں دیس ٹر گئے بھاویں بن کوئی نبیؑ، درویش آیا
کھٹی کھٹنے وچ پردیس آئیوں کیہہ جا کے دیس وکھائیں گا توں
خرچہ وچ پردیس جہڑا دے تینوں کیہہ جا کے منہ وکھائیں گا توں
جدوں مالک سد حساب کیتا کیہہ آمدن پیش ٹکائیں گا توں
اطاعت رب رسول ﷺ دی کر عاجزؔ ورنہ وچ دوزخ ٹر جائیں گا توں

واقعہ اصحاب کہف

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ط اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ق صلے o وَّ
رَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ
دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا o هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ط لَوْ لَا
يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍ م بَيِّنٍ ط فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا o ط وَاِذِ اعْتَزَ

Marfat.com

لُتُمُوْ هُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَ يُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ○ (سورۃ کھف، رکوع ۲)

ترجمہ : ہم ان کا ٹھیک ٹھیک حال تم کو سنائیں وہ کچھ جوان تھے کہ اپنے رب پر ایمان لائے اور ہم نے ان کو ہدایت بڑھائی اور ہم نے ان کی ڈھارس بندھائی جب کھڑے ہو کر بولے کہ ہمارا رب وہ ہے جو آسمان اور زمین کا رب ہے ہم اس کے سوا کسی کو معبود نہ پوجیں گے ایسا ہو تو ہم نے ضرور حد سے گزری ہوئی بات کہی یہ جو ہماری قوم ہے اس نے اللہ کے سوا اور خدا بنا رکھے ہیں کیوں نہیں لاتے ان پر کوئی روشن سند تو اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ باندھے، اور جب تم ان سے اور جو کچھ وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں سب سے الگ ہو جاؤ تو غار میں پناہ لو تمہارا رب تمہارے لیے اپنی رحمت پھیلائے گا اور تمہارے کام میں آسانی کے سامان بنا دے گا۔

ٹھیک حال توں سُن محبوب ﷺ چند جوان ایہ آہے — دتی ہدایت تیرے رب نے وچ ایمان دے آئے
دلیری دتی ایناں دے تائیں پھر ایناں بول سنایا — ساڈا رب تے اوہ ہے لوکو جس زمین آسمان بنایا
ہور نئیں کسے دی پوجا کرنی بن مالک زمیں آساناں — اللہ واحد معبود ہے اساں دا نئیں حد توں اگے جانا
دے ثبوت کوئی یا الٰہی جوان دُعا الاون — بن اللہ اک ذات تیری دے کئی معبود بناون
اس توں ودھ ہور ظالم کہڑا جو رب تے جھوٹ بناوے — اللہ واحد غالب اکبر حکم خدا سناوے
ہو الگ تسیں ایناں کولوں وچ غار دے جاؤ — آسانی ہوسی تساں دے کارن رحمت رب توں پاؤ

حضرت عیسیٰؑ کے بعد اہل انجیل کی حالت خراب ہوگئی بت پرستی میں مبتلا ہو گئے اور دوسروں کو اس عمل پر مجبور کرنے لگے۔

دقیانوس بادشاہ جابر بت پرستی سی کردا — جو کوئی اس دا حکم نہ منداقتل چا اس نوں کردا
اصحاب کہف شہر افسوس دے بندے ہے سن چند جوان — شریف معزز نیک وی ہے سن رب تے رکھن ایمان
کرو عبادت واحد خدا دی جو مالک زمین آساناں — بت پرستی اساں کرنی نہجے بھاویں سارا کہے زمانہ
بت پوجا اوہ کر دے نہسن دقیانوس ستایا — ٹر گئے اوہ اک غار دے اندر جویں حکم قرآنوں آیا
سوں گئے اوہ وچ غار دے جا کے پتہ نہ کسے وی پایا — لبھدیاں لبھدیاں مدت گزری کسے شاہ نوں پتہ چلایا
اوہ ٹر گئے غار دے اندر جتھے کوئی نہ جاوے — جو کوئی جاوے حملہ کارن اپنی جاون گواوے

Marfat.com

دقیانوس نے حکم سنایا منہ غار دا بند کراؤ آپے مر سن اس دے اندر مضبوط دیوار بناؤ
دقیانوس نے جس بندے دی ڈیوٹی اس جاہ لائی اس نے اک پتھر لے کے تختی خوب بنائی
لکھے نام اصحاب کہف دے واقعہ درج کرایا اک صندوق تانبے دے اندر تختی نوں بند کرایا
جدوں بنیاد دیوار دی رکھی وچ تختی نسب کرائی نالے اس نے اس شکل دی اک ہور تیار کرائی
اس تے ناں اصحاب دے لکھے واقعہ درج کرایا اس تختی نوں وچ شاہی خانے جا محفوظ کرایا
دقیانوس جدوں مریا ظالم کئی شاہیاں پھر آئیاں واری واری پھر گیاں آ کے آپ و آپ نباہیاں
تن سو نو سال جد گزرے حاکم نیک اک آیا بیدروس اسد اسم گرامی جس آ کے حکم کمایا
اٹھاٹھ سال حکومت اس وی کیتی جد فرقہ بندی ہوئی بعضے کہن مرن توں بعد اٹھنا نہجے کوئی
کمرے اندر داخل ہو کے شاہ نے کنڈی لائی رو رو اس خدا دے اگے اپنی عرض سنائی
دہ ثبوت خداوند باری روز قیامت بارے کوئی نئیں منداامردے اٹھ سن پئے ہوندے منکر سارے
اک شخص نے بکریاں کارن غار محفوظ ٹھہرائی کجھ دیوار گرائی جس دم ہیبت اس نے پائی
ڈر کے نس گئے گھرانوں سارے واپس پھر نہ آئے جویں وچ تفسیر دے لکھیا عاجز بات سنائے
اصحاب کہف اٹھے سارے جدوں حکم الٰہی آیا اک دوجے نوں ملے اوہ سارے سلام ویں نال بلایا
خوش طبیعت سب جوان چہرے لُس لُس کر دے ملن توں بعد فارغ ہوئے نماز ادا پھر کر دے

وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًاوَّ هُمْ رُقُوْدٌ ۚ وَّ نُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۚ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِا الْوَصِيْدِ ط لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّ لَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا o

(سورۃ کہف، رکوع ۳)

ترجمہ: قال تعالیٰ: اور وہ سوتے ہیں اور ہم ان کی داہنی باہنی کروٹیں بدلتے ہیں اور ان کا کتا اپنی کلائیاں پھیلائے ہے غار کی چوکھٹ پر۔ اے سننے والے اگر تو ان کو جھانک کر دیکھے تو ان سے پیٹھ پھیر کر بھاگے اور ان سے ہیبت میں بھر جائے۔

وَ كَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ o

ترجمہ: اور یونہی ہم نے ان کو جگایا کہ آپس میں ایک دوسرے سے احوال پوچھیں۔

Marfat.com

فرمان الٰہی:

اصحاب کہف سنے تے رب پاسے پرتے کدی سجے تے کھبے
کتا اوہناں دا کلائیاں وچھا کے بیٹھا غار دے اگے

اے سننے والے جے توں جا کے اس جاہ جھاتی پاویں
دے کے کنڈ پھر واپس دوڑیں نال ہیبت بھر جاویں

بھیجیا اوہناں یملیخا تائیں نماز توں فارغ ہو کے
کھانا لیا بازاروں جا کے ہن نہ ویکھ کھلو کے

جائزہ کر حالات دا سارا آ کے پھر بتا
دقیانوس دا کیہہ ارادہ ایوی خبر لیا

یملیخا گیا وَل شہر دروازے کیتا اس اندازہ
نوا نقشہ شہر دا سارا تے نوا لگا دروازہ

نویں نرالے لوگ ایہ سارے نویں ایناں دے چالے
واقف بندہ کوئی نظر نئیں آوَندا نہ ڈٹھے ایہہ نہ بھالے

حضرت عیسیٰؑ دیاں قسماں کھاون ایمان ظاہر کراون
دین دیاں کجھ صفتاں نظر اوہناں وچ آون

پھر یملیخا کھانے بابت ارادہ جلد کرایا
اک سکہ اس نان فروش نوں ہتھ دے وچ پھڑایا

سکہ ویکھ ناناں والا وچ حیرانی آیا
ایہہ سکہ ساڈے ملک دا نائیں اس کوئی شاہی خزانہ پایا

یملیخا نوں اس پیش جا کیتا حاکم دے دربارے
عاجز راز ہُن کھلن لگے ویکھ خدا دے کارے

حاکم کہیا یملیخا تائیں دس توں یار سیانا
سنہ موجود اس سِکے دے اُتے تن سو سال پرانا

اساں بڈھیاں ایہہ ڈٹھا نائیں تو جوان ستھرانا
کتھوں ایہ ہتھ لگا تیرے جلدی بول سنانا

یملیخا کہیا مینوں پہلے دسو دقیانوس شاہ دے بارے
کیہہ اس دا حال احوالہ کیہہ اس دے کارے

حاکم کہیا اج روئے زمین تے دقیانوس نہ کوئی
تِن سو سال پہلے اس جاہ حکومت اس دی ہوئی

ظالم منکر ہے سی بت پرستی کر دا
جو نہ اس دا کہنا منداقتل چا اس نوں کر دا

یملیخا کہیا اسیں اس توں نسّے کل غار اندر جا ستّے
اج مَیں آیا کھانے بابت پیٹوں ہے ساں بھکھے

ساتھی میرے غار دے اندر چلو میں وکھاواں
مَینوں سب اڈیکدے ہوسن کھانا جا پہنچاواں

کافی لوگ اُت ول ٹر پئے حاکم آیا نالے
چلدے چلدے غار دے منہ تے پہنچے آ کے سارے

سنی آہٹ یراں دی جس دم اصحاباں اندازہ لایا
دقیانوس یملیخا نوں پھڑیا ہن ساڈا وارا آیا

یملیخا گیا غار دے اندر اس نے جا سمجھایا
تن سو سال اساں سوں گزارے جویں حکم ربانا آیا

اللہ ثبوت قیامت دا دتا لوکاں نوں سمجھایا
ایویں مردے مَیں زندہ کر ساں رب معجزہ آپ وکھایا

گرائی دیوار ساری حاکم صندوق وی اس نے پایا
کھول صندوق نوں تختی کڈھی اس نوں پڑھ سنایا

Marfat.com

دقیانوس توں ایہ بندے نسّے ایمان بچاون کارن　　غار دا منہ اس بند کرایا خاطر مار مکاون کارن
سنہ ثبوت وی لکھیا ہویا تن سو نو سال پرانا　　دقیانوس اک ظالم ہویا رب ولّوں جو کانا(منکر)
تختی اصحاباں تے شاہد ہوئی ہر کوئی یقین لیایا　　کتا وی نال اوہناں دا ہے سی رب نے خود بتلایا
حاکم اطلاع بیدروس نوں کیتی معاملہ لکھ بتایا　　سجدہ شکر بیدروس نے کیتا تے ساتھی لے کے آیا
ملیا آن اصحاب کہف نوں مَن دا مقصد پایا　　اصحاب کہف معانقہ کیتا جویں وچ تفسیر دے آیا
وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اصحاب فرمایا　　سپرد خدا پھر کہیا اوہناں نے جملہ دُعا الایا
بچائے جن و بشر دے شر توں حفاظت کرے تمہاری　　رکھے ملک محفوظ تساں دا آپ خداوند باری
بادشاہ اس جاہ اجے کھلوتا اصحاب غار وَل آئے　　ہوئے مصروف خواب دے اندر وقت اجل دے آئے

بتایا گیا ہے کہ بادشاہ نے ان کو صندوق میں محفوظ کیا اور اللہ تعالیٰ نے ان کی حفاظت کی کسی کی مجال نہیں کہ وہاں کوئی پہنچ سکے۔ بادشاہ نے سرِ غار مسجد بنانے کا حکم دیا اور سرور کا دن مقرر کیا کہ لوگ ہر سال وہاں عید کی طرح آیا کریں پھر بادشاہ نے واپس جا کر وہ تختی نکالی جو شاہی خانے میں محفوظ تھی جو کہ پہلی تختی کی تحریر کے عین مطابق تھی جس سے لوگوں کے ایمان میں پختگی پیدا ہوئی۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِفَتٰہُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓی اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَیْنِ اَوْ اَمْضِیَ حُقُبًا o فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَیْنِھِمَا نَسِیَا حُوْتَھُمَا فَاتَّخَذَ سَبِیْلَہٗ فِی الْبَحْرِ سَرَبًا o فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰہُ اٰتِنَا غَدَآءَ نَا ز لَقَدْ لَقِیْنَا مِنْ سَفَرِنَا ھٰذَا نَصَبًا o قَالَ اَرَءَیْتَ اِذْ اَوَیْنَآ اِلَی الصَّخْرَۃِ فَاِنِّیْ نَسِیْتُ الْحُوْتَ ز وَمَآ اَنْسٰنِیْہُ اِلَّا الشَّیْطٰنُ اَنْ اَذْکُرَہٗ ج وَاتَّخَذَ سَبِیْلَہٗ فِی الْبَحْرِ ط عَجَبًا o قَالَ ذٰلِکَ مَا کُنَّا نَبْغِ ط فَارْتَدَّا عَلٰٓی اٰثَارِھِمَا قَصَصًا o فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَیْنٰہُ رَحْمَۃً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰہُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا o

Marfat.com

(سورۃ کہف۔رکوع ۹)

ترجمہ: اور یاد کرو جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنے خادم سے کہا میں باز نہ رہوں گا جب تک وہاں نہ پہنچوں گا جہاں دو سمندر ملتے ہیں یا قبرنوں چلا جاؤں۔ پھر جب وہ دونوں دریاؤں کے ملنے کی جگہ پر پہنچے اپنی مچھلی بھول گئے اس نے سمندر میں اپنی راہ لی سرنگ بنائی پھر جب وہاں سے گزر گئے۔ موسیٰ علیہ السلام نے نوکر سے کہا ہمارا صبح کا کھانا لاؤ بے شک ہمیں اپنے سفر میں بڑی مشقت کا سامنا ہوا بولا بھلا دیکھئے تو جب ہم نے اس چٹان کے پاس جگہ لی تھی تو بے شک میں مچھلی کو بھول گیا اور مجھے شیطان ہی نے بھلا دیا کہ مَیں اس کا مذکور کرو اور اس نے تو سمندر میں اپنی راہ لی اچنبا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا یہی تو ہم چاہتے تھے تو پیچھے پلٹے اور قدموں کے نشان دیکھتے تو ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ پایا جسے ہم نے اپنے پاس سے رحمت دی اور اسے اپنا علم نورانی عطا کیا (یعنی غیوب کا علم مفسرین نے فرمایا علم لدنی وہ علم ہے جو آدمی کو بطریقہ الہام حاصل ہو)۔

بحر فارس اور بحر روم جانب مشرق میں اور مجمع البحرین وہ مقام ہے جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حضرت خضر علیہ السلام کی ملاقات کا وعدہ دیا گیا تھا اس لیے آپ نے وہاں پہنچنے کا عزم کیا، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وہاں جانے یعنی مجمع البحرین میں اور حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات کرنے کا سبب کچھ یوں ہے جیسا کہ تواریخ سے پتہ چلتا ہے۔ ایک دفعہ جبکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم بنی اسرائیل کو واعظ و نصیحت فرما رہے تھے تو ان کے منہ مبارک سے کچھ کلمات اس طرح کے نکلے کہ جن میں غرور پایا جاتا ہے۔ وہ یہ کہ جب انہوں نے اپنے علم کا اندازہ جو اللہ نے ان کو دے رکھا تھا تو انہوں نے کہا کہ اب میرے علم کے برابر کسی کو بھی اتنا علم نہیں دیا گیا اور مجھ سا عالم میں کون ہو سکتا ہے۔ لہٰذا مختصراً یہ کہ اللہ رب العزت نے اسی وقت ارشاد فرمایا کہ اے موسیٰؑ یہ بات مت کرو خبردار، میرے بندوں میں تجھ سے زیادہ علم ہے یہ نہ سوچنا کہ تجھ سا عالم میں اور کوئی نہیں۔ تم مجمع البحرین میں جاؤ اور وہاں حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات کرو میری طرف سے یہ معجزہ بھی ان کو دیا گیا ہے کہ زندہ کو مردہ کرتا ہے اور مردہ کو زندہ کرتا ہے جاؤ اس کی کرامات کا اندازہ کرو اور اس کے ذمہ بہت سے اور بھی کام لگائے گئے ہیں۔ چنانچہ آپؑ نے اپنے نفر جوان یوشع کو کہا:

موسیٰؑ کہیا یوشعؑ تائیں مَیں اس توں باز نہ آساں — جس جاہ دو سمندر ملدے اس جاہ ضروری جاساں
بھجی مچھی جو نمک لگا کے وچ زنبیل دے پائی — مجمع البحر جد پہنچے مچھی شوہ وچ چھال لگائی
ستیاں ہوئیاں مچھی نکلی اپنی سرنگ بنا کے — صبح بعد نماز پھر چل پئے یوشع زنبیل بھلا کے
راہ وِچ مچھی موسیٰ منگی جدوں بھکھ نے آن ستایا — یاد آیا پھر یوشع تائیں اس نے بول سنایا

Marfat.com

مچھی وچ سمندر ٹر۔گئی جتھے آرام فرمایا یاد نہ رہیا بتلانا مجھ کو شیطان نے آن بھلایا
فرمایا موسیٰؑ افسوس یہی تو ہم کو چاہئے تک نشان قدماں دے اپنے ہٹ کے اس جاہ جایئے
اک بندہ اپنے بندیاں وچوں اللہ حکم فرمایا ملایا حضرت موسیٰؑ تائیں جنہوں لدنی علم سکھایا

بعداز سلام اورادب وآداب وغیرہ کے

حضرت خضرؑ نوں موسیٰؑ کہیا مجھے اپنے ساتھ رکھاؤ جو تعلیم ملی تساں نوں مجھے بھی وہ سکھاؤ
رہ نئیں سکدے تسیں پاس ہمارے خضرؑ نے بول سنایا بات میری تے تساں صبر نئیں کرنا ایوی نال سمجھایا
موسیٰؑ کہیا جلدی حضرت صابر مجھ نوں پاسو کوئی نہ بات خلاف مَیں کرساں سو کرساں جوفرماسو
جے رہنا تساں پاس ہمارے حضرتؑ نے بول سنایا نئیں سوال کوئی مجھ تے کرنا جو میں کر وکھایا

جب تک میں خود نہ تم کو اس کے بارے بتلاؤں

دونوں دونویں چل پئے حضرتؑ وچ کشتی جا بیٹھے حضرت خضرؑ دو پھٹے چا پئے تے حضرت موسیٰؑ ویکھے
چپ نہ رہے حضرت موسیٰؑ خضرؑ نوں بول سنایا کیوں لگے اوہ بندے ڈوبن ایہ کیہہ کسب کمایا
کہیا خضرؑ نے موسیٰؑ تائیں اس توں میں سمجھایا پر ویکھ ذرا توں اپنے اندر صبر توں نئیں اپنایا
عقل میری نوں پکڑو نائیں نہ مشکل اندر پاؤ موسیٰؑ کہیا ایہ خضرؑ دے تائیں عاجزؔ اگلی گل سناؤ
استوں اگے پھر جد چلے اک لڑکے نوں اس پایا پھڑ کے حضرت اس لڑکے تائیں جانوں مار مکایا
موسیٰؑ کہیا خضرؑ دے تائیں ہن استوں کم ودھایا اچھا خاصہ ستھرا بچہ بے عذرہ مار مکایا
پھر کہیا خضرؑ موسیٰؑ نوں اب کیوں بات الائی پھر نیں استوں باز توں آیا پہلیوں ودھ سنائی
حضرت موسیٰؑ خضرؑ دے تائیں پھر ایہ کہہ سنایا ہرگز ہرگز اب نہ پوچھوں جدائی عہد کرایا
دونوں آئے اک پنڈ دے ولے کھانے بابت الایا کسے بندے نہ خدمت کیتی سب انکار کرایا
پنڈ دے وچ دیوار اک ایسی جو قریب گرن دے آہی خضرؑ نے جد تکیا اس نوں سدھی بنا وکھائی
موسیٰؑ کہیا ایہ کیہہ کارا جو آپ نے کر دکھایا کیوں نہ لی اس کی اُجرت جبکہ کھانا بھی نہیں کھلایا
کہیا خضرؑ نے موسیٰؑ تائیں تو سوال تو باز نہیں آیا لہٰذا آیا وقت جدائی جو آپ نے عہد کرایا
پہلی بات بتاواں تد نوں جو ناؤ دے تختے توڑے اس وقت مَیں آوَندے ڈٹھے ظالم ڈاکو چور اے
گئی ویکھ کے کھوہ لے جاندے عیبی سمجھ جو چھوڑے بڑا ظالم اوہ بادشاہ ہے سی عاجزؔ اگلی گل نوں ٹورے

Marfat.com

دوجی بات جو لڑکے والی جس نوں مار مکایا ماں باپ نوں اوہ منکر کردا کفر اس وچ نظر سی آیا
تیجی بات دیوار دی ہے جے جو وراثت دو یتیماں باپ دی ورثہ اس دے تھلے زریں زیور چھاپ نگینہ
وڈے ہو سن پھر اسنوں کڈ سن تاں دیوار بنائی جے اوہ گر دی خدا دے بندے پھول لیجاندا کائی
خوش رہو غرور نہ کرنا حاجت رب توں پاؤ وقت جدائی سر تے آیا اپنے راہ ول جاؤ

یہ کہہ کر حضرت خضر علیہ السلام غائب ہو گئے۔

معجزہ حضور پرنور سرورِ کونین ﷺ

اہل طائف نے معجزہ منگیا کارا لمبا نہ کریا رُکھ اُگے اس پتھر وچوں میوے دار جو پھلیا
سوہنے ﷺ اٹھایا قدم مبارک پتھر اُتے دھریا عاجزؔ فوراً ایسا ہی ہویا سب نے کلمہ پڑھیا

معجزہ حضور پرنور ﷺ

کچھ لوگوں نے یوں کہا یا حضرت ﷺ کھانا اگر ہو اپر تیار ہو تو ہم دین قبول کر لیں گے۔

مسلمان اسیں سارے ہوساں نہ عذر بہانہ کریئے آیئے دین اسلام دے اندر کلمہ تساں دا پڑھیئے
منگی دُعا سرور عالم ہوا تے کھانا پکیا سب نے کلمہ پڑھیا عاجزؔ کم اسلام دا پھبیا

رسول اکرم ﷺ سے دریافت کرنا احوال سکندر ذوالقرنین

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جب مکے کے کفار اور ابوجہل آپ جناب حضرت محمد ﷺ کی رسالت پر ایمان نہ لائے اور بطور شرارت بدذاتی کر کے حضور ﷺ کی پیغمبری آزمانے کیلئے ایک شخص کو مدینہ میں یہود علماء کے پاس بھیجا کہ ہمارے درمیان ایک شخص ہے جو دعویٰ نبوت کرتا ہے، ہم نہیں سمجھتے یہ شخص سچ کہتا ہے یا جھوٹ تم کو تو علم توریت خوب معلوم ہے۔ چنانچہ ہمارے لیے چند مسائل مشکل زمانہ قدیم کے جن کا وہ جواب نہ دے سکیں اپنی کتابوں سے چن چن کر ہمارے پاس لکھ کر بھیج دیں اور ان کے جواب بھی ہم کو بتاؤ تا کہ ہم ان سے وہ سوالات پوچھیں اور جواب نہ آنے پر ان کو اپنے قول و اقوال سے پھیر سکیں۔ چنانچہ انہوں نے ویسا ہی کیا بڑے بڑے مشکل سوال لکھ کر بھیجے اور آپ ﷺ نے بحکم خدا ان کے

Marfat.com

جواب درست فرمائے۔ مثلاً روح کیا ہے؟ اصحاب کہف کون لوگ ہیں ان کا کیا حال تھا؟ سکندر ذوالقرنین کون ہے؟ اور وہ ایسے ہی سوالات لاتے رہے اور آپ ﷺ بحکم خدا جواب درست فرماتے جن کے مقدر اچھے ہوتے وہ تو دین محمد ﷺ میں داخلہ حاصل کر لیتے باقی پھر اسی تلاش میں چلے رہتے۔

لہٰذا مَیں سکندر ذوالقرنین کے بارے میں کچھ پیش کرتا ہوں جیسا کہ قرآن مجید میں ارشاد ہوا ہے بلکہ اس سے قبل کہ واقعہ شروع کروں یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ جب ابوجہل نے حضور ﷺ سے سکندر ذوالقرنین کے بارے میں پوچھا تو آپؐ نے فرمایا اس کا جواب کل دوں گا اور یہ جملہ اس لیے فرمایا کہ کل حضرت جبرائیلؑ آئیں گے تو ان سے پوچھیں گے اور مکمل جواب دے دیں گے۔ لیکن یہ جملہ کہتے وقت آپ ﷺ نے انشاء اللہ نہ کہا اس لیے گیارہ دن تک حضور ﷺ کے پاس جبرائیلؑ تشریف نہ لائے۔ یہ دیکھ کر کافروں نے کہا کہ اے محمد ﷺ تیرے رب نے تم کو چھوڑ دیا جس سے آپ ﷺ بہت غمگین ہوئے اور بارگاہ الٰہی میں عرض کی یا الٰہی کافر مجھ کو طعنے دے رہے ہیں، مَیں ان کو کیسے جواب دوں۔ تو پھر اللہ تعالیٰ نے جمعہ کے دن ظہر کے وقت جبرائیلؑ کو نازل فرمایا اور جبرائیلؑ نے اللہ کی طرف سے درود و سلام پہنچایا حکم الٰہی یہ بھی بتایا کہ تم نہ کہو کسی کام کو مَیں کل کروں گا مگر یہ کہ چاہے اللہ تعالیٰ۔ اگر بھول جانے پر بعد میں یاد آئے تو پھر بھی انشاء اللہ کہو بے شک وقت گزر ہی کیوں نہ گیا ہو اور کافروں نے جو کہا کہ تم کو خدا نے چھوڑ دیا ہے وہ دُشمنی کی بناء پر کہتے تھے فرمایا اے محبوب ﷺ!

وَالضُّحٰی ۝ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۝ مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَ مَا قَلٰی ۝ (سورۃ الضحیٰ)

ترجمہ: قسم ہے دھوپ چڑھتے وقت کی اور رات کی جب چھا جاوے نہ رخصت کیا تیرے رب نے اور نہ بیزار ہوا تجھ سے۔

اُسوقت دی مینوں قسم محبوبؐ جدوں رات اندھیرا چھا جاوے نئیں چھڈیا مَیں سوہنیاؐ تینوں خود رب دی ذات فرماوے
نئیں بیزار مَیں تیرے کولوں تُد نوں حکم فرماواں قصہ ذوالقرنین دا پچھدے کہہ مَیں آؤ سناواں

وَیَسْئَلُوْنَکَ عَنْ ذِی الْقَرْنَیْنِ ط قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَیْکُمْ مِّنْهُ ذِکْرًا ۝ اِنَّا مَکَّنَّا لَهٗ فِی الْاَرْضِ وَاٰتَیْنٰهُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ سَبَبًا ۝ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ۝ حَتّٰٓی اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِیْ عَیْنٍ حَمِئَةٍ وَّ وَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ط قُلْنَا یٰذَا الْقَرْنَیْنِ اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَ اِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِیْهِمْ حُسْنًا ۝ قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ یُرَدُّ اِلٰی

Marfat.com

رَبِّهٖ فَیُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّکُرًا ۝ وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ نِ الْحُسْنٰی ج وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا یُسْرًا ط ۝ (سورۃ کہف۔رکوع ۱۱)

ترجمہ: اورتم سے ذوالقرنین کو پوچھتے ہیں تم فرماؤ مَیں تم کواس کا مذکور پڑھ کر سناتا ہوں۔بے شک ہم نے زمین میں اسے قابو دیا ہر چیز کا ایک سامان عطا فرمایا تو وہ ایک سامان کے پیچھے چلا یہاں تک کہ جب سورج ڈوبنے کی جگہ پہنچا اسے ایک سیاہ کیچڑ کے چشمہ میں ڈوبتا پایا اور وہاں ایک قوم ملی ہم نے فرمایا اے ذوالقرنین یا تو تُو ان کو سزا دے اور یا ان کے ساتھ بھلائی اختیار کر عرض کی کہ وہ جس نے ظلم کیا اسے تو ہم عنقریب سزا دیں گے۔پھر اپنے رب کی طرف پھیرا جائے گا اور جو ایمان لایا اور نیک کام کیا تو اس کا بدلہ بھلائی ہے اور عنقریب ہم اسے آسان کام کہیں گے۔

نَیں چھڈیا مَیں سوہنیاںؐ تینوں رَب قسم اٹھا بتاوے — قصہ ذوالقرنین دا پڑھ کے نبی ﷺ اللہ فرماوے
اک سامان ہر شے دا دتا زمین دا قبضہ نالے — چلیا اک سامان دے پچھے پہنچیا جگ کنارے
جا پہنچا جتھے سورج ڈُبدا جھاتی اس وَل پاوے — چشمے چکڑ وچ ڈُبدا ڈٹھا اللہ حکم فرماوے
دہ سزا توں ایناں تائیں یا بھلے دا حکم بتادے — ملی جو قوم ذوالقرنین نوں اوتھے رب اس پاروں فرماوے
دیساں سزا مَیں اس دے تائیں جو کوئی ظلم کما سی — تاں پھر اپنے رب دی طرفے اس نوں پھیریا جاسی
جو کوئی آوَ سی ایمان دے اندر عمل وی نیک کما سی — بھلائی بدلہ نیکی کارن اساں دے کولوں پاسی

ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ۝ حَتّٰٓی اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰی قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ۝ لا

ترجمہ: پھر لگا ایک اسباب کے پیچھے یعنی سفر کا انجام کیا یہاں تک کہ جب سورج نکلنے کی جگہ آ پہنچا ایسی قوم پر نکلتا پایا کہ جس کے لیے ہم نے سورج سے کوئی آڑ نہ رکھی۔

بات تو یہی ہے کہ جو سامان اس کے پاس تھا وہ سارا اللہ رب العزت کے علم میں ہے۔(وہاں جو قوم دیکھی اس کا بھی وہی حال تھا جو پہلی کا بیان کیا گیا)۔

حَتّٰٓی اِذَا بَلَغَ بَیْنَ السَّدَّیْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا لا لَّا یَکَادُوْنَ یَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ۝ قَالُوْا یٰذَا الْقَرْنَیْنِ اِنَّ یَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَکَ

Marfat.com

خَرْجًا عَلٰٓی اَنْ تَجْعَلَ بَیْنَنَا وَبَیْنَهُمْ سَدًّا o قَالَ مَامَکَّنِّیْ فِیْهِ رَبِّیْ خَیْرٌ فَاَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَیْنَکُمْ وَ بَیْنَهُمْ رَدْمًا o

(سورۃ البقرہ۔ رکوع ۱۷۔ آیت ۱۴۴)

ترجمہ: ہم دیکھ رہے ہیں بار بار دیکھنا آسمان کی طرف تو ضرور ہم پھیر دیں گے اس قبلہ کی طرف جس میں تمہاری خوشی ہے ابھی اپنا منہ پھیر دو مسجد حرام کی طرف اور اے مسلمانوں تم کہیں ہو اپنا منہ اس کی طرف کرو۔

شانِ نزول: جب حضور پرنور سرورِ کونین ﷺ نے کعبہ کو قبلہ بنانا پسند کیا تو آپ ﷺ کی نظر مبارک بار بار آسمان کی طرف جاتی چونکہ اللہ رب العزت دیکھنے والا اور جاننے والا ہے تو اس نے اپنے محبوب ﷺ پر اس وقت آیت مبارک نازل فرمائی جس کا ذکر ہو رہا ہے اور جس میں اللہ نے فرمایا اے محبوب ﷺ میں تجھ کو دیکھ رہا ہوں جو تو آسمان کی طرف بار بار نظر اٹھاتا ہے تو ضرور ہم پھیر دیں گے اس قبلہ کی طرف جس میں تمہاری خوشی ہے۔ لہٰذا تم اپنا منہ اس قبلہ کی طرف پھیر لو یعنی مسجد حرام کی طرف جدھر تم چاہتے ہو کعبہ کو قبلہ بنا لو اور مسلمانوں تم جہاں کہیں بھی ہو اس کی طرف منہ کرو۔

چنانچہ آپ ﷺ نے بحکم خدا اپنا منہ مبارک قیام نماز میں ہی کعبہ کی طرف پھیر لیا اور تمام مسلمانوں نے بھی آپ ﷺ کی اطاعت کرتے ہوئے اسی طرف منہ کیا جس طرف آپ ﷺ نے چہرہ اقدس کو پھیرا تھا۔

اک دن قیام نماز دے اندر خیال دِلے وچ آوے — کعبہ قبلہ بنا چاہیے نظر آسماں ول جاوے
ویکھی اللہ محبوب ﷺ دی مرضی جبرائیلؑ دوڑایا — جلدی جا کہہ سوہنے ﷺ تائیں اللہ نے فرمایا
ویکھاں مَیں محبوبا ﷺ تینوں مڑ مڑ نظر اٹھاویں — ضرور اوہ کعبہ قبلہ ہوسی جہڑا سوہنیاںؐ چاہویں

Marfat.com

پھر جاؤ مسجد حرام دے ولے جس وچ خوشی تمہاری تیری مرضی جو یا محمد ﷺ وہی ہے ہماری
بے مثل لاثانی سوہنی اللہ نبی ﷺ دی جوڑی اک دوجے دی اوہناں عاجزؔ گل کدے نئیں موڑی
منگیا عمرؓ خدا دے کولوں وچہ قدماں جو سی آیا ٹکریاں کر کے چن دیاں دونویں سب نوں جوڑ وکھایا
مسلمانوں تسیں نعرہ لاؤ دل کیوں کیتے تھوڑے صفت نبیؐ دی مکدی نئیں بھاویں کاغذ مُک جان کورے
منہ مبارک پھیریا سوہنے ﷺ مسجد حرام دے ولے افضل شان آقا ﷺ دی عاجزؔ بلّے بلّے بلّے

رضائے خدا میں رضائے مصطفٰے ﷺ ہے
رضائے مصطفٰے ﷺ میں رضائے خدا ہے

شہید زندہ ہیں

كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَ يُزَكِّيْكُمْ وَ يُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَ يُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۝ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَ لَا تَكْفُرُوْنِ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ وَ لَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝

(سورۃ بقرہ، رکوع ۱۸)

ترجمہ: اللہ نے فرمایا: تم ہدایت پاؤ جیسا ہم نے تم میں سے بھیجا ایک رسول ﷺ کہ تم پر ہماری آیات تلاوت فرماتا ہے اور تم کو پاک کرتا ہے کتاب اور پختہ علم سکھاتا ہے اور تم کو وہ تعلیم سکھاتا ہے جس کا تم کو علم نہ تھا تو میری یاد کرو میں تمہارا چرچا کروں گا اور میرا حق مانوں اور میری ناشکری نہ کرو اے ایمان والو صبر اور نماز سے مدد چاہو بے شک اللہ صابروں کے ساتھ ہے اور جو خدا کی راہ میں مارے جائیں ان کو مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں اور تمہیں خبر نہیں۔

کیا رسول ﷺ تساں دے وچوں تساڈی طرف گھلایا ہدایت کرو حاصل اس توں اللہ نے فرمایا

Marfat.com

کرے آیات تلاوت تساں نوں پاکی اور کتاب سکھاوے دیوے تعلیم تساڈے تائیں پختہ علم پڑھاوے
جس کا تم کو علم نہ تھا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی
حق ادا تساں میرا کرنا یاد میری وچ رہنا چرچائیں تساں دا گر ساں بے شکرے ہو نہ بہناں
مدد منگوں نماز دے اندر صبر وی اپناناں حکم دتا رب اہل ایماناں جو ساتھی صابر انساناں
کہو نہ مردہ اوہناں تائیں جو راہ خدا وچ مَردے عاجز اوہ تے زندہ ہوندے تسیں واقف نہیں خبر دے

شیطان انسان کا دُشمن ہے

یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ کُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ حَلٰلًا طَیِّبًا ز وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ ط اِنَّہٗ لَکُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ o اِنَّمَا یَاْمُرُکُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ وَ اَنْ تَقُوْلُوْا عَلَی اللّٰہِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ o وَاِذَا قِیْلَ لَھُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَیْنَا عَلَیْہِ اٰبَآءَ نَا ط اَوَلَوْ کَانَ اٰبَآؤُھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ شَیْئًا وَّ لَا یَھْتَدُوْنَ o (سورۃ البقرہ، رکوع ۲۱)

ترجمہ: اے لوگو کھاؤ جو کچھ زمین میں حلال پاکیزہ ہے اور شیطان کے قدم پر قدم نہ رکھو بے شک وہ تمہارا کھلا دُشمن ہے وہ تو تمہیں یہی حکم دے گا بدی اور بے حیائی کا اور یہ کہ اللہ پر وہ بات جوڑو جس کی تم کو خبر نہیں اور جب انہیں کہا جائے اللہ کے اتارے پر چلو تو کہیں بلکہ ہم تو اس پر چلیں گے جس پر اپنے باپ دادا کو پایا، کیا اگرچہ ان کے باپ دادا نہ کچھ عقل رکھتے ہوں نہ ہدایت۔

اور کافروں کی کہاوت اس کی سی ہے جو پکارے ایسے کو کہ خالی چیخ پکار کے سوا کچھ نہ سنے بہرے، گونگے، اندھے تو انہیں سمجھ نہیں۔ اے ایمان والو! کھاؤ ہماری دی ہوئی ستھری چیزیں اور اللہ کا احسان مانو اگر تم اللہ کو پوجتے ہو اس نے یہی تم پر حرام کئے ہیں مردار اور خون اور سور کا گوشت اور وہ جانور جو غیر اللہ کا نام لے کر ذبح کیا گیا تو جو ناچار ہو یہ یوں کہ خواہش سے کھائے اور نہ یوں کہ ضرورت سے آگے بڑھے تو اس پر گناہ نہیں بے شک اللہ بخشنے والا ہے۔

کھاؤ لوگو حلال پاکیزہ جو دھرتی وچ ہمارا نقشے قدم شیطان نہ چلو جو دُشمن کھلا تمہارا

Marfat.com

بےخبری دیاں باتاں جوڑے رب دے راہوں مڑاوے بے حیائی تے بدیاں والا تساں نوں حکم سناوے
کہیا جائے جے اوہناں تائیں حکم خدا دا منوں رستہ پیو دادے دا دسّن مول نہ ہارن گلّوں
ہوون بھاویں اوہ کافراں وانگوں عقلوں دسن خالی انھیاں، گونگیاں، بہریاں وانگوں سمجھ نہ آوے حالی

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی

اہل ایمانوں تسیں کھاؤ پیو ستھرا دان اساں دا پوجو اپنے رب دے تائیں منّوں احسان خدا دا
گوشت سور حرام تساں تے مُردار خون تراوے بن نام خدا دے ذبح نہیں کرنا ایوی سن لو سارے

حدیث شریف: ایک لقمہ حرام کھانے سے 40 دن تک مقبولیت نہیں ہوتی۔

دے گواہی جو حق دی بندہ رحمت رب دی پاوے جھوٹیاں اُتے لعنت رب دی خبر قرآنوں آوے
سدھے راہ جو صابر چلدے بندے اوہ رَحمانی دیون گالیں تے بک بک کرسن چیلے خاص شیطانی

کر دے کرم دی نظر خداوندا رحمت اساں دے شامل حال کر دے
نیک اعمال دی دہ توفیق ربّا دُور سارے شیطان دے جال کر دے
آل اولاد نوں کریں ہدایت سائیاں نیک سب دے پاک خیال کر دے
عشق رسول ﷺ اساں نوں بخش مولیٰ تابع نبیؐ دے عاجزؔ دے اہل وعیال کر دے

گمراہ لوگوں کی سزا

اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَۃَ بِالْھُدٰی وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَۃِ ج فَمَآ اَصْبَرَھُمْ عَلَی النَّارِ o

(سورۃ بقرہ، رکوع ۲۱)

ترجمہ: وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی مول لی اور ہدایت کے بدلے عذاب تو کس درجہ ان کو آگ کی سہار ہے۔

چھڈ ہدایت جنہاں نے گمراہی مل خریدی عذاب اوہناں نے پلے پایا نہ اگ توں رہے بعیدی

Marfat.com

روزوں کا فرض ہونا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۙ۝ (سورۃ البقرہ، رکوع ۲۳)

ترجمہ: اے ایمان والو تم پر روزے فرض کیئے گئے جس طرح اگلوں پر فرض ہوئے تھے کہ کہیں تم کو پرہیز گاری ملے گنتی کے دن ہیں۔

تو جو تم میں سے بیمار یا سفر میں ہو تو اتنے روزے ان دنوں میں اور جن کو اس کی طاقت نہ ہو وہ بدلہ دیں ایک مسکین کا کھانا پھر جو اپنی طرف سے نیکی زیادہ کرے اس کے لیے بہتر ہے اور روزہ رکھنا تمہارے لیے بھلا ہے اگر تم جانوں رمضان کا مہینہ جس میں قرآن اترا۔

کیتے فرض خدا نے روزے اہل ایماں اتے جس طرح اس کیتے ہے سن پہلے انساں اتے
جو بیمار یا سفر وچہ ہووے اتنے دن اوہ چھوڑے بعد وچ کرے اوہ پورے سارے امر ربی نہ موڑے
جنہاں وچہ نہ طاقت ہووے حق ادا کراون کھانا دین مسکین دے تائیں روزہ اوہ رکھاون
جو کوئی رکھے زیادہ روزے اس وچہ بھلا فرمایا جانوں تسیں رمضان دا مہینہ قرآن وی اس وچہ آیا

فسادی دوزخی ہے

وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِى الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَ يُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ۝ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ وَ لَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ (سورۃ البقرہ، رکوع ۲۵)

ترجمہ: اور جب پیٹھ پھیرے اور زمین میں فساد ڈالتا پھرے اور کھیتی اور جانیں تباہ کرے اور اللہ فساد سے راضی نہیں اور جب اس سے کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اسے ضد چڑ سے گناہ کی ایسے کو دوزخ کافی ہے اور ضرور بہت برا بچھونا ہے۔

Marfat.com

پیٹھ پھیرے جو وی کوئی زمین بفساد مچاوے .کھیتی جاناں تباہ جو کردا وچ دوزخ دے جاوے
جے کوئی آکھے ڈر خدا توں ضِد یا چڑ اوہ جاوے بستر اسدا دوزخ اندر اللہ خود فرماوے

اور اگر کوئی آدمی اپنی جان کو بیچتا ہے اللہ کی راہ میں اس کی مرضی کے مطابق اور بندوں پر مہربان ہے اے ایمان والو اسلام میں پورے داخل ہو اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو بے شک وہ تمہارا کھلا دُشمن ہے۔

اخنس بن شریق منافق تھا جو حضور سید عالم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر بہت لجاجت سے میٹھی میٹھی باتیں کرتا تھا اور اپنے اسلام اور آپ ﷺ کی محبت کا دعویٰ کرتا تھا اور اس پر قسمیں کھاتا اور در پردہ فساد انگیزی میں مصروف رہتا تھا، مسلمانوں کے مویشی کو اس نے ہلاک کیا اور ان کی کھیتی کو اس نے آگ لگا دی۔

متکبر دوزخی ہوتا ہے

وَالَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَسْتَکْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ ج هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ o

ترجمہ: اور ہماری آیتیں جھٹلائیں اور ان کے خلاف تکبر کیا وہ دوزخی ہیں انہیں اس میں ہمیشہ رہنا۔ (سورۃ اعراف، رکوع ۴)

زُیِّنَ لِلَّذِیْنَ کَفَرُوا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا وَ یَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِیْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ط وَاللّٰهُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ o (سورۃ البقرہ، رکوع ۲۶)

ترجمہ: کافروں کی نگاہ میں دُنیا کی زندگی آراستہ کی گئی اور مسلمانوں سے ہنستے ہیں اور ڈر والے ان سے اوپر ہونگے قیامت کے دن اور خدا جسے چاہے بے گنتی دے۔

تشریح: یعنی وہ لوگ اسی کی قدر کرتے اور اسی پر مرتے ہیں اور مسلمانوں کو دیکھ کر ان کا مزاق وغیرہ اڑاتے ہیں جس طرح حضرت عبداللہ بن مسعود، عمار بن یاسر، صہیب اور بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھ کر کفار مسخریاں کرتے تھے اور دولت دُنیا کے غرور میں اپنے آپ کو اونچا سمجھتے تھے مگر ایماندار روزِ قیامت میں جناب عالیہ میں ہونگے اور مغرور جہنم میں ذلیل وخوار۔

بہتر زندگی دُنیا والی کافر خیال رکھاون مسلماناں نوں ویکھن جس دم پئے مزاق اڑاون
جو کوئی ڈرن خدا دے کولوں وافر اجر اوہ پاون روز قیامت انشاء اللہ وچ جنت دے جاون

Marfat.com

شراب حرام ہے

يَسْعَلُوْنَکَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ط قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ کَبِيْرٌ وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ ز وَ اِثْمُهُمَآ اَکْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ط (سورۃ البقرہ، رکوع ۲۷)

ترجمہ: تم سے شراب اور جوئے کا حکم پوچھتے ہیں تم فرمادو کہ ان دونوں میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے کچھ دُنیاوی نفع بھی اور ان کا گناہ ان کے نفع سے بڑا ہے۔

جے کوئی پچھے تساں دے کولوں جوئے شراب دے بارے
فرما دو تسیں اوہناں تائیں دوئیں گناہ ایہہ بھارے
دُنیاوی نفع کجھ لوکاں تائیں اس وچ نظری آوے
پر نفع نالوں نقصان ہے بہتا عاجز اللہ پاک سمجھاوے

حضرت علیؓ شیر خدا فرماتے ہیں اگر کنوئیں میں شراب کا ایک قطرہ ڈال دیا جائے اور پھر اس پر مینار تعمیر کر دیا جائے تو میں اس مینار پر اذان نہیں پڑوں گا اور اگر ایک قطرہ شراب دریا میں ڈال دیا جائے اور دریا خشک ہونے پر اس میں گھاس اُگ آئے تو مَیں اس میں مال (بھیڑ بکریاں وغیرہ) نہیں چراؤں گا۔ سبحان اللہ گناہ سے کس قدر نفرت ہے۔

شراب ۳ھ میں غزوہ احزاب سے چند روز بعد حرام کی گئی اس سے قبل یہ بتایا گیا تھا کہ جوئے اور شراب کا گناہ اس کے نفع سے زیادہ ہے، نفع تو یہی ہے کہ شراب سے کچھ سرور پیدا ہوتا ہے یا اس کی خرید و فروخت سے تجارتی فائدہ ہوتا ہے اور جوئے میں کبھی مفت کا مال ہاتھ آتا ہے اور کبھی گھر کا بھی چلا جاتا ہے اور مفسدوں کا کیا شمار عقل کا زوال، غیرت حمیت کا زوال، عبادت سے محرومی، لوگوں سے عداوتیں، سب کی نظروں میں ذلیل و خوار۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ جبرائیل امینؑ نے حضور پرنور سرورِ کونین ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ کو جعفر طیارؓ کی چار خصلتیں پسند ہیں۔ حضور ﷺ نے حضرت جعفرؓ سے دریافت فرمایا ایک تو یہ کہ میں نے شراب کبھی نہیں پی حکم حرمت سے پہلے بھی اور اس کی وجہ تھی کہ میں جانتا تھا کہ اس سے عقل زائل ہوتی ہے اور میں چاہتا تھا کہ عقل اور بھی تیز ہو، دوسرا یہ کہ زمانہ جاہلیت میں بھی میں نے کبھی بت پرستی نہیں کی کیونکہ میں جانتا تھا کہ یہ پتھر ہے نہ نفع دے سکے نہ نقصان، تیسری خصلت یہ ہے کہ کبھی میں زنا میں مبتلا نہ ہوا کہ اس کو

Marfat.com

بے غیرتی سمجھتا تھا، چوتھی خصلت یہ کہ میں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا کیونکہ اس میں مَیں کمینہ پن خیال کرتا تھا۔ مسئلہ تاش، شطرنج وغیرہ ہار جیت کے کھیل اور جن پر بازی لگائی جائے سب جوئے میں داخل اور حرام ہیں۔

قطرہ اک شراب دا جے کوئی کنوئیں اندر پاوے اوسے جاہ تے پھر اوہ مینار تعمیر کراوے
مینار اتے اذان نہ پڑھساں حضرت علیؓ فرماوے ایہہ گل عاجز پوری ایتھے اگلی ہور سناوے
قطرہ اک شراب دا جے دریا وچہ پایا جاوے پانی سُکّے اسدا وچہ چارہ وی اُگ آوے
نہ چراواں مال اس اندر حضرت علیؓ فرماوے شراب جوا حرام نے دونویں اللہ خود فرماوے
بعضے اجے وی پین شراباں بوٹی کوٹا لاندے بَن بَن بھین ملنگ علیؓ دے مسلمان اکھواندے

واقعہ حضرت یوسف علیہ السلام

الٓرٰ قف تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۝ قف اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِیًّا لَّعَلَّکُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَیْکَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَیْنَآ اِلَیْکَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ق وَ اِنْ کُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِیْنَ ۝ (سورۃ یوسف)

ترجمہ: الٓرٰ یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں ہم نے اس قرآن کو عربی میں نازل کیا ہے تا کہ تم سمجھ سکو (اے پیغمبر) ہم اس قرآن کے ذریعے سے جو ہم نے تمہاری طرف بھیجا ہے تم کو ایک نہایت اچھا قصہ سناتے ہیں اور تم اس سے پہلے بے خبر تھے۔

روشن کتاب قرآن دیاں آیتاں رب عربی وچ فرمائیاں
تاکہ سمجھے پاک پیغمبر ﷺ جو اس وچ باتاں آئیاں
اچھا قصہ تساں نوں دساں اللہ بات سنائی
جس دی خبر تساں دے تائیں اجے تک نائیں آئی

اِذْ قَالَ یُوْسُفُ لِاَبِیْهِ یٰٓاَبَتِ اِنِّیْ رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ کَوْکَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَیْتُهُمْ

Marfat.com

لِیْ سٰجِدِیْنَ ۝ قَالَ یٰبُنَیَّ لَا تَقْصُصْ رُءْیَاکَ عَلٰٓی اِخْوَتِکَ فَیَکِیْدُوْا لَکَ کَیْدًا ط اِنَّ الشَّیْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ۝ وَکَذٰلِکَ یَجْتَبِیْکَ رَبُّکَ وَ یُعَلِّمُکَ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ وَ یُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْکَ وَ عَلٰٓی اٰلِ یَعْقُوْبَ کَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓی اَبَوَیْکَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِیْمَ وَ اِسْحٰقَ ط اِنَّ رَبَّکَ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ ۝ ع

ترجمہ: جب یوسف علیہ السلام نے اپنے باپ سے کہا کہ ابا جان میں نے (خواب میں) گیارہ ستاروں، سورج اور چاند کو دیکھا ہے دیکھتا کیا ہوں کہ وہ مجھے سجدہ کر رہے ہیں اور انہوں نے کہا بیٹا اپنے خواب کا ذکر اپنے بھائیوں سے نہ کرنا کہیں وہ تمہارے حق میں کوئی فریب کی چال چلیں گے کچھ شک نہیں کہ شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے اور اسی طرح اللہ تم کو برگزیدہ کرے گا اور خواب کی باتوں کی تعبیر کا علم سکھائے گا اور جس طرح اس نے اپنی نعمتیں پہلے تمہارے دادا، پردادا ابراہیم علیہ السلام اور اسحٰقؑ پر پوری کیں اسی طرح تم پر اور اولاد یعقوب علیہ السلام پر پوری کرے گا بیشک تمہارا پروردگار جاننے والا اور حکمت والا ہے۔

کہیا یوسفؑ باپ دے تائیں مَیں اک خواب سناواں — چن سورج تے گیارہ ستارے سجدہ کر دے پاواں
فرمایا حضرتؑ بھائیاں تائیں ایہہ نئیں خواب بتانا — پتہ لگا جے اسدے پاروں اوہناں فریب بنانا
نئیں کوئی شک اس گل اندر شیطان دُشمن انساناں — علم تعبیر تد اللہ دیسی ، دیسی تاج شاہانہ
نعمتاں ملسن تیرے تائیں جویں ابراہیمؑ اسحٰقؑ نے پائیاں — دادے پردادے اوہ یوسفؑ تیرے باتاں باپ سمجھائیاں
علم و حکمت جانن والا پروردگار اساں دا — ابراہیمؑ اسحٰقؑ پیغمبر دادا پردادا تساں دا

لَقَدْ کَانَ فِیْ یُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰیٰتٌ لِّلسَّآئِلِیْنَ ۝ اِذْ قَالُوْا لَیُوْسُفُ وَ اَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓی اَبِیْنَا مِنَّا وَ نَحْنُ عُصْبَةٌ ط اِنَّ اَبَانَا لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنِ ۝ ج صلے اقْتُلُوْا یُوْسُفَ اَوِاطْرَحُوْهُ اَرْضًا یَّخْلُ لَکُمْ وَجْهُ اَبِیْکُمْ وَ تَکُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِیْنَ ۝

ترجمہ: ہاں یوسف علیہ السلام اور ان کے بھائیوں کے قصے میں پوچھنے والوں کے لیے (بہت سی) نشانیاں ہیں جب انہوں

Marfat.com

نے آپس میں تذکرہ کیا کہ یوسف علیہ السلام اوران کا بھائی ابا کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں۔ حالانکہ ہم جماعت کی جماعت ہیں کچھ شک نہیں کہ ابا صریح غلطی پر ہیں تو یوسف علیہ السلام کو یا تو جان سے مار ڈالو یا کسی ملک میں پھینک آؤ پھر ابا کی توجہ صرف تمہاری طرف ہو جائے گی اور اس کے بعد تم اچھی حالت میں ہو جاؤ گے۔

دوجے بھائی آپس اندر تذکرہ کر دے سارے　　بنیامین تے حضرت یوسفؑ باپ نوں بہت پیارے
دیئے مارجے یوسفؑ تائیں تاں پیار اساں نال پاوے　　یا سٹھو کسے ملک دے اندر ہر کوئی بول سناوے
ابا جی دی ایہہ صراصر غلطی اسیں ہاں بہتے سارے　　اچھی حالت اساں دی ہوسی جے یوسفؑ نظر نہ آوے

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَ اَلْقُوْهُ فِیْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ o قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ o اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَ يَلْعَبْ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ o قَالَ اِنِّیْ لَيَحْزُنُنِیْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَ اَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ o قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَ نَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ o

ترجمہ: ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ یوسف علیہ السلام کو جان سے نہ مارو کسی گہرے کنوئیں میں ڈال دو کہ کوئی راہ گیر نکال کر اور ملک میں لیجائے گا اگر تم نے کرنا ہے تو یوں کرو۔ یہ مشورہ کر کے وہ حضرت یعقوبؑ سے کہنے لگے کہ ابا جان کیا سبب ہے کہ آپؑ یوسفؑ کے بارے میں ہمارا اعتبار نہیں کرتے حالانکہ ہم اس کے خیر خواہ ہیں اسے ہمارے ساتھ بھیج دیں کہ خوب میوے کھائے اور کھیلے کودے ہم اس کے نگہبان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ امر مجھے غمناک کیے دیتا ہے کہ تم اسے لے جاؤ اور مجھے یہ بھی خوف ہے کہ تم اس سے (کھیل میں) غافل ہو جاؤ اور اسے بھیڑیا کھا جائے وہ کہنے لگے کہ اگر ہماری موجودگی میں کہ ہم ایک طاقتور جماعت ہیں اسے بھیڑیا کھا گیا تو ہم بڑے نقصان میں پڑ گئے۔

اک نے کہیا نہ جان گواؤ کسے گہرے کھوہ وچ پایئے　　راہی پاندی کوئی کڈھ لے جاسی ملکوں دور گھلایئے
کہن لگے باپ دے تائیں اک پچھے گل تساں نوں　　کرو اعتبار اساڈے اُتے یوسفؑ دیو اساں نوں
خیر خواہ اسیں سب ہاں اہدے اس نوں نال لے جایئے　　کریئے اس دی خوب حفاظت میوے ہور کھوایئے

Marfat.com

کہیا حضرت یعقوبؑ پیغمبر خوف دلے وچ آوے کھیل تماشے وچ نہ رہنا مت بھیڑیا کھا جاوے
اسیں ہوساں نقصان اندر جے یوسفؑ نوں کوئی کھاوے طاقتور جماعت اساں دی بھیڑیا کیکر آوے

فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَ اَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ
بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَ جَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا
ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَ تَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَ مَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَ
لَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ۝ وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ؕ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ
اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝

ترجمہ: غرض جب وہ اس کو لے گئے اور اس بات پر اتفاق کرلیا کہ ان کو گہرے کنوئیں میں ڈال دیا جائے تو ہم نے یوسفؑ کی طرف وحی بھیجی کہ (ایک وقت ایسا آئے گا کہ) تم ان کے اس سلوک سے آگاہ کرو گے اور ان کو (اس وحی کی) کچھ خبر نہ ہو گی (یہ حرکت کر کے) وہ رات کے وقت باپ کے پاس روتے ہوئے آئے اور کہنے لگے کہ اے ابا جان ہم تو دوڑے اور ایک دوسرے سے آگے نکلنے میں مصروف ہو گئے اور یوسف علیہ السلام کو اپنے اسباب کے پاس چھوڑ گئے تو اسے بھیڑیا کھا گیا اور آپؑ ہماری بات سنو گو ہم سچ ہی کہتے ہیں باور نہیں کریں گے اور ان کے کُرتے پر جھوٹ موٹ کا لہو بھی لگا لائے یعقوبؑ نے کہا کہ حقیقت الحال یوں نہیں ہے بلکہ تم اپنے دل سے یہ بات بنا لائے ہو اچھا صبر (کہ وہی خوب ہے) اور جو تم بیان کرتے ہو اس کے بارے میں اللہ ہی سے مدد مطلوب ہے۔

لے گئے بھائی یوسفؑ تائیں اِکو صلاح ایہہ کر کے سُٹیے اس نوں کھوہ دے اندر رل مل سارے پھڑ کے
جدوں سُٹیا اوہناں کھوہ دے اندر اپنا کم مکایا آ گئی وحی خدا دے ولّوں جبرائیلؑ لیائیا
یوسفؑ تیرے ایہہ تابع ہوسن حکم خدا فرمایا یاد کراسیں توں ایناں تائیں جد اوہ ویلا آیا
رات نوں آئے باپ دے کولے رو کے خوب سنایا چھڈیا یوسفؑ اسباب دے کولے کھیڈ نے یاد بھلایا
جے ڈٹھا اساں اُت ول جا کے یوسفؑ نظر نہ آیا بھیڑیئے کھادا یوسفؑ ساڈا کُرتہ ہتھیں آیا
خون نال سی بھریا کُرتا اگے باپ ٹکایا کہیا حضرتؑ بچیاں تائیں تساں پکھنڈ بنایا

Marfat.com

اچھا صبر خدا توں منگساں مدد گرسی زب سائیں دلوں بنا تسیں گل ایہ کرسو کہن بچیاں تائیں

وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ط قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ط وَ
اَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِمَا يَعْمَلُوْنَ o وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ
مَعْدُوْدَةٍ ج وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزَّاهِدِيْنَ ع o ترجمہ: (اب اللہ کی شان دیکھو اس کنوئیں کے قریب)

ایک قافلہ آ ورہوا اور انہوں نے (پانی کے لیے) اپنا سقا بھیجا اس نے کنوئیں میں ڈول لٹکایا (تو یوسفؑ اس سے لٹک گئے وہ
بولا! زہے قسمت یہ تو (نہایت حسین) لڑکا ہے اور اس کو قیمتی سرمایہ سمجھ کر چھپالیا اور جو کچھ وہ کرتے تھے اللہ کو سب معلوم ہے
اور اس کو تھوڑی سی قیمت (یعنی) گنتی کے چند درموں میں بیچ دیا اور ان (کے بارے) میں کچھ لالچ بھی نہ تھا۔

قافلہ اِک چلدا چلدا نیڑے کھوہ دے آیا ضرورت پیش پانی دی آئی بندہ اک گھلایا
سٹیا ڈول اس کھوہ دے اندر یوسفؑ ڈول نپایا کر کے غور جد سقے ڈٹھا بچہ اس نے پایا
سمجھ کے اس نوں مال تجارت اپنے کول چھپایا تھوڑے داموں وٹیا اوہناں اگلے گھر گھلایا

وَقَالَ الَّذِى اشْتَرٰهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِىْ مَثْوٰهُ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ط
وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِى الْاَرْضِ ز وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ط وَاللّٰهُ
غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ o وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّ
عِلْمًا ط وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ o وَرَاوَدَتْهُ الَّتِىْ هُوَ فِىْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَ
غَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ط قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّىْٓ اَحْسَنَ مَثْوَاىَ ط
اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ o (سورۃ یوسف، رکوع ۳)

ترجمہ: اور مصر میں جس شخص نے اس کو خریدا اس نے اپنی بیوی سے کہا (جس کا نام زلیخا تھا) کہ اس کو عزت واکرام سے رکھو
شاید یہ مجھے فائدہ (مصر) میں جگہ دی اور غرض یہ تھی کہ ہم ان کو خواب کی باتوں کی تعبیر سکھائیں اور اللہ اپنے کام پر غالب ہے
لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے اور جب وہ اپنی جوانی کو پہنچے تو ہم نے ان کو دانائی اور علم بخشا اور نیکوکاروں کو ہم اسی طرح بدلہ

Marfat.com

دیا کرتے ہیں تو جس عورت کے گھر میں وہ رہتے تھے اس نے ان کو اپنی طرف مائل کرنا چاہا اور دروازے بند کر کے کہنے لگی (یوسفؑ) جلد آؤ انہوں نے کہا کہ اللہ پناہ میں رکھے وہ (یعنی تمہارے میاں) تو میرے آقا ہیں انہوں نے مجھے اچھی طرح سے رکھا ہے (میں ایسا ظلم نہیں کرسکتا) بے شک ظالم لوگ فلاح نہیں پائیں گے۔

خرید کیتا عزیز نے یوسفؑ بیوی نوں حکم سناوے رکھو اس نوں عزت سیتی شاید نفع پہنچاوے
اللہ غالب ہر کم اتے مصر پہنچاون والا بخشے علم یوسفؑ تائیں تعبیر بتاون والا
آئی جوانی یوسفؑ اُتے رب نے کرم فرمایا دیوے بدلہ نیکاں تائیں علم دانائی سکھایا
جس عورت گھر یوسفؑ رہندے جی اسدا للچایا کیتے بند دروازے سارے یوسفؑ تائیں بلایا
آجا یوسفؑ جلدی کرکے حضرتؑ انکار کرایا رکھے رب پناہ دے اندر صاف جواب سنایا
بیشک مالک اچھا میرا اسیں نہیں ظلم کماندے ایسے لوک جو ظالم ہوسن کدیں فلاح نئیں پاندے

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ج وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ط كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ط اِنَّـهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ o وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّ اَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ط قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ o

ترجمہ: اور اس عورت نے اس کا قصد کیا اور انہوں نے اس کا کہا نہ مانا اگر وہ اپنے رب کی نشانی نہ دیکھتے (تو جو ہوتا ہوتا) یوں اسلیے (کیا گیا) کہ ہم ان سے برائی اور بے حیائی کو روک دیں بے شک وہ ہمارے خالص بندوں میں سے تھے اور دونوں دروازے کی طرف بھاگے (آگے یوسفؑ پیچھے زلیخا) اور عورت نے ان کا کُرتہ پیچھے سے (پکڑ کر جو کھینچا) پھاڑ ڈالا اور دونوں کو دروازے کے پاس عورت کا خاوند مل گیا تو عورت بولی کہ جو شخص تمہاری بیوی کے ساتھ برا ارادہ کرے اس کی اس کے سوا کیا سزا ہے کہ یا تو وہ قید کیا جائے یا دُکھ کا عذاب دیا جائے۔

کیتا قصد زلیخا جس دم حضرتؑ جواب سنایا دِکھا دلیل اللہ اس نوں برائی توں پاک رکھایا
علم و طاقت سب خدا نوں قدرت نال سنجھاپے نیکوکاراں تائیں عاجز رب بچاوے آپے
دوڑے حضرت یوسفؑ اوتھوں رُخ باہر دا کریا نال شتابی عورت دوڑی کُرتہ پچھوں پھڑیا

Marfat.com

پھٹ گیا کُرتا یوسفؑ والا پاس دروازے آئے ملیاں دوہاں نوں خاوند اس دا سچی ہو وکھائے
جو برائی ارادہ کرسے بیوی ساتھ تمہاری کیہہ سزا اس نوں دیسو سُن لو بات ہماری
سخت عذاب اس نوں چاہیے یا قید کرایا جاوے غلطی اپنی ظاہر نہ کیتی اُلٹی بات سناوے

قَالَ هِیَ رَاوَدَتْنِیْ عَنْ نَّفْسِیْ وَ شَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ج اِنْ كَانَ قَمِیْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَ هُوَ مِنَ الْكٰذِبِیْنَ o وَ اِنْ كَانَ قَمِیْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ o فَلَمَّا رَاٰ قَمِیْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَیْدِكُنَّ ط اِنَّ كَیْدَكُنَّ عَظِیْمٌ o یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا سکتہ وَاسْتَغْفِرِیْ لِذَنْۢبِكِ ج اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِئِیْنَ o

ترجمہ: یوسف علیہ السلام نے کہا اسی نے مجھ کو اپنی طرف مائل کرنا چاہا تھا اس کے قبیلے میں سے ایک فیصلہ کرنے والے نے یہ فیصلہ کیا کہ اگر اس کا کُرتہ آگے سے پھٹا ہو تو یہ سچی اور یوسف علیہ السلام جھوٹا اور اگر کُرتہ پیچھے سے پھٹا ہو تو یہ جھوٹی اور یوسف علیہ السلام سچا ہے۔ جب اس کا کُرتہ دیکھا تو پیچھے سے پھٹا تھا (تب اس نے زلیخا سے کہا) کہ یہ تمہارا ہی فریب ہے اور کچھ شک نہیں کہ تم عورتوں کے فریب بڑے (بھاری) ہوتے ہیں یوسف علیہ السلام اس بات کا خیال نہ کر اور (زلیخا) تو اپنے گناہ کی بخشش مانگ بے شک خطا تیری ہی ہے۔

جواب دتا پھر حضرت یوسفؑ سچی بات سنائی زلیخا دی ایہہ غلطی ساری مجھ تے تہمت لائی
اک منصف اس دے کنبے وچوں فیصلہ ایہہ سناوے کُرتہ ہووے جے اگیو پھٹیا تاں یوسفؑ غلطی کھاوے
جے کد ہووے پچھوں پھٹیا پھر عورت جھوٹ بتاوے سورۃ یوسف قرآن دے وچوں عاجزؔ ذکر لیاوے
کُرتہ پچھوں پھٹیا ڈٹھا عزیز نے بول سنایا توں فریب زلیخا کیتا الزام یوسفؑ تے لایا
نئیں کوئی شک اس گل اندر فریب تساں دے بھارے تہمت لائی یوسفؑ تائیں تُد دے سب ایہ کارے
کجھ خیال یوسفؑ نہ کریو عزیز بول سناوے بخشاوے گناہ زلیخا آپے جس نے کیتے کارے

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِی الْمَدِیْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ج قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ط اِنَّا

Marfat.com

لَنَرٰهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَیْهِنَّ وَ اَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّیْنًا وَّ قَالَتِ اخْرُجْ عَلَیْهِنَّ ج فَلَمَّا رَاَیْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ط اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِیْمٌ ۝

ترجمہ: اور شہر میں عورتیں گفتگو کرنے لگیں کہ عزیز کی بیوی اپنے غلام کو اپنے طرف مائل کرنا چاہتی اور اس کی محبت اس کے دل میں گھر کر گئی ہے ہم دیکھتی ہیں کہ وہ صریح گمراہی میں ہے جب زلیخا نے ان عورتوں کی (گفتگو جو حقیقت میں دیدار یوسفؑ کے لیے ایک) چال (تھی) سنی تو ان کے پاس دعوت کا پیغام بھیجا اور ان کے لیے ایک محفل مرتب کی اور پھل تراشنے کیلئے ہر ایک کو ایک ایک چھری دی اور یوسفؑ سے کہا کہ انَ کے سامنے باہر آؤ جب عورتوں نے ان کو دیکھا تو ان کا رعب (حسن) ان پر ایسا چھا گیا کہ پھل تراشتے تراشتے اپنے ہاتھ کاٹ لیے اور بے ساختہ بول اٹھیں کہ سبحان اللہ (یہ حسن) یہ آدمی نہیں یہ کوئی بزرگ فرشتہ ہے۔

دھمی بات شہر دے اندر ناراں باتاں کرسن کہن گمراہ زلیخا تائیں پر دید نوں اودی ترسن
پیغام دعوت زلیخا دتا ناراں اوہناں تائیں حضرت یوسفؑ ویکھن کارن آئیاں چائیں چائیں
بہہ گیاں سب محفل اندر خوب خوشی وچ آئیاں دتے پھل زلیخا بی بی چھریاں ہتھ پھڑائیاں
زلیخا سدیا یوسفؑ تائیں جھاتی ناراں پائی کٹے ہتھ اوہناں نے آپے خبر قرآنوں آئی
لگیاں کہن ایہہ بشر تے نئیں جے ہے بزرگ فرشتہ کہیا زلیخا ایہہ اوہو یوسفؑ نئیں کوئی ہور فرشتہ

قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِیْ لُمْتُنَّنِیْ فِیْهِ ط وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ط وَلَئِنْ لَّمْ یَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَیُسْجَنَنَّ وَ لَیَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِیْنَ ۝ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا یَدْعُوْنَنِیْٓ اِلَیْهِ ج وَ اِلَّا تَصْرِفْ عَنِّیْ كَیْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَیْهِنَّ وَ اَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِیْنَ ۝ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَیْدَهُنَّ ط اِنَّهٗ هُوَالسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰیٰتِ لَیَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰی حِیْنٍ ۝

Marfat.com

ترجمہ: تب (زلیخا نے) کہا یہ وہی ہے جس کے بارے میں تم مجھے طعنے دیتیں تھیں اور بے شک میں نے اس کو اپنی طرف مائل کرنا چاہا مگر یہ بچا رہا اور اگر یہ وہ کام نہ کرے گا جو میں اسے کہتی ہوں تو قید کر دیا جائے گا اور ذلیل ہوگا یوسفؑ نے دعا کی اے میرے پروردگار جس کام کی طرف یہ مجھے بلاتی ہے اس کی نسبت مجھے قید پسند ہے اور اگر تو مجھ سے ان کے فریب کو نہ ہٹا دے گا تو میں اس کی طرف مائل ہو جاؤں گا اور نادانوں میں داخل ہو جاؤں گا تو اللہ نے ان کی دُعا قبول کر لی اور ان سے عورتوں کا مکر دفع کر دیا، بے شک وہ سننے (اور) جاننے والا ہے پھر باوجود اس کے کہ وہ لوگ نشان دیکھ چکے تھے ان کی رائے یہی ٹھہری کہ کچھ عرصہ کے لیے ان کو قید ہی کر دیں۔

جس بارے تسیں طعنے دیوو اس اپنا آپ بچایا — میں چاہا اہنوں مائل کرنا چارہ بے شک لایا
نہ لگیا جے یوسفؑ آکھے اسنوں ذلیل کریساں — ہرگز استوں ٹلنا نائیں قید ضرور کریساں
دعا منگی سن حضرت یوسفؑ وچ درگاہ الٰہی — اس کم نالوں بہتر مینوں قید وچ رہنا آہی
کر دے دور فریب اہدے توں کتے مائل نہ ہو جاواں — رکھیں وچ حفاظت اپنی جہالت توں بچ جاواں
دُعا منظور یوسفؑ دی ہوئی رب نے رحم کمایا — مکر فریب سب ناراں والا اسدے مگروں لائیا
سب حالات توں واقف لوکیں پر فیصلہ ایہہ ٹھہرایا — بے شک اللہ سُندا بھجدا پر یوسفؑ قید کرایا

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ط قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّیٓ اَرٰىنِیٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ج وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّیٓ اَرٰىنِیٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِیْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ط نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ج اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ط ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِیْ رَبِّیْ ط اِنِّیْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ○

ترجمہ: اور ان کے ساتھ دو اور جوان بھی داخل زندان ہوئے ایک نے ان میں سے کہا کہ (میں نے ایک خواب دیکھا ہے) دیکھتا ہوں کہ میں شراب کے لیے انگور نچوڑ رہا ہوں اور دوسرے نے کہا میں یہ دیکھتا ہوں کہ اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہوں اور جانور ان سے کھا رہے ہیں (تو) ہمیں ان کی تعبیر بتا دیں کہ ہم آپ کو نیکوکار سمجھتے ہیں یوسفؑ نے کہا کہ جو کھانا تم کو

Marfat.com

ملنے والا ہے، وہ آنے نہیں پائے گا کہ میں اس سے پہلے تم کو اس کی تعبیر بتادوں گا یہ ان (باتوں) میں سے ہے جو میرے پروردگار نے مجھے سکھائی ہیں جو لوگ اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور آخرت سے انکار کرتے ہیں مَیں ان کا مذہب چھوڑے ہوئے ہوں۔

ساتھ دو ہوروی قیدی قید خانے وچ آئے دوہاں وچوں اک یوسفؑ نوں اپنا خواب سنائے
نچوڑاں شراب انگوراں وچوں پہلا خواب سناوے روٹیاں کھان پرندے سر توں دوجا عرض الاوے
پتہ نائیں کوئی اساں دے تائیں خواب چنگے نیں یا مندے دسو تعبیر حضرتؑ سانوں تسیں نیکوکاراں بندے
دساں تعبیر تساں دے تائیں کھانا آن توں پہلے اک گل ہوروی سن لو میتھوں تعبیر بتان توں پہلے

جو میرے اللہ نے مجھ کو سکھائی ہیں جو لوگ اللہ پر ایمان نہیں رکھتے اور آخرت سے انکار کرتے ہیں مَیں ان کا مذہب چھوڑے ہوئے ہوں اور اپنے باپ دادا حضرت ابراہیم علیہ السلام، اسحاق علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام کے مذہب پر چلتا ہوں ہماری شان میں نہیں ہے کہ ہم کسی چیز کو اللہ کے ساتھ شریک بنائیں۔ یہ اللہ کا فضل ہے ہم پر بھی اور لوگوں پر بھی لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے میرے جیل خانے کے رفیقو! کیا کئی جدا جدا معبود اچھے یا کہ ایک اللہ جو واحد اور غالب ہے جن چیزوں کی تم پرستش کرتے ہو وہ نام ہی نام ہیں جو تمہارے باپ دادا نے رکھ دیئے اللہ نے ان کی کوئی سند نازل نہیں کی اللہ کے سوا کسی کی حکومت نہیں ہے۔ یاد رکھو اس نے ارشاد فرمایا کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو یہی سیدھا دین ہے مگر اکثر لوگ نہیں مانتے۔

پہلا تے اپنے مالک تائیں خوب شراب پلاوے دوجے دا سر پرندے کھاسن جو سولی دتا جاوے

جو آدمی ان دونوں میں سے رِہا ہوا حضرت یوسف علیہ السلام نے اس سے کہا کہ تو میرا ذکر بھی اپنے مالک سے کرنا لیکن شیطان نے ان کا اپنے آقا سے ذکر کرنا بھلا دیا اور یوسف علیہ السلام کئی سال جیل خانے ہی میں رہے۔

وَ قَالَ الْمَلِکُ اِنِّیْٓ اَرٰی سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْ کُلُھُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّ سَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّ اُخَرَ یٰبِسٰتٍ ط یٰٓاَیُّھَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِیْ فِیْ رُءْیَایَ اِنْ کُنْتُمْ لِلرُّءْیَا تَعْبُرُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ج وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِیْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِیْنَ ۝ وَقَالَ

Marfat.com

الَّذِیْ نَجَامِنْهُمَا وَادَّکَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُکُمْ بِتَاْوِیْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ○ (رکوع ۶)

ترجمہ: اور بادشاہ نے کہا میں نے خواب دیکھا کہ سات موٹی گائیں ہیں جن کو سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات گوشے سبز ہیں اور (سات) خشک۔ اے سردار واگر تم خوابوں کی تعبیر دے سکتے ہو تو میرے خواب کی تعبیر مجھے بتاؤ انہوں نے کہا یہ تو پریشان سے خواب ہیں اور ہم کو ایسے خوابوں کی تعبیر نہیں آتی اب وہ شخص جو دونوں قیدیوں میں سے رہائی پا گیا تھا اور اسے مدت کے بعد وہ بات یاد آ گئی بول اٹھا کہ میں آپ کو اس کی تعبیر (لا کر) بتاتا ہوں مجھے جیل خانے جانے کی اجازت دی جائے۔

آیا خواب بادشاہ تائیں سرداراں نوں کول بلاون — ست گائیں جو دبلیاں ہے سن موٹیاں ستاں نوں کھاون
ستّ گوشے سبز ہے سن ستّ ہی ہے سن خشک — دسو تعبیر اس دی مینوں جے تسیں لیندے رسک
لگن خواب پریشانی والے تعبیر نہ اساں نوں آوے — قیدی جہڑا چھٹیا ہے سی فوراً بول سناوے
مدت باہجوں چیتا آیا جو حضرتؑ سی فرمایا — پچھ تعبیر میں اس توں دساں اٹھ کے بول سنایا

یُوْسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ اَفْتِنَا فِیْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّا کُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّ سَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّ اُخَرَ یٰبِسٰتٍ لا لَّعَلِّیْٓ اَرْجِعُ اِلَی النَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَعْلَمُوْنَ ○ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِیْنَ دَاَبًا ج فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِیْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا تَاْکُلُوْنَ ○ ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِکَ سَبْعٌ شِدَادٌ یَّاْکُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ○ ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِکَ عَامٌ فِیْهِ یُغَاثُ النَّاسُ وَفِیْهِ یَعْصِرُوْنَ ○

ترجمہ: غرض وہ یوسف علیہ السلام کے پاس آیا اور کہنے لگا اے بڑے سچے یوسف علیہ السلام ہمیں اس خواب کی تعبیر بتایئے کہ سات موٹی گائیوں کو سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات گوشے سبز ہیں اور سات سوکھے تا کہ میں لوگوں کے پاس جا کر تعبیر بتا سکوں شاید وہ تمہاری قدر جانیں۔ انہوں نے کہا کہ تم لوگ سات سال متواتر کھیتی کرتے رہو گے تو جو (غلہ) کاٹو، تو تھوڑے سے غلے کے سوا جو کھانے میں آئے اسے گوشوں ہی میں رہنے دینا پھر اس کے بعد (خشک سالی کے) سات سال آئیں گے کہ جو غلہ تم نے جمع کر رکھا ہو گا وہ سب اس کو کھا جائیں گے صرف وہی تھوڑا سا رہ جائے گا جو تم احتیاط سے رکھ

Marfat.com

چھوڑو گے پھر اس کے بعد ایک سال ایسا آئے گا کہ خوب بارش ہوگی اور لوگ اس میں رَس نچوڑیں گے۔

لئے اجازت بادشاہ کولوں پاس یوسفؑ دے آیا　　خواب تعبیر دسّو حضرتؑ اساں تساں نوں سچا پایا
ست گائیں جو دُبلیاں ہیسن موٹیاں ستاں نوں کھایا　　آیا خواب بادشاہ دے تائیں کسے نئیں حل بتایا
ست گوشے سبز ڈٹھے تے ست ہی ڈٹھے سوکھے　　دساں تعبیر جد واپس جا کے شاید قدر تمہاری سوجھے
ست سال کرو تسیں کھتی باڑی حضرتؑ نے فرمایا　　رکھو غلہ گوشیاں اندر جو کھایا سو کھایا
اگلے ست خشک سالاں وچ اسنوں تساں نے کھانا　　اگلے سال جدوں بارش ہوسی اس لئی کجھ بچانا

وَقَالَ الْمَلِکُ ائْتُوْنِیْ بِہٖ فَلَمَّا جَآءَہُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰی رَبِّکَ فَسْئَلْہُ مَا بَالُ النِّسْوَۃِ الّٰتِیْ قَطَّعْنَ اَیْدِیَھُنَّ ط اِنَّ رَبِّیْ بِکَیْدِھِنَّ عَلِیْمٌ o قَالَ مَا خَطْبُکُنَّ اِذْرَاوَدْتُّنَّ یُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِہٖ ط قُلْنَ حَاشَ لِلّٰہِ مَا عَلِمْنَا عَلَیْہِ مِنْ سُوْٓءٍ ط قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ الْئٰنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ز اَنَا رَاوَدْتُّہٗ عَنْ نَّفْسِہٖ وَ اِنَّہٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ o ذٰلِکَ لِیَعْلَمَ اَنِّیْ لَمْ اَخُنْہُ بِالْغَیْبِ وَ اَنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِیْ کَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ o　　(رکوع ۷)

ترجمہ: یہ تعبیر سن کر بادشاہ نے حکم دیا یوسف علیہ السلام کو میرے پاس لے آؤ جب قاصد ان کے پاس گیا تو انہوں نے کہا کہ اپنے آقا کے پاس واپس جاؤ اور ان سے پوچھو کہ ان عورتوں کا کیا حال ہے جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لیے تھے، بیشک میرا پروردگار ان کے مکروں سے خواب واقف ہے (بادشاہ نے عورتوں سے) پوچھا کہ بھلا اس وقت کیا ہوا تھا جب تم نے یوسفؑ کو اپنی طرف مائل کرنا چاہا؟ وہ بولیں کہ حاشا للہ ہم نے اس میں کوئی برائی معلوم نہیں کی۔ عزیز کی عورت نے کہا اب سچی بات تو ظاہر ہو ہی گئی ہے (اصل یہ ہے کہ) مَیں نے اس کو اپنی طرف مائل کرنا چاہا تھا اور وہ بے شک سچا ہے یوسف علیہ السلام نے کہا کہ میں نے یہ بات اس لیے پوچھی ہے کہ عزیز کو یقین ہو جائے کہ میں نے اس کی پیٹھ پیچھے اس کی (امانت میں) خیانت نہیں کی اور اللہ خیانت کرنے والوں سے مکروں کو رو براہ نہیں کرتا۔

Marfat.com

سن تعبیر شاہ مصر نے دتا حکم سنا واپس جا ہن قاصد میرے یوسفؑ لے کے آ
قاصد پہنچیا پاس یوسفؑ دے دتا حکم سنا یوسفؑ کہیا لوٹ جا ایتھوں مالک تو گل پوچھا
پوچھو اوہناں عورتاں کولوں کیسے حال اوہناندے ہتھ کٹے جنہاں اپنے آپ رب جانے مکر اوہناندے
پچھیا بادشاہ ناراں کولوں دسو حال پرانا کھادی دعوت زلیخا کولوں یوسفؑ چاہا پھسلانا
ناراں گل دعوت والی شاہ نوں کھول سنائی حاشاللہ یوسفؑ اندر برائی نیکسی کوئی پائی
کہیا عورت عزیز مصر دی ہن کیہہ بھید چھپانا بے شک یوسفؑ سچا ہے جے میں ہی چاہا پھسلانا
ہووے یقین عزیز مصر نوں تاں یوسفؑ گل پوچھائی ظاہر قصور عورت دا ہووے وچ یوسفؑ میل نہ کائی
امانت وچ خیانت نئیں کیتی یوسفؑ ثابت کیتا عزیز مصر دی عورت عاجز مکر بہانا کیتا

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ ج اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ م بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ط اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ o وَقَالَ الْمَلِکُ ائْتُوْنِیْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِیْ ج فَلَمَّا کَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّکَ الْیَوْمَ لَدَیْنَا مَکِیْنٌ اَمِیْنٌ o قَالَ اجْعَلْنِیْ عَلٰی خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ج اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ o وَکَذٰلِکَ مَکَّنَّا لِیُوْسُفَ فِی الْاَرْضِ ج یَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَیْثُ یَشَآءُ ط نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ o وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَیْرٌ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ کَانُوْا یَتَّقُوْنَ o ع

ترجمہ: اور میں اپنے تائیں پاک صاف نہیں کہتا کیونکہ نفس (امارہ انسان کو) برائی ہی سکھاتا رہتا ہے مگر یہ کہ میرا پروردگار رحم کرے بے شک میرا پروردگار بخشنے والا مہربان ہے بادشاہ نے حکم دیا کہ اسے میرے پاس لاؤ میں اسے اپنا مصاحب خاص بناؤں گا پھر ان سے گفتگو کی تو کہا آج سے تم صاحب منزلت اور صاحب اعتبار ہو۔ یوسف علیہ السلام نے کہا مجھے اس ملک کے خزنوں پر مقرر کر دیں کیونکہ میں حفاظت بھی کر سکتا ہوں اور (اس کام سے) واقف ہوں اس طرح ہم نے یوسف علیہ السلام کو ملک (مصر میں) جگہ دی اور وہ اس ملک میں جہاں چاہتے تھے رہتے تھے ہم اپنی رحمت جس پر چاہتے ہیں کرتے

Marfat.com

ہیں اور نیکوکاروں کے اجر کو ضائع نہیں کرتے اور جو ایمان لائے اور ڈرتے رہے ان کے لیے آخرت کا اجر بہت بہتر ہے۔

اپنے آپ نوں مَیں پاک نہ آکھاں یوسفؑ بول سنایا رب رحیم جو بخشن ہارا مہربان نے مجھے بچایا
قصہ سارا عزیز نے سنیا یوسفؑ کول بلایا گفتگو نال یوسفؑ دے کیتی مصاحب خاص بنایا
صاحب اعتبار یوسفؑ توں بندہ امین وی عزیز بتایا دیو خزانے ملک دے مینوں یوسفؑ بول سنایا
کراں حفاظت ملک دی شاہا واقف مَیں اس کاروں جائے خزاں یعقوبؑ دے باغوں عاجزؔ پھل کھلن گلزاروں

پس اس طرح اللہ نے حضرت یوسف علیہ السلام کو ملک مصر میں جگہ دی جہاں چاہتے رہتے تھے۔

من مرضی دی رحمت میری یوسفؑ موج مناوے نیکاں نوں بدلہ نیک ہی ملسی اللہ خود فرماوے
لان ایمان جو آخرت اتے رب توں ڈردے رہسن پرہیزگاری اپناون جہڑے عاجزؔ اجر خدا توں لیسن

وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِىْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّىْٓ اُوْفِى الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِىْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِىْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ۝ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ۝ وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِىْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝

ترجمہ: اور یوسف علیہ السلام کے بھائی (کنعان سے مصر میں غلہ کے خریدنے کے لیے) آئے تو یوسف علیہ السلام کے پاس گئے تو (یوسف علیہ السلام نے) ان کو پہچان لیا اور وہ ان کو نہ۔ یوسف علیہ السلام نے ان کے لیے ان کا سامان تیار کر دیا تو کہا کہ (پھر آنا تو) جو باپ کی طرف سے تمہارا ایک اور بھائی ہے اسے بھی میرے پاس لیتے آنا کیا تم نہیں دیکھتے کہ ہم ناپ بھی پورا دیتے ہیں اور مہمان نوازی بھی خوب کرتے ہیں اور اگر تم اسے میرے پاس نہ لاؤ گے تو نہ تم کو میرے ہاں سے غلہ ملے گا اور نہ تم میرے پاس ہی آسکو گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ان کے بارے میں ان کے باپ سے تذکرہ کریں گے اور ہم (یہ کام) کر کے رہیں گے اور (یوسف علیہ السلام نے) اپنے خدام سے کہا کہ ان کا سرمایہ (یعنی غلے کی قیمت) ان کے

Marfat.com

بوروں میں رکھ دو عجب نہیں کہ جب یہ اپنے اہل وعیال میں جائیں تو اسے پہچان لیں اور عجب نہیں کہ یہ پھر یہاں آئیں۔

بھائی یوسفؑ دے مصر وچ آئے غرض تجارت کاروں
لئے پہچان سب حضرت یوسفؑ شکلاں ویکھن پاروں

جدوں حضرتؑ بھائیاں تائیں دے سامان ٹراوے
کرے تاکید اوہناں دے تائیں حکم ایہہ سناوے

ہور بھائی جو تساں دے باپوں اسنوں نال لیانا
جے نہ آندا تساں اس دے تائیں غلہ نئیں جے پانا

نہ تساں ملسے غلہ ایتھوں نہ ہی تساں نے آنا
ایہو تاکید تساں نوں کرساں اپنے بھائی کو لانا

جاکے اسدے باپ دے تائیں تذکرہ اسیں کرانواں گے
دوجے پھیرے بھائی اپنے نوں ساتھ ضرور لیانواں گے

کہیا حضرت نفراں تائیں جلدی حکم بجاؤ
سرمایہ ایناں کنعانیاں والا بوریاں وچ چھپاؤ

شاید لین پچھان سرمایا جد اوہ واپس جاون
ایسے پاروں وچ مصر دے جلد دوبارہ آون

﴿﴿﴿ ﴾﴾﴾

واپس جا کے باپ دے تائیں کنعانیاں عرض سنائی
بھیجو بنیامین دے تائیں شاہ پابندی لائی

غلہ ملسی اسدے پاروں ورنہ ملنا نائیں
نگہبانی اسیں اسدی کرساں کوئی بات بھی ایسی نائیں

پہلے وانگوں اعتبار نہ کرساں کہیا باپ زبانوں
رحم کرے نگہبان جو اللہ بہتر تساں دے نالوں

کھول ڈٹھا سامان جد اوہناں سرمایہ وچوں پایا
ہو گئی واپس اساں دی پونجی باپ نوں بول سنایا

بنیامین نوں ساتھ گھلاؤ غلہ ہور لیایئے
اسیں اسدی حفاظت کرساں اونٹ دا بوجھ ودھایئے

فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓی اَبِیْهِمْ قَالُوْا یٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَیْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ
لَحٰفِظُوْنَ ۝ قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَیْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓی اَخِیْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَیْرٌ
حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ
اِلَیْهِمْ ؕ قَالُوْا یٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِیْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَیْنَا ۚ وَنَمِیْرُ اَهْلَنَا وَ نَحْفَظُ
اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَیْلَ بَعِیْرٍ ؕ ذٰلِكَ كَیْلٌ یَّسِیْرٌ ۝

Marfat.com

ترجمہ: جب وہ واپس اپنے باپ کے پاس گئے تو کہنے لگے کہ ابا (جب تک ہم بنیامین کو اپنے ساتھ نہ لے جائیں گے) ہمارے لیے غلے کی بندش کر دی گئی ہے۔ تو ہمارے بھائی کو بھیج دیں تا کہ ہم پھر غلہ لائیں اور ہم اس کے نگہبان ہیں (یعقوبؑ نے) کہا کہ مَیں اس کے بارے میں تمہارا اعتبار نہیں کرتا مگر ویسا ہی جیسے پہلے اس کے بھائی کے بارے میں کیا تھا سو اللہ ہی بہتر نگہبان ہے اور وہ سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے اور جب انہوں نے اپنا سامان کھولا تو دیکھا کہ ان کا سرمایہ واپس کر دیا گیا ہے۔ کہنے لگے ابا جان ہمیں اور کیا چاہیے دیکھیئے یہ ہماری پونجی بھی واپس کر دی گئی ہے۔ اب ہم اپنے اہل وعیال کے لیے پھر غلہ لائیں گے اور اپنے بھائی کی نگہبانی کریں گے اور ایک شتر زیادہ لائیں گے کہ یہ غلہ جو ہم لائے ہیں تھوڑا ہے۔

قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِىْ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ج فَلَمَّآ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ o وَقَالَ يٰبَنِىَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْ م بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ط وَمَآ اُغْنِىْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَىْءٍ ط اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ج وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ o وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ط مَا كَانَ يُغْنِىْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَىْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِىْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰهَا ط وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ o

ترجمہ: (یعقوب علیہ السلام نے) کہا جب تک تم اللہ کا عہد نہ دو کہ اس کو میرے پاس (صحیح وسالم) لے آؤ گے مَیں اسے ہرگز تمہارے ساتھ نہیں بھیجوں گا مگر یہ کہ تم گھیر لیے جاؤ (یعنی بے بس ہو جاؤ تو مجبوری ہے) جب انہوں نے ان سے عہد کر لیا تو (یعقوب علیہ السلام نے کہا) کہ جو قول وقرار ہم کر رہے ہیں اس کا اللہ ضامن ہے اور ہدایت کی کہ بیٹا ایک ہی دروازے سے داخل نہ ہونا بلکہ جدا جدا دروازوں سے داخل ہونا اور میں اللہ کی تقدیر تو تم سے نہیں روک سکتا (بے شک) حکم اسی کا ہے مَیں اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور اہل توکل کو اسی پر بھروسہ رکھنا چاہیے اور جب وہ ان ان مقامات سے داخل ہوئے جہاں جہاں سے (داخل ہونے کے لیے) باپ نے ان سے کہا تھا تو وہ تدبیر خدا کے حکم کو ذرا بھی ٹال نہ سکتی تھی ہاں وہ یعقوبؑ کے دل کی خواہش تھی جو انہوں نے پوری کی تھی اور بے شک وہ صاحب علم تھے کیونکہ ہم نے ان کو علم سکھایا تھا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

Marfat.com

پکا عہد دیو اساں نوں واپس صحیح لیاسو کیہہ کرسو تسیں بچیو اوتھے جے گھیرے وچ آ جاسو
دتا ضامن اللہ اوہناں قول اقرار کرایا تاں منّے پھر یعقوبؑ پیغمبر بچیاں نوں سمجھایا
اک دروازے جانا نئیں جے جدا جدا تساں جانا تقدیر اللہ دی موڑ نہ سکساں کم میرا سمجھانا
اہل توکل کرے بھروسہ ذات خدا دی اتے مَیں آس اوسے دی رکھی جو حاکم سب دے اتے
علیحدہ علیحدہ داخل ہوئے حکم باپ دے پاروں تدبیر تقدیر موڑ نہ سکے جو لکھی ہووے درباروں

ہاں وہ یعقوب علیہ السلام کے دِل کی خواہش تھی جو انہوں نے پوری کی تھی اور بے شک وہ صاحب علم تھے کیونکہ ہم نے ان کو علم سکھایا تھا لیکن اکثر لوگ نہیں مانتے۔

وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰٓى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ○ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ○ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ○ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ○ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ○

ترجمہ: اور جب وہ یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے تو یوسف علیہ السلام نے اپنے حقیقی بھائی کو اپنے پاس جگہ دی اور کہا کہ مَیں تمہارا بھائی ہوں تو جو سلوک یہ (ہمارے ساتھ) کرتے رہے ہیں اس پر افسوس نہ کرنا جب ان کا اسباب تیار کر دیا تو اپنے بھائی کے بورے میں گلاس رکھ دیا پھر (جب وہ آبادی سے باہر نکل گئے تو) ایک پکارنے والے نے آواز دی کہ قافلے والو تم تو چور ہو وہ ان کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگے کہ تمہاری کیا چیز کھوئی گئی ہے وہ بولے کہ بادشاہ (کے پانی پینے) کا گلاس کھو گیا ہے اور جو شخص اس کو لے آئے اس کے لیے ایک اونٹ کا بوجھ انعام اور مَیں اس کا ضامن ہوں وہ کہنے لگے کہ اللہ کی قسم تم کو معلوم ہے کہ ہم (اس) ملک میں اس لیے نہیں آئے کہ خرابی کریں اور نہ ہم چوری کیا کرتے ہیں بولے کہ اگر تم جھوٹے

Marfat.com

نکلے (یعنی چوری ثابت ہوئی) تو اس کی سزا کیا؟

پہنچے جس دم کول یوسفؑ دے حضرت بھائی بلایا کول بٹھایا بنیامینؑ نوں اپنا آپ بتایا
یوسفؑ ہاں میں بھائی تیرا پردے نال سمجھایا اس پر کوئی افسوس نئیں کرنا جو بھائیاں کسب کمایا
بنھ اسباب کنعانیاں والا یوسفؑ تیار کرایا بنیامینؑ دے بورے اندر پیالہ اک رکھایا
جدوں گئے آبادیوں باہر پچھیوں اعلان کرایا اس بہانے روکے سارے پچھے منہ پرتایا
متوجہ ہو کے پچھن لگے دسّو کیہہ گووایا ہویا گُم پیالہ شاہ دا نفران بول سنایا
جو کوئی خود پیالہ دیوے فائدہ اساں توں پاوے اونٹ کا بوجھ انعام اوہ پاوے ضامن مجھے رکھاوے
قسم خدا دی تسیں بہتر جانوں نہ اسیں چور فسادی نئیں خرابی اساں کوئی کیتی تلاشی کرو اساڈی
جس دے بوریوں چوری نکلے اسنوں کیا سزا کرانا پھر تلاشی تساں دی ہوسی جلدی ہمیں بتانا
جس دے پاسوں چوری نکلے اوہی بدلہ دیسی ایہو سزا ظالماں تائیں کوئی نہ عذر کریسی

قَالُوْا جَزَآؤُہٗ مَنْ وُّجِدَ فِیْ رَحْلِہٖ فَھُوَ جَزَآؤُہٗ ؕ کَذٰلِکَ نَجْزِی الظّٰلِمِیْنَ ۝ فَبَدَ
اَبِاَوْعِیَتِھِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِیْہِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَھَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِیْہِ ؕ کَذٰلِکَ کِدْنَا لِیُوْسُفَ
مَا کَانَ لِیَاْخُذَ اَخَاہُ فِیْ دِیْنِ الْمَلِکِ اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰہُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ
وَفَوْقَ کُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ ۝ قَالُوْٓا اِنْ یَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّہٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّھَا
یُوْسُفُ فِیْ نَفْسِہٖ وَلَمْ یُبْدِ ھَا لَھُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّکَانًا ۚ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ۝
قَالُوْا یٰٓاَیُّھَا الْعَزِیْزُ اِنَّ لَہٗٓ اَبًا شَیْخًا کَبِیْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَکَانَہٗ ۚ اِنَّا نَرٰکَ مِنَ
الْمُحْسِنِیْنَ ۝ قَالَ مَعَاذَ اللّٰہِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَہٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا
الظّٰلِمُوْنَ ۝ ع

ترجمہ: کہنے لگے کہ اس کی سزا یہ کہ جس کے بورے سے دستیاب ہو وہ اس کا بدلہ قرار دیا جائے ہم ظالموں کو ہی سزا دیا

Marfat.com

کرتے ہیں پھر (یوسف علیہ السلام نے) اپنے بھائی کے بورے سے پہلے ان کے بوروں کو دیکھنا شروع کیا پھر اپنے بھائی کے بورے میں سے اس کو نکال لیا اس طرح ہم نے یوسف علیہ السلام کے لیے تدبیر کی (ورنہ) شاہی قانون کے مطابق اسے حق نہیں پہنچتا کہ وہ اپنے بھائی کو لے سکے مگر ہم جس کے چاہتے ہیں درجے بلند کرتے ہیں اور ہر علم والے سے دوسرا علم والا بڑھ کر ہے۔ (برادران یوسف علیہ السلام نے) کہا کہ اگر اس نے چوری کی ہو تو (کچھ عیب نہیں کہ) کہ اس کے بھائی نے بھی پہلے چوری کی تھی یوسف علیہ السلام نے اس بات کو اپنے دل میں مخفی رکھا اور ان پر ظاہر نہ ہونے دیا (اور) کہا کہ تم بڑے بدقماش ہو اور جو تم بیان کرتے ہو اللہ اسے خوب جانتا ہے وہ کہنے لگے کہ اے عزیز اس کے والد بہت بوڑھے ہیں (اور اس سے بہت محبت رکھتے ہیں) تو (اس کو چھوڑ دیجیے اور) اس کی جگہ ہم میں سے کسی کو رکھ لیں اس کی جگہ ہم دیکھتے ہیں کہ آپ احسان کرنے والے ہیں۔ یوسف علیہ السلام نے کہا کہ اللہ پناہ میں رکھے جس شخص کے پاس ہم نے اپنی چیز پائی ہے اس کے سوا کسی اور کو پکڑ لیں' ایسا کریں تو ہم (بڑے) بے انصاف ہیں۔

جس دے پاسوں چوری نکلے اوہ ہی بدلہ دیسی ایہو سزا ظالماں تائیں کوئی نہ عذر کریسی
کھولے بورے دوجیاں والے لبھی چیز نہ کائی آ گئی واری بنیامین دی جس توں لبھنی آہی
پیالہ ملیا بورے وچوں رب تدبیر بنائی کامل قدرت رب دی عاجز بھائی نوں ملیا بھائی

ورنہ بادشاہ کے قانون کے مطابق وہ مشیت کے خدا کے سوا اپنے بھائی کو نہیں مل سکتے تھے ہم جس کے چاہتے ہیں درجے بلند کرتے ہیں اور ہر علم والے سے دوسرا علم والا بڑھ کر ہے (برادران یوسف علیہ السلام نے کہا) کہ اس نے چوری کی تو (کچھ عیب نہیں کہ) اس کے بھائی نے بھی پہلے چوری کی تھی یوسف علیہ السلام نے اس بات کو اپنے دل میں مخفی رکھا اور ان پر ظاہر نہ ہونے دیا (اور) کہا کہ تم بڑے بدقماش ہو اور جو تم بیان کرتے ہو اللہ اسے خوب جانتا ہے۔

بوڑھا باپ اسدا شاہا ہر کوئی بول سناوے رکھ لو کوئی اساں دے وچوں جس تے مرضی آوے
رکھے رب پناہ دے اندر یوسفؑ بول سنایا اساں نئیں کرنی بے انصافی پیالہ استوں پایا

فَلَمَّا اسْتَيْئَسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ط قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ج فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى

Marfat.com

يَاْذَنَ لِيْٓ اَبِيْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ج وَهُوَا خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ o اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ج وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ o

ترجمہ: جب وہ اس سے ناامید ہو گئے تو الگ ہو کر صلاح کرنے لگے سب سے بڑے نے کہا کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے باپ نے تم سے اللہ کا عہد لیا ہے اور اس سے پہلے بھی تم یوسف علیہ السلام کے بارے میں تقصیر کر چکے ہو اور جب تک والد صاحب مجھے حکم نہ دیں مَیں تو اس جگہ سے نہیں ہلوں گا۔ اللہ میرے لیے کوئی اور تدبیر کرے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے تم سب والد صاحب کے پاس جاؤ اور کہو کہ ابا تمہارے صاحبزادے نے (وہاں جا کر) چوری کی اور ہم نے اپنی دانست کے مطابق آپ سے (اس کے لیے آنے کا) عہد کیا تھا مگر ہم غیب (کی باتوں) کے (جاننے اور) یاد رکھنے والے تو نہیں تھے۔

وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَا الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ط وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ o قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ط فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ط عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ط اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ o وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ o قَالُوْا تَا اللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ o قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَ حُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ o

ترجمہ: اور جس بستی میں ہم ٹھہرے تھے وہاں سے (یعنی اہل مصر سے) اور جس قافلے میں آئے ہیں اس سے دریافت کر لیں اور ہم (اس بیان میں) بالکل سچے ہیں (جب انہوں نے یہ بات یعقوب علیہ السلام سے آ کر کہی تو) انہوں نے کہا (حقیقت یوں نہیں ہے) بلکہ یہ بات تم نے اپنے دل سے بنالی ہے۔ تو صبر ہی بہتر ہے شاید ان سب کو میرے پاس لے آئے بے شک وہ دانا (اور) حکمت والا ہے پھر ان کے پاس سے چلے گئے اور کہنے لگے کہ ہائے افسوس یوسف علیہ السلام (ہائے افسوس) اور رَنج والم میں ان کی آنکھیں سفید ہو گئیں اور ان کا دِل غم سے بھر رہا تھا بیٹے کہنے لگے کہ خدا کی قسم آپ

Marfat.com

اسی طرح یاد ہی کرتے رہیں گے تو یا تو بیمار ہو جائیں گے یا جان ہی دے دیں گے انہوں نے کہا کہ مَیں تو اپنے غم اندوہ کا اظہار اللہ سے کرتا ہوں اور اللہ کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

يَبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْئَسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ط اِنَّه، لَا يَايْئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا لْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ o فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَ تَصَدَّقْ عَلَيْنَا ط اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِى الْمُتَصَدِّقِيْنَ o قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ o

ترجمہ: بیٹا (یوں کرو کہ ایک دفعہ پھر) جاؤ اور یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائی کو تلاش کرو اور اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو اور اللہ کی رحمت سے بے ایمان لوگ مایوس ہوا کرتے ہیں جب وہ یوسف علیہ السلام کے پاس گئے تو کہنے لگے کہ عزیز ہمیں اور ہمارے اہل وعیال کو بڑی تکلیف ہو رہی ہے اور ہم تھوڑا سا سرمایہ لائے ہیں آپ ہمیں (اس کے عوض) پورا غلہ دیں اور خیرات دیجیئے کہ اللہ خیرات کرنے والوں کو ثواب دیتا ہے (یوسف علیہ السلام) نے کہا تمہیں معلوم ہے کہ جب تم نادانی میں پھسلے ہوئے تھے تو تم نے یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا کیا تھا؟

ڈبی کشتی مَرے سپاہی لڑکا واپس آیا — کون کوئی نہ منیں جہڑا حاکم آپ خدایا
لڑکا پیش آ شاہ دے ہویا اس نے بات سنائی — ڈب گئے سارے سپاہی تیرے رب میری جان بچائی
مار نہ سکیں توں شاہا مینوں مَیں تُد نوں گل سناواں — جے نہ کریں توں دسیا میرا ایوی نال بتاواں
کرلے لوگ اکٹھے کافی کھلے وچ میدان — پھر توں اس تے عمل کماویں اے ظالم بے ایمان
کھجور دے اک ڈنڈل اُتے سولی دینا مینوں — بسم اللہ رب الغلام کہہ کے تیر لگاویں مینوں
ماریں تیر گلے دے اُتے جدوں ویکھے خلقت ساری — ہوسی پھر حوالے رب دے ایہہ میری جان پیاری
بادشاہ ظالم ایویں کیتا لڑکا مار مُکایا — حق پرست ایہہ لڑکا ہے سی ہر کوئی ایمان لیایا
پھر اک خندق شاہ پٹائی اس وچ اَگ مچائی — کہندا تساں کیوں دین اپنایا تے اَگ وچ آؤندا پائی

اس مقام پر یہ بھی بتایا گیا ہے کہ جب ان ایماندار لوگوں کو آگ میں ڈالا جاتا تو ان کی جانیں بحکم خدا پہلے ہی پرواز کر جاتیں اور ان روحوں کو آگ کی کوئی آنچ نہ آتی۔

لائے عورت اک بچے والی جس کول بال انجانا — پانی حلقوں لنگدا نہیسی پر ماں منیا حکم ربانا
دین پیارا وی چھڈ نہ سکے دِل پیار بچے دا آوے — بچہ گودی جد لے کے آئی ول ول پَین کلاوے
زار و زار اوہ روے عورت نظر آسمان وَل جاوے — واہ مولیٰ تیری بے پرواہی ٹردی اَگ ول اوہ جھجکاوے
معصوم بچے اس بول سنایا سن توں ماں پیاری — بیشک ہیں توں سدھے رستے نہ کر گریہ زاری

Marfat.com

من لے ماں تقدیر الٰہی جویں لکھی خداوند باری — کر لے راضی ذات خدا دی کوئی کرسی بات ہماری
اوکھی بات ہے توڑ نبھاہنی سوکھی کہنی یاری — عاجزؔ جنہاں خدا نال لائی نئیں کر دے جان پیاری
تماشائی جو منکر اوتھے پھر واری اوناں دی آئی — ساڑدِ تے اس اگ نے سارے جدوں خندقوں باہر آئی
سبحان اللہ تیری ذات خدایا تو مالک ہر ہر دا — کریں معاف محبوبؐ دا صدقہ عاجزؔ کلمہ سوہنےؐ دا پڑھدا

اِنَّ الَّذِیْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَ لَهُمْ عَذَابُ الْحَرِیْقِ ۝

ترجمہ: بے شک جنہوں نے ایذادی مسلمان مردوں اور عوتوں کو پھر توبہ نہ کی ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور ان کے لیے آگ کا عذاب ہے۔

جنہاں تکلیف مسلماناں نوں دِتی اس وچ شک نہ کائی — جا سن نار جہنم اندر جے نہ توبہ کر بخشائی

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ط ذٰلِکَ الْفَوْزُ الْکَبِیْرُ ۝

ترجمہ: بے شک جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے ان کے لیے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں رواں یہی بڑی کامیابی ہے۔

تو اس آیت پاک سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ صرف ایمان لانے سے انسان جنت کا حقدار نہیں ہوتا بلکہ ایمان لانے کے ساتھ ساتھ اس کے اعمال بھی اچھے ہوں تو پھر جنت کا حقدار ہوتا ہے اور اعمال اچھے ہونے کے باوجود بھی کوئی ان اعمال پر فخر و تکبر نہ کرے بلکہ عاجزانہ طور پر ہی اللہ کے فضل و کرم اور اس کی رحمت کا اُمیدوار رہے اور نہ یہ ہی ہونا چاہیے کہ ایمان تو اللہ اور اسکے رسول ﷺ پر لے آیا اور عمل بد کو ترک نہ کیا تو پھر کافروں اور منافقوں کی طرح برائی کو اپناتے پھرا تو اسے اس ایمان لانے کا کیا فائدہ حاصل ہوگا جب تک عمل اچھے نہ کیے۔

نیک اعمال جنہاں نے کیتے جنت اندر اوہ جا سن — جنہاں باغاں تلے نہراں جاری حکم الٰہی فرماسن

Marfat.com

ابوجہل کا آنا حضور ﷺ پر وار کرنے کیلئے بوقت نماز

اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یَنْهٰی ۝ عَبْدًا اِذَا صَلّٰی ۝ (سورۃ العلق)

ترجمہ: بھلا دیکھو تو جو منع کرتا ہے نماز پڑھنے سے۔

شانِ نزول: یہ آیت ابوجہل کے حق میں نازل ہوئی اس نے رسول کریم سیّد عالم ﷺ کو نماز پڑھنے سے منع کیا اور جو الفاظ اس نے حضور ﷺ کے خلاف بولے میرا دِل نہیں چاہتا کہ مَیں ان کو اشعار میں لکھوں اور ان کا بتانا بھی میرے لیے مجبوری ہے تفسیر میں یوں لکھا ہے اس نے کہا اے لوگو مَیں محمد ﷺ کو ایسا کرتے (یعنی نماز پڑھتے) دیکھوں گا تو (معاذ اللہ) گردن پاؤں سے کُچل دوں گا اور چہرہ خاک میں ملا دوں گا (نعوذ باللہ) پھر اسی ارادہ فاسدہ سے وہ آیا جبکہ حضور ﷺ نماز میں مصروف تھے۔

جدوں حضور سید عالمؐ نماز دے اندر سر سجدے وچ پایا ابوجہل دوڑ کے آیا نالے ارادہ غلط اپنایا
جس دم پاس نبیؐ دے آیا اُلٹا دوڑن لگا اپنے اَگے اس ہتھ کھلارے جویں ڈکّن کسے نوں لگا
ساہ نال ساہ نہ ملدا اسدا مُڑکا دھارو دھاری تھرتھر ظالم کمبنی جاوے مت پلید دی ماری
ساتھیاں پچھیا دَس کیہہ ہویا پر گل نہ کرنی آوے آخرکار جدوں دسّن لگا گل کر دا تھتیاوے
کہندا یارو کجھ نہ پچھو نال میرے جو ہوئی پتہ ہوندا مَیں کدیں نہ جاندا نہ لاہندا شرم دی لوئی
جدوں پاس محمدؐ دے پہنچا اک خندق نظر مینوں آوے اَگ دے بھانبڑ اس وچ بلدے مینوں آفت پکڑن آوے
جو کہ اصل میں فرشتے تھے بصورت مہیب جانور
اُلٹے پاؤں مَیں اوتھوں نسیا اَگے ہتھ پھیلائی تَرلے کر دا لِلّاں لیندا میں آیا جان بچائی
پتہ ہوندا مَیں کدیں نہ جاندا سُن لو سارے بھائی اک وار شکنجے وچوں مَر مَر جان چھڑائی

Marfat.com

دِکھلاوے کی نماز

اللہ رب العزت نمازِ دکھلاوا کے بارے میں ارشاد فرماتا ہے۔

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۙ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۙ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۙ وَ يَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝ (سورۃ الماعون)

ترجمہ: تو ان نمازیوں کی خرابی ہے جو اپنی نماز سے بھولے بیٹھے ہیں وہ جو دِکھلاوا کرتے ہیں اور برتنے کی چیزیں مانگے نہیں دیتے۔

ان آیات سے مراد منافقین لوگ ہیں جو اکیلے ہوتے ہوئے تو نماز نہیں پڑھتے اور نمازی کہلوانے کے لیے دوسروں کے سامنے نماز پڑھتے ہیں اس کو نمازِ دِکھلاوا کہتے ہیں اور اس کے علاوہ حضور سیّد عالم ﷺ کی حدیث پاک ہے کہ نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے تو اگر نمازی ان برائیوں سے باز رہتا ہے اور نماز صرف اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے پڑھتا پھر تو صحیح ہے لیکن جو آدمی نماز تو پڑھے اور برائیوں کو تَرک نہ کرے اس نماز کو بھی نمازِ دکھلاوا ہی کہا جا سکتا ہے۔ لہٰذا سورۃ العصر میں اللہ رب العزت ارشاد فرماتا ہے

زمانہ نبیؐ دی کھا رب قسم بتاوے بیشک لوگ نے وچ خسارے — مگر ایمان جو لیائے لوکیں تے چنگے کیتے کارے
راہِ حق اک دوجے نوں دَس دے صبر نصیحت کر دے — عاجزؔ ایہہ نئیں کم خسارے والا جو نیک لوگ نے کر دے

تو ثابت یہ ہوا کہ نماز کے ساتھ ساتھ اعمال کا نیک ہونا بھی ضروری ہے۔

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۭ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۭ

ترجمہ: اے محبوب ﷺ بیشک ہم نے تمہیں بے شمار خوبیاں عطا فرمائیں تو تم اپنے رب کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو۔

بے حد خوبیاں رب بتائیاں پاک محمد ﷺ بارے — پڑھو نماز خدا دے کارن کرو قربانی نالے

یعنی اللہ رب العزت نے اور فضائل کثیرہ عنایت فرما کر تمام خلق پر افضل کیا حسن ظاہر بھی دیا حسنِ باطن بھی نسب عالی بھی نبوت بھی کتاب بھی حکمت بھی علم بھی شفاعت بھی حوض کوثر بھی مقام محمود بھی کثرتِ امت بھی عدائے دین پر غلبہ بھی

Marfat.com

کثرتِ فتوح بھی اور بے شمار نعمتیں اور فضیلتیں عطا فرمائیں اور یہاں اس نماز سے مراد نمازِ عید بھی ہے۔

اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

ترجمہ: جو تمہارا دُشمن ہے وہی ہر خیر سے محروم ہے۔

کیونکہ آپ ﷺ کی آل کا سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا آپ ﷺ کا ذکر ممبروں پر بلند ہوگا قیامت تک پیدا ہونے والے عالم اور واعظ اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ساتھ آپ ﷺ کا ذکر کرتے رہیں گے اور آپ ﷺ پر درود پاک پڑھتے رہیں گے بے نام ونشان اور ہر بھلائی سے محروم تو آپؐ کے دُشمن ہیں۔

شانِ نزول: جب سیّد عالم ﷺ کے فرزند حضرت قاسم کا وصال ہوا تو کفار نے آپ ﷺ کو اَبْتَرُ یعنی مُنْقَطِعُ النَّسَلُ کہا کہ آپ کی نسل نہیں رہی اور ان کے بعد ان کا ذکر بھی نہ رہے گا اور یہ چرچا ختم ہو جائے گا تو اس پر آیت کریم اللہ رب العزت نے نازل فرمائی۔

ذکرو چرچا رہسی تیرا محبوبا حکم خدا فرماوے نام و نشان اسدا ای مٹسی جو دُشمن تیرا بن آوے

ابولہب اور اس کی بیوی

تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَهَبٍ وَّ تَبَّ ۝

ترجمہ: تباہ ہو جائیں ابولہب کے دونوں ہاتھ اور وہ تباہ ہی ہو گیا۔

شانِ نزول: جب نبی کریم ﷺ نے کوہ صفا پر عرب کے لوگوں کو دعوت دی ہر طرف سے لوگ آئے اور حضور ﷺ نے اپنے صدق وامانت کی شہادتیں ان سے لینے کے بعد فرمایا اِنِّی لَکُمْ نَذِیْرٌ بَیْنَ یَدَیْ عَذَابٍ شَدِیْدٍ اس پر ابولہب نے حضور ﷺ سے کہا تھا کہ تم تباہ ہو جاؤ کیا تم نے ہمیں اس لیے جمع کیا تھا اس پر یہ آیت شریف نازل ہوئی اور اللہ رب العزت نے اپنے محبوب ﷺ کی طرف سے جواب دیا ابولہب کا نام عبدالعزیٰ ہے یہ حضرت عبدالمطلب کا بیٹا اور حضور ﷺ کا چچا تھا بہت گورا خوبصورت آدمی تھا اس لیے اس کی کنیت ابولہب ہے اور اسی کنیت سے وہ مشہور تھا دونوں ہاتھ سے مراد اس کی ذات ہے۔

Marfat.com

تباہ ہوویں توں ابولہبا حکم خدا فرمایا ہووی گیا سی بے شک لوگو کم مال نہ اسدے آیا

سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُه‘ ط حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِىْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

ترجمہ: اب دھنستا ہے لپٹ مارتی آگ میں وہ اور اس کی جورو (بیوی) لکڑیوں کا گٹھا سر پر اٹھاتی اس کے گلے میں کھجور کی شال کا رسّا۔

ام جمیل بنتِ حرب بن امیہ ابوسفیان کی بہن جو رسول کریم ﷺ سے نہایت عناد و عداوت رکھتی تھی اور یہ بہت دولتمند بڑے گھرانے کی تھی لیکن سیّد عالم ﷺ کی عداوت میں انتہا کو پہنچی تھی کہ خود اپنے سر پر کانٹوں کا گٹھا رکھ کر حضور ﷺ کے راستہ میں بکھیرتی تھی تا کہ حضور ﷺ اور ان کے صحابیوں کو ایذا و تکلیف ہو۔

جاندی عورت سی لہب دی جنگل رہندی کنڈے اکٹھے کر دی — گٹھا بنھ کے سر تے چکدی بڑی مشکل لیا سی دھر دی
اس گٹھے نوں کھول کے منکر رہندی راہ حضورؐ دا تکدی — جس راہوں آقا آوندے دِسدے کنڈا اک اک راہ وچ رکھدی
اک دن گٹھا سر تے چکیا وزن سی کجھ چنگیرا — راستے اندر اک پتھر آیا لگی اس تے کرن بسیرا
بحکم خدا اک مَلک نے آ کے کیتا پچھے نوں وزن ودھیرا — عاجزؔ وزن جد پچھے نوں ہویا کیتا رسی گل وچ پھیرا
اوہ رسی جھڑی پہلوں لگدی سی بڑی پیاری — ہتھیں گنڈاں سن جس نوں دتیاں اوہ ہی آ گئی کاری
نہ کوئی کول بھین نہ بھائی نہ اس ویلے ماپے — سارے کارے ساہنویں آ گئے جدوں گل وچ پئے گئے چھاپے
نہ ہی چیخ پکار کوئی نکلے نہ ہی رویا جاوے — کون پلاوے پانی اوتھے ساہ اُتھا مڑ آوے
اَکھیں تاڑے لگیاں ہوسن جِبّ دی ہوسی بنّے — گھر والے سب لبھدے ہوسن کتھے گیوں رَنیں
آیا مَلک الموت ڈراؤنی شکلے اس ڈٹھی گل وچ گانی — روح قبض اس نار دی کیتی تے واپس گیا آسمانی
گئی نار جہنم اندر ہے فیصلہ پاک قرآنی — عاجزؔ جور ہے حسد نبیؐ دا کر دے ایہہ سمجھ اوناں دی نانی
بخش خدایا سرکارؐ دا صدقہ فضل و کرم توں کر دے — رہیے تُد دی حمد و ثنا کر دے نالے درود حضورؐ تے پڑھدے
عشق محمدیؐ ساڈے دل دے اندر پیدا مولیٰ توں کر دے — نبیؐ پاک دے نفراں اندر داخل عاجزؔ نوں کر دے

Marfat.com

نعت بحضور رسول مقبول ﷺ

مجھے دیدے دیدے دیدے خدایا غلامی محمد ﷺ کی
کہ جاؤں مَیں بھی مدینے مدینے دینے سلامی محمد ﷺ کی
نہ دیکھی نہ دیکھے گا کسی کی کوئی
جیسے دیکھی سلطانی محمد ﷺ کی

مجھے دیدے دیدے دیدے خدایا غلامی محمد ﷺ کی
کہ جاؤں مَیں بھی مدینے مدینے دینے سلامی محمد ﷺ کی
نہ بنائی خدا نے نہ بنائے گا کبھی
جیسی بنائی پیشانی محمد ﷺ کی

مجھے دیدے دیدے دیدے خدایا غلامی محمد ﷺ کی
کہ جاؤں مَیں بھی مدینے مدینے دینے سلامی محمد ﷺ کی
دین بھی اس کا اسلام بھی اس کا ایمان بھی اس کا قرآن بھی اس کا
سوہنا کلمہ نشانی محمد ﷺ کی

مجھے دیدے دیدے دیدے خدایا غلامی محمد ﷺ کی
کہ جاؤں مَیں بھی مدینے مدینے دینے سلامی محمد ﷺ کی
یہ سارے جہاں اور مال و دولت سب ہے اسی کی بدولت
تو پھر کیوں نہ کہے یہ عاجز بندہ جند جان جوانی محمد ﷺ کی

مجھے دیدے دیدے دیدے خدایا غلامی محمد ﷺ کی
کہ جاؤں مَیں بھی مدینے مدینے دینے سلامی محمد ﷺ کی

Marfat.com

اجے توں تقدیرے نہ آویں مینوں لگیاں توڑ نبھاہ لین دَیں
کر دیساں جان حوالے تیرے ابدا مدنی ﷺ مالک آ لین دَیں
مینوں اس دے سوہنے کلمے دا اُتے لباں دے ذکر پکا لین دَیں
اک ہور وی عرضی عاجزؔ دی مینوں دید حضور ﷺ دی پا لین دَیں

شانِ حضور ﷺ میں دو ہڑے

بن پاک محمد ﷺ لجپال مدنی ہوئیا براق اسوار کوئی ویکھیا جے ؟
کل نبیاں دا ہور امام ہوئیا بن مدنی سرکار ﷺ کوئی ویکھیا جے ؟
فَکَانَ قَابَ قَوْسَینِ اَو اَدنیٰ اک پاسے جاندا عرش تے یار کوئی ویکھیا جے ؟
رو رو کے اُمت بخشائے مدنی ﷺ عاجزؔ ایسا غمخوار کوئی ویکھیا جے ؟
لیندا چن نوں توڑ کے جوڑ آپے ایسا ہور مختارؐ کوئی ویکھیا جے ؟
ستر ۷۰ ہزار فرشتے جتھے آ درود پڑھدے ایسا ہور دربارؐ کوئی ویکھیا جے ؟
حوراں مَلک آسماناں تے رہن کافی جاندا سدرہ توں پار کوئی ویکھیا جے ؟
عاجزؔ جویں نبیؐ محمد ﷺ معراج کیتا ایسا کر دا یار کوئی ویکھیا جے ؟
مدنی ﷺ شیراں توں بھارو مڑا لیندا ہور سورج مُراندا کوئی ویکھیا جے ؟
شکار چھڈ کے واپس بلا لیندا رُکھ ٹور بلاندا کوئی ویکھیا جے ؟
کلمہ دیندا پڑھا سوہناؐ پتھراں نوں بن بیج کھجوراں اُگاندا کوئی ویکھیا جے ؟
وَرَفَعنَا لَکَ ذِکرَکَ محبوبؐ نوں رب آکھے عاجزؔ حکم ہور بارے آندا کوئی ویکھیا جے ؟

Marfat.com

صدقے جس دے بنے جہان سارے ایسا درِ یتیمؐ کوئی ویکھیا جے ؟
چادر دُشمناں تلے وچھائے سوہناؐ ایسا خلقِ عظیمؐ کوئی ویکھیا جے ؟
میرے مدنی محمد ﷺ دی ذات باہجوں کسے ہور بارے رب فرماندا حمؐ کوئی ویکھیا جے؟
عاجزؔ ازل توں ابد سرکارؐ دا فیض جاری آیا ایسا کریمؐ کوئی ویکھیا جے ؟
جہڑا درجہ حضور پرنور ﷺ پایا ایسا پاندا ہور کوئی ویکھیا جے ؟
اک پاک محمد ﷺ دی ذات باہجوں رب عرش تے ٹور کوئی ویکھیا جے ؟
دِتا کعبے دا قبلہ بنا مدنی اِنج فیصلہ ہور کوئی ویکھیا جے ؟
عاجزؔ صفت رب رسولؐ دی مُکدی نئیں ایسا ہور وی جوڑ کوئی ویکھیا جے ؟

قوم بنی اسرائیل کا بندروں میں مسخ ہونا اور مسلمانوں پر جمعہ فرض ہونا

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام پر کتاب توریت نازل ہوئی تو انہوں نے قوم بنی اسرائیل کو قوانین خداوندی سے آگاہ کیا تو ان لوگوں نے انکار کر دیا تو ان پر بحکم خدا عذاب نازل ہوا جیسا کہ اللہ رب العزت قرآن مجید کی سورۃ البقرہ کے آٹھویں (۸) رکوع میں ارشاد فرماتا ہے۔

وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَکُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَکُمُ الطُّوْرَ ط خُذُوْا مَآ اٰتَیْنٰکُمْ بِقُوَّۃٍ وَّ اذْکُرُوْا مَا فِیْہِ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ o ثُمَّ تَوَلَّیْتُمْ مِّنْم بَعْدِ ذٰلِکَ ج فَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَتُہٗ لَکُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ o وَ لَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِیْنَ اعْتَدَوْا مِنْکُمْ فِی السَّبْتِ فَقُلْنَا لَھُمْ کُوْنُوْا قِرَدَۃً خٰسِئِیْنَ o (سورہ البقرہ ، رکوع ۸)

ترجمہ: اور جب ہم نے تم سے عہد لیا تھا اور تم پر طور کو اونچا کیا لو ہم جو کچھ تم کو دیتے ہیں زور سے اور اُس کے مضمون یاد کرو

Marfat.com

اس اُمید پر کہ تم کو پرہیز گاری ملے پھر اس کے بعد تم پھر گئے تو اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی تو تم ٹوٹے والوں میں ہو جاتے بیشک ضرور تمہیں معلوم ہے تم میں سے جنہوں نے ہفتہ میں سرکشی کی تو ہم نے انہیں فرمایا کہ ہو جاؤ بندر دھتکارے ہوئے۔

یہاں پر اللہ رب العزت نے ہمیں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم بنی اسرائیل جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ایک کتاب آسمان کی خواہش کی' اس سے آگاہ کیا ہے اور انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ ہم اس کتاب کے قوانین پر عمل کریں گے مگر جب وہ کتاب توریت حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ رب العزت نے عطا فرمائی تو پھر وہ بنی اسرائیل قوم اس سے انکار کر گئی اور اپنا وعدہ پورا نہ کیا۔ اس بنا پر کہ اس کتاب کے قوانین ان کی خواہشوں کے خلاف تھے اور خلاف تو ہونے ہی تھے کہ آسمانی کتاب کے قوانین خدا کی مرضی کے مطابق ہوتے ہیں تو اس پر بحکم خدا حضرت جبرائیلؑ نے طور پہاڑ کو اٹھا کر ان کے سروں پر قد و قامت فاصلہ پر معلق کر دیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا! یا تو تم عہد قبول کرو ورنہ پہاڑ تم پر گرا دیا جائے گا اور تم کچل دیئے جاؤ گے اس پر صورۃً وفائے عہد پر اِکراہ تھا اور حقیقت پہاڑ کا سروں پر معلق کر دینا آیت الٰہی اور قدرت برہان قوی ہے اس سے دِلوں کا اطمینان حاصل ہوتا ہے کہ بے شک یہ رسول مظہر قدرتِ الٰہی ہیں یہ اطمینان ان کو ماننے اور عہد کو پورا کرنے کا اصل سبب ہے۔

فضل رحمت سے مراد یا تو توفیقِ توبہ ہے اور ایک قول یہ بھی ہے کہ فضل الٰہی رحمت حق سے مراد حضور سرورِ کونین ﷺ ہیں جو سارے جہانوں کے لیے رحمت ہیں معنی یہ ہیں کہ اگر تمہیں خاتم المرسلین ﷺ کے وجود کی دولت نہ ملتی اور آپ کی ہدایت و نصیحت نہ ہوتی تو تمہارا انجام ہلاک و خسران ہوتا۔ جیسا کہ شہر ایلہ میں رہنے والی بنی اسرائیل کا ہوا جن کے لیے حکم تھا کہ شنبہ کا دن عبادت کے لیے مقرر کر دیں اس روز شکار نہ کریں اور دُنیاوی مشاغل تَرک کر دیں ان کے ایک گروہ نے یہ چال کی کہ بروز جمعہ کو دریا کے کنارے کنارے بہت سے گڑھے کھودتے اور شنبہ کے دن ان گڑھوں تک نالیاں بناتے جن کے ذریعہ پانی کے ساتھ آ کر مچھلیاں گڑھوں میں قید ہو جاتیں' یک شنبہ کو مچھلیاں پانی سے نکالتے اور پھر یہ کہتے کہ ہم شنبہ کے روز مچھلی پانی سے نہیں نکالتے۔ چالیس یا ستر ۷۰ سال تک یہی عمل رہا جب حضرت داؤد علیہ السلام کا وقت عہد آیا تو آپؑ نے ان کو ایسا کرنے سے منع فرمایا اور یہ بھی بتایا کہ قید کرنا ہی شکار کرنا ہے جو شنبہ کو کرتے ہو باز آ جاؤ ورنہ عذاب میں مبتلا ہو جاؤ گے وہ باز نہ آئے آپؑ نے دُعا کی اور وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے بندروں کی شکل میں مسخ ہو گئے' عقل و حواس تو ان کے باقی رہے مگر قوت گویائی ان کی زائل ہو گئی' بدنوں سے بدبو نکلنے لگی اپنے اس حال پر روتے روتے تین دن میں سب ہلاک ہو گئے

Marfat.com

ان کی نسل باقی نہ رہی تقریباً یہ ستر (۷۰) ہزار کے قریب تھے۔

برادرانِ اسلام! یہ واقعہ بیان کرنے کا مقصد تو یہ ہے کہ جس طرح اس قوم بنی اسرائیل کو شنبہ کا دِن خاص عبادت کیلئے بتایا گیا اور شکار کرنے سے بھی اس دن منع کیا گیا تھا یعنی کاروبار چھوڑنے کا حکم بھی دیا گیا تھا اس طرح امتِ محمدیہ ﷺ کے لیے جمعۃ المبارک کا دن خاص عبادت کے لیے مقرر فرمایا گیا ہے اور صرف جمعہ کے دن ہی اللہ رب العزت نے کاروبار چھوڑ کر عبادت کی طرف آنے کا حکم دیا نہ کہ کسی اور دن کے لیے اتنی تاکید کی ہے۔ جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نمازِ جمعہ ادا کرنا اور اس دن وعظ و نصیحت کرنا بہت ہی ضروری ہے جیسا کہ قرآن مجید میں سورۃ جمعہ کے اندر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ط ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ o (سورۃ جمعۃ، رکوع ۲)

ترجمہ: اے ایمان والو جب نماز جمعہ کی اذان ہو جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانوں۔

جمعہ کا دن سیّد الایام ہے جو مومن اس روز مَرے حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو شہید کا ثواب عطا فرماتا ہے اور فتنہ قبر سے محفوظ رکھتا ہے' اذان سے مراد اذان اول ہے نہ کہ اذان ثانی جو خطبہ سے قبل ہوتی ہے۔ لہٰذا بات توں یوں ہے کہ آج کل کافی بستیوں میں نمازِ جمعہ نہیں پڑھی جاتی اور طرح طرح کے بہانے سنے جاتے ہیں کئی کہتے ہیں کم آبادی میں نمازِ جمعہ فرض نہیں یا یہاں پر ضرورت کی چیزیں نہیں ملتیں جمعہ تو بڑے بڑے دیہاتوں شہروں میں پڑھا جانا چاہئے مگر یہ سب باتیں فضول ہیں کوئی کہہ دیتا ہے کہ یہاں کپڑا کی دُکان نہیں یہاں تو کفن بھی نہیں ملتا تو کبھی کسی نے سنا ہے یا دیکھا ہے کہ کفن نہ آسکنے کی وجہ سے کوئی میت ننگی دفن کی گئی ہو' اللہ تعالیٰ سب کو دیتا ہے۔ یہ صرف ان حضرات کے بہانے ہیں جو امام مسجد حضرات وعظ و نصیحت کرنا نہیں جانتے بے شک وہ حافظ قاری ہی کیوں نہ ہوں انہیں صرف ازصرف اپنا مقصد حل کرنا ہوتا ہے کہ جو آئے نماز پڑھاؤ اور روزی کا مسئلہ بناؤ ایسے لوگوں کو دین اسلام سے کوئی محبت نہیں ہوتی بلکہ وہ وعظ و نصیحت نہ کرنے کے معاملہ میں آکر لوگوں کو غافل کرنے کا سبب بن جاتے ہیں اور ان کے ہاتھوں نہ صرف دین کو نقصان پہنچتا ہے بلکہ وہ دین کے اور ان لوگوں کے دُشمن ثابت ہوتے ہیں جہاں جہاں وہ مسجدوں میں بروز جمعہ نمازِ جمعہ وعظ و نصیحت کے ساتھ نہیں پڑھاتے اور لوگوں کو اللہ رسول ﷺ اور قرآن و حدیث کے قوانین سے آگاہ نہیں کرتے جس وجہ سے نہ کسی کے دل میں

Marfat.com

عشق رسول ﷺ پیدا ہوتا ہے اور نہ ہی خوفِ خدا۔ دُعا ہے کہ ہم سب کو اللہ تعالیٰ نمازِ جمعہ ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اپنے محبوب ﷺ کا غلام بنائے جن کے صدقہ سے ہم گناہگاروں پر پردہ ڈالا جا رہا ہے۔

جمعرات نوں مُلاں کھاون حلوے نالے ول ول کھیراں نمازِ جمعہ پھراوکھی لگدی کہندے آؤندیاں نئیں تقریراں
جے کوئی کہے جمعہ دی بابت لگدی وانگوں تیراں بس کر عاجزؔ ایناں صاحباں دتیاں کر آخیراں
چور ایناں دے دلوں نئیں جاندا گل حق دی بچے پلنے نئیں نفع وعظ و نصیحت توں کیہ ملنا دانے کسے دی چوہدری گلنے نئیں
کدیں ایہہ نئیں بہہ کے سوچ کیتی رب باہجوں کم چلنے عاجزؔ سب نے رب دے پیش ہونا بوہے چوہدریاں
نئیں دے سدا ملنے نئیں

قاری قرآن دے پڑھن سجا آیتاں نال طرز انداز پیار یارو
جویں بلبل کھیل دے نال پھلاں وچ موسم بہار گلزار یارو
اہل سنت خطیب غلام اس دے جہڑی مدنی میری سرکارؐ یارو
ثناخوان نبی ﷺ دی نعت پڑھدے بے مثل ہے عاجزؔ ایوی کار یارو
نعت لکھنا سننا سنانا کم ہے عاشقاں دا نال نبی ﷺ پیار جو پائی پھر دے
رہندے یاد سرکارؐ دی یاد اندر اُتے لباں دے ذکر سجائی پھر دے
رکھن تاہنگ دیدار دی ہر ویلے اکھیں راہواں دے وچ وچھائی پھر دے
پڑھو لَا الٰہ الَّا اللّٰہُ مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ اللّٰہ عاجزؔ جگ وچ دین دہائی پھر دے

وسیلہ محمد ﷺ کیساتھ یہودیوں کا دُعا کرنا

وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۚ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى

Marfat.com

الْکٰفِرِیْنَ ○ (سورۃ البقرہ، رکوع ۱۱)

ترجمہ: اور جب ان کے پاس اللہ کی وہ کتاب (قرآن) آئی جو اس کے ساتھ والی کتاب (توریت) کی تصدیق فرماتی ہے اور اس سے پہلے وہ اس نبیؐ کے وسیلہ سے کافروں پر فتح مانگتے تھے تو جب تشریف لایا ان کے پاس وہ جانا پہچانا اس سے منکر ہو بیٹھے تو اللہ کی لعنت ان منکروں پر۔

شانِ نزول: چونکہ سیّد عالم ﷺ کی نبوت اور آپؐ کے اوصاف یہودی توریت کتاب میں پا چکے تھے۔ سید عالم ﷺ کی بعثت اور قرآن کریم کے نزول سے قبل یہود اپنے حاجات کے لیے حضور ﷺ کے نام پاک کے وسیلہ سے دعا کرتے اور کامیاب ہوتے اور یوں کہتے اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا وَانْصُرْنَا بِالنَّبِیِّ الْاُمِّی کہ یارب ہمیں اپنے نبیؐ امی کے صدقہ میں فتح ونصرف عطا فرما۔

مسئلہ: اس سے معلوم ہوا کہ مقبولانِ حق کے وسیلہ سے دعا قبول ہوتی ہے یہ بھی معلوم ہوا کہ حضور ﷺ سے قبل جہاں میں حضورؐ کی تشریف آوری کا شہرہ تھا اس وقت بھی بوسیلہ سرکار ﷺ خلق کی حاجت روائی ہوتی ہے۔

نبی محمدؐ دے نال وسیلے رہے یہود دعاواں کر دے — پر اے جہی آیا وبنا دنیا اندر جدوں جھولیاں رہے ن بھر دے
آیا مدنیؐ جدوں دُنیا اندر حاسد منکر ہو ہو رہے مر دے — عاجزؔ پڑھ ویکھ سورۃ بقرہ اندر رب لعنت حاسد تے کر دے

رکھیں لاج ربا اکھیں روندیاں تے ہتھاں جوڑیاں دی اپنی رحمت دا توں نزول کر دے
جا ویکھے تد دا گھر مولیٰ عرضی اساں دی توں قبول کر دے
بنے نیک تے نیک اعمال کریئے نیک اساں دے ربا اصول کر دے
قسمتِ عاجزؔ میں تو خداوندا دید روضۂ پاک رسول ﷺ کر دے

نعت رسول مقبول ﷺ

لِکھ دے لِکھ دے لِکھ دے تو مولیٰ میرے بھی مقدر میں نبی ﷺ کی غلامی لِکھ دے
کہ رہوں کرتا مَیں بھی ذکر محمد ﷺ یہی قسمت میں میری نیک کلامی لِکھ دے

Marfat.com

محمد ﷺ کے صدقہ یہ دُنیا حسین ہے انہی کے صدقہ بنا عرش بریں ہے
کر دے نظرِ کرم خدایا انہی کا صدقہ صحت قلبی، روحانی، جسمانی لِکھ دے
لِکھ دے لِکھ دے لِکھ دے تو مولیٰ میرے بھی مقدر میں نبی ﷺ کی غلامی لِکھ دے
کہ رہوں کرتا مَیں بھی ذکر محمد ﷺ یہی قسمت میں میری نیک کلامی لِکھ دے
فکر و غم مجھ سے کر دے دُور خدایا صدقے جس کے تو نے دو جہاں کو بنایا
اس نامِ محمد ﷺ کے وسیلہ سے مولیٰ دُنیا میں رہ جائے میری بھی نشانی لِکھ دے
لِکھ دے لِکھ دے لِکھ دے تو مولیٰ میرے بھی مقدر میں نبی ﷺ کی غلامی لِکھ دے
کہ رہوں کرتا مَیں بھی ذکر محمد ﷺ یہی قسمت میں میری نیک کلامی لِکھ دے
مولیٰ مجھے بھی تو ہو جائے دید حضور ﷺ کی تا کہ ہو جائے لسٹ صاف میرے قصور کی
ملے مجھے بھی نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں دُور مجھ سے خدایا پریشانی لِکھ دے
لِکھ دے لِکھ دے لِکھ دے تو مولیٰ میرے بھی مقدر میں نبی ﷺ کی غلامی لِکھ دے
کہ رہوں کرتا مَیں بھی ذکر محمد ﷺ یہی قسمت میں میری نیک کلامی لِکھ دے
ہو لاکھوں کروڑوں نبی ﷺ پہ درود و سلام
عاجزؔ کی زندگی کا ہر لمحہ مولیٰ یادِ محمد ﷺ میں قربانی لِکھ دے

ولید بن مغیرہ مخزومی کا تکبر

ولید بن مغیرہ مخزومی جو اپنی قوم میں وحید کے لقب سے ملقب تھا جو سیّد عالم ﷺ کے اوصاف مبارک سے واقف بھی تھا اور اپنی زبانی اس نے بیان بھی کیے مگر بوجہ تکبر ایمان نہ لایا تو اللہ رب العزت اس کے بارے میں سورۃ المدثر، رکوع 1 کے اندر یوں ارشاد فرماتا ہے کہ اے محبوب ﷺ!

Marfat.com

ذَرْنِیْ وَ مَنْ خَلَقْتُ وَحِیْدًا ۙ وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۙ وَّ بَنِیْنَ شُهُوْدًا ۙ

ترجمہ: اسے مجھ پر چھوڑ جسے مَیں نے اکیلا پیدا کیا اور اسے وسیع مال دیا اور بیٹے دیئے سامنے حاضر رہے۔ (سورۃ مدثر)

یعنی کھیت اور کثیر مویشی اور تجارتیں مجاہد سے منقول ہے کہ وہ ایک لاکھ دینار نقد کی حیثیت رکھتا تھا اور طائف میں اس کا ایسا باغ تھا جو کسی وقت پھلوں سے خالی نہ ہوتا اس کے دس بیٹے تھے جو کہ مالدار تھے اور ان سب کو معاش کے لیے سفر کرنے کی حاجت بھی نہ تھی اس لیے وہ اپنے باپ کے سامنے رہتے ان میں سے تین مشرف بہ اسلام ہوئے خالد اور ہشام اور ولید ابن ولید۔ اللہ تعالیٰ نے اسے جاہ بھی دی ریاست بھی عطا فرمائی عیش بھی اور طویل عمر بھی مگر پھر بھی اللہ کا شکر نہ کیا اور نہ اسلام قبول کیا چنانچہ اس آیت کے نزول کے بعد ولید کے مال اولاد اور جاہ میں کمی شروع ہوئی یہاں تک کہ ہلاک ہو گیا تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے

سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ؕ اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۙ فَقُتِلَ كَیْفَ قَدَّرَ ۙ ثُمَّ قُتِلَ كَیْفَ قَدَّرَ ۙ ثُمَّ نَظَرَ ۙ ثُمَّ عَبَسَ وَ بَسَرَ ۙ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۙ فَقَالَ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ یُّؤْثَرُ ۙ

ترجمہ: قریب ہے کہ مَیں اسے آگ کے پہاڑ صعود پر چڑھاؤں بے شک وہ سوچا اور دِل میں کچھ بات ٹھہرائی تو اس پر لعنت ہو کیسی ٹھہرائی پھر اس پر لعنت ہو کیسی ٹھہرائی پھر نظر اٹھا کر دیکھا پھر تیوڑی چڑھائی اور منہ بگاڑا پھر پیٹھ پھیری اور تکبر کیا پھر بولا یہ تو وہی جادو ہے اگلوں سے سیکھا۔

شانِ نزول: جب حٰمٓ تَنْزِیْلُ الْكِتَابِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ آیت نازل ہوئی اور سیدِ عالم ﷺ نے تلاوت فرمائی ولید نے سنا اور اپنی مجلس میں آکر کہنے لگا

اک دن ولید سرکارؐ دے پاسوں تلاوت سُن کے آیا — آن کے اپنی مجلس اندر للکار کے اس بتلایا
نہ کلام اوہ جِن دا یارو نہ جاپے انسانوں — بخدا تازہ دِلکش عجب شیریں سب تے غالب جانوں
سُن کے بات ولید دی کافر پریشانی اندر آئے — دولت مند قریشی بڈھا اس نوں کون اُکسائے
اکٹھے ہوئے قریشی سارے سب نے متا پکایا — ولید پریس کرن دی خاطر ابوجہل ہتھ اٹھایا
ابوجہل اس مقصد کارن پاس ولید دے آیا — بہہ گیا آن پواندیں اس دی بھیڑا منہ بنایا

Marfat.com

خستہ حال ولید نے ڈٹھا اس نے آپ بلایا ابولہب دس کس گل پاروں پریشان نظر توں آیا
لہب کہیا توں بڈھا ہوئیوں قریش خرچ اکٹھا کر دے جو چاہندوں حاظر کر کے اَگے تیرے دھر دے
جس پاروں توں صفت نبیؐ دی کیتی لہب کہیا بتلاواں دسترخوان محمدیؐ اتوں توں چاہیا کجھ کھاواں
جو چاہندا توں مگدا میتھوں ولید نوں اس اکسایا بڈھا آیا غصے اندر جدوں لہب نے فن وکھایا
کس گل دی کمی ہے لہب مینوں ولید نے بول سنایا مال دولت بچے وی ڈھیر میرے توں ایہہ کیہہ طعنہ لایا

اس موقع پر ولید نے زبان درازی کرتے ہوئے کہا کہ محمد ﷺ کے دسترخوان پر کیا بچتا ہے جو میں نے کھانا تھا وہ تو نہ خود سیر ہو کر کھاتے ہیں اور نہ ان کے صحابیؓ چونکہ ان لوگوں کا ایمان اس بات پر نہ تھا جو کچھ بھی خدا بنایا وہ صرف محمد ﷺ کے صدقہ ہی میں بنایا۔ لہٰذا پھر ولید قریشوں سے چند سوال پوچھنے لگا۔

محمد ﷺ صادق تے نالے امین ہے کدیں جھوٹ بتاندا اوہ ویکھیا جے
اوگ زر ۰۰ات رکھدے پاس اس دے کدیں امانتاں کھاندا اوہ ویکھیا جے
ایویں شاعر اس نوں آکھدے او کدیں شعر سناندا اوہ ویکھیا جے
نبی ﷺ عاجزؔ دے نوں مجنون تے کیوں پھر کاہن آکھو ایسا عمل کماندا ویکھیا جے

مگر سب قریشوں نے اس کے ہر ایک سوال کا جواب ساتھ ہی ساتھ صرف ایک ہی لفظ 'نہیں' سے دیا جو درست تھا یعنی محمد ﷺ میں ایسا کوئی عیب نہیں جو تو ولید ہم سے پوچھ رہا ہے مگر پھر ولید تھوڑ دیر کچھ سوچنے لگا تو پھر بولا

ولید پلید نے نظر اٹھائی تیوڑی متھے تے پائی ڈنگا منہ کر شکل بگاڑی تے دل دی سوچ بتائی
نال تکبر پیٹھ اس پھیری منہ تھیں بول سنایا عاجزؔ نئیں کوئی وادھا لاندا حکم قرآنوں آیا
آخرکار اس جادو کہیا جو نبی ﷺ قرآن سنایا مَریا ولید ذالت اندر ڈیرہ دوزخ جا ایا
ایہہ دُنیا ہے فانی مولیٰ آخر اینوں چھڈ مرنا بخش پیار محمدیؐ سانوں جس دو جگ وچ لے ترنا
ایہہ جگ دی چوہدر چار دہاڑے اساں حاکم بن کیہہ کرنا کریں نصیب عاجزؔ دے مولیٰ غلامیٔ نبی ﷺ وچ مرنا
زمانہ نبیؐ دی رب قسم اٹھاوے بیشک آدمی وچ خسارے مگر ایمان لیائے ہو ئیں تے چنگے کیتے کارے

Marfat.com

حق دا راہ اک دو جے نوں دسدے صبر نصیحت کردے — نفع بخش ایہو کم ہے عاجز ایویں حاسد رہندے سڑدے
بے حد خوبیاں محبوباً تینوں عطا فرمائیاں اللہ حکم فرماوے — پڑھو نماز تے کرو قربانی اس وچ شک نہ آوے

اُمت محمدی ﷺ کی لوگوں پر گواہی

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّ سَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَ يَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ط (سورۃ البقرہ، رکوع ۱۷)

ترجمہ: بات تو یوں ہے کہ ہم نے تم کو کیا سب اُمتوں میں افضل کہ تم لوگوں پر گواہ ہو اور یہ رسولؐ تمہارے نگہبان و گواہ۔

دُنیا و آخرت میں مسئلہ: دُنیا میں تو یہ مسلمان کی شہادت مومن اور کافر کے حق میں شرعاً معتبر ہے اور کافر کی شہادت مسلمان پر معتبر نہیں مسئلہ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اس اُمت کا اجماع حجت اازم القبول ہے مسئلہ اموات کے حق میں بھی اس امت کی شہادت معتبر ہے رحمت و عذاب کے فرشتے اس کے مطابق کام کرتے ہیں۔ صحاح کی حدیث میں ہے کہ سید عالم ﷺ کے سامنے ایک جنازہ گزرا صحابہؓ نے اس کی تعریف کی حضور ﷺ نے فرمایا واجب ہوئی پھر دوسرا جنازہ گزرا صحابہؓ نے اس کی برائی کی حضور ﷺ نے فرمایا واجب ہوئی۔ حضرت عمرؓ نے دریافت کیا یا رسول ﷺ کیا چیز واجب ہوئی تو اس پر حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ پہلے جنازے کی تم نے تعریف کی تو میں نے فرمایا اس پر جنت واجب ہوئی جب کہ دوسرے جنازے کی تم نے برائی کی تو میں نے فرمایا اس پر دوزخ واجب ہوئی، تم زمین میں اللہ کے شہدا، ہو یعنی (گواہ ہو)۔ پھر حضورؐ نے یہ آیت تلاوت فرمائی مسئلہ یہ تمام شہادتیں صلحاء امت اور اہل صدق کے ساتھ خاص ہیں اور ان کے معتبر ہونے کے لیے زبان کی نگہبانی شرط ہے جو لوگ زبان کی احتیاط نہیں کرتے اور بے جا خلاف شرع کلمات ان کی زبان سے نکلتے ہیں اور ناحق لعنت کرتے ہیں۔ صحاح کی حدیث میں ہے کہ وہ روز قیامت نہ شافع ہونگے نہ شاہد اس امت کی ایک شہادت یہ بھی ہے کہ آخرت میں جب اولین و آخرین جمع ہوں گے۔

چھڈ چوری شراب تے دغہ بازی جھوٹ چغلی مندے جو کارے
ڈاکہ زنی زناہ تے چھڈ بھنگ بوٹی حرام رزق وی ہے بیکار اے

Marfat.com

نالے حق غریباں دا کھوہ کھانا رِشوت حسد سود برے جو کارے
کلمہ نبی ﷺ دا ذکر پکا عاجزؔ بے شک نیک شہادت آوے

روز حشر سب اکٹھے ہوسن پہلے پچھلے جو سارے — کافراں منکراں لوکاں کولوں رب دی ذات پچھاوے
نبیؐ رسول میں تساں ول بھیجے جنہاں راہِ حق بتلایا — اَج دسّو تساں کافراں لوکاں کیوں ایمان نئیں لایا
کافر رو کے عرض کریسن یا خداوند باری — کوئی نئیں پاس اساں دے آیا نہ رہبری ہوئی ہماری
انبیاءؑ پھر خدا بلا سی جو آن شہادت دیسن — اساں جا دعوت حق دی دِتی مولیٰ کافر جھوٹ بولیسن
امت محمدیؐ پھر رب بلا سی کجھ دسو سب دے بارے — امت محمدیؐ عرض کریسی نبیاں حکم پہنچائے سارے
کافر کہن اسیں پہلوں آئے ایہ آئے بعد وچ سارے — کویں جانن ایہ اساں دے بارے جھوٹ بولیندے سارے
شہادت دیسی پھر امت محمدیؐ سُن تو عرض خدایا — سوہنا تیرا محبوب محمد ﷺ بن نبی سی اساں وَل آیا
دعوت حق اس اسانوں دِتی جو قبول اساں نے کیتی — کلمہ محمدیؐ اساں ربا سی پڑھیا تے کیتی دُور پلیتی
قرآن کتاب توں نازل کیتی جو وَل محمد ﷺ آئی — کملیؐ پوش توں صدقے عاجزؔ جس اسانوں عطا فرمائی
قرآن کتابوں سانوں معلم مولیٰ نبیاں فرض نبھائے — پکا یقین اساں نوں ربا اوہناں سب احکام پہنچائے

اس کے بعد اللہ تعالیٰ اپنے محبوب حضرت محمد ﷺ سے فرمائے گا کہ اے محبوب ﷺ اب تم بتاؤ کیا تمہاری امت جو کچھ کہہ رہی ہے یہ ٹھیک ہے تو آپ ﷺ اپنی امت کی گواہی دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے عرض کریں گے کہ اے رب العزت انہوں نے ٹھیک کہا واقعی تیرے پیغمبر دُنیا میں تشریف لائے اور انہوں نے راہِ حق بتایا بے شک تو جاننے والا ہے۔

حضور ﷺ کی ولادت باسعادت

(بقول ان کی والدہ محترمہ حضرت بی بی آمنہؓ)

ہوون لکھ مبارکاں ماں آمنہؓ نوں جنّے نبیؐ محمد ﷺ رسول جنیاں
وقت ولادت گھر روشن ہویا نور و نور اوہ وقت مقبول بنیاں

Marfat.com

نور و نور دیواراں سب ہوئیاں رحمتِ رب دا جدوں نزول بنیاں
میلادِ اکبر کتاب دے وچ پڑھیا تاں لکھن دا عاجزؔ شعور بنیاں

روشنی روشنی ہر سو ہو گئی ماں جی بات بتلائی فلک فرش وچ اک نوری چادر نظر اساں نوں آئی
بی بی حوا تے آسیہ بی بی تیسری سائرہ جانوں ہاجرہ بی بی وی نالے ہیسی چارے آئیاں آسمانوں
سنہری طبق زمردی لوٹا سفید حریر وی لائیاں عطر بہشتی اوناں نال لیاندا عاجزؔ خبراں ماں بتلائیاں
مشرق مغرب اک اک جھنڈا اک کعبے اُتے لہرایا جدوں لولاک دا والی سوہنا ﷺ گود میری وچ آیا
چوہاں نہلایا میرے سوہنےؐ تائیں سفید حریر پہنایا عطر بہشتی وی لایا اوناں خوب مکان مہکایا
جدوں اٹھایا مَیں گودی اندر محمد ﷺ گودیوں باہر آیا سر سجدے وچ اس نے پایایَا رَبِّ هَبْ لِیْ اُمَّتِیْ دوبارا لایا
اس توں بعد فوراً ایہہ سنیا جو غیبی آوازہ آیا بخشی امت تیری ہمت کارن ایوی ماں صاحبہ بتلایا

برادرانِ اسلام! نورِ نبی ﷺ بے مثل نور ہے جس کی مثال سارے جہاں میں مل ہی نہیں سکتی۔

نور محمدی ﷺ رب دے نوروں دو جگ نور حضوروں مدنی دیدار جا عرش تے کیتا موسیٰ جھلک کوہ طوروں

ایک روایت ہے کہ بی بی صفیہ آپ ﷺ کی پھوپھی فرماتیں ہیں کہ آپ ﷺ کی ولادت کے وقت مَیں حاضر تھی اس وقت تمام مکان روشن ہو گیا اور اس کی روشنی میں چھ چیزیں عجیب وغریب دیکھیں۔

(۱)۔آپ ﷺ نے پیدائش کے بعد فوراً سجدہ کیا اور یَا رَبِّ هَبْ لِیْ اُمَّتِیْ پکارا۔

(۲)۔آپ ﷺ کا نور چراغ کے نور پر غالب تھا۔

نور ظہور جتھے محمدی ﷺ ہووے کیہہ کردے اوتھے دِیوے جنہاں عشق رسولؐ نال کیتا اوہ باہجھ شرابوں کھیوے

(۳)۔مَیں نے کہا کہ آپ ﷺ کو نہلاؤ مگر غائب سے آواز آئی اے صفیہ یہ پاک وصاف ہے تم تکلیف نہ کرو۔

(۴)۔آپ ﷺ ختنہ کئے ہوئے پیدا ہوئے۔

(۵)۔آپ ﷺ کے دونوں شانوں کے بیچ میں ستارہ روشن کی طرح ایک مہر چمکتی ہوئی دیکھی جس پر نورانی خط میں لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰهِ ط لکھا تھا۔

(۶)۔یہ کہ اس وقت آپ ﷺ نے بہت وضاحت کے ساتھ انگلی اٹھا کر فرمایا

Marfat.com

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰهِ ط

روایت ہے حضرت عبدالمطلب آپ ﷺ کے دادا فرماتے ہیں کہ اس وقت میں کعبہ شریف میں تھا فرماتے ہیں

اک واری سی کعبہ ہلیا جدوں رحمتاں جھڑیاں لائیاں مقامِ ابراہیمؑ دی طرفے سب دیواراں آئیاں
پئے گیاں سن سجدے اندر کعبے دیاں دیواراں قدم مبارک عاجزؔ دُنیا اندر جدوں پایا آن سرکارؐ

آپ فرماتے ہیں کہ پھر دیواریں اپنے اپنے مقام پر جا کر کھڑی ہو گئیں اور دیواروں سے یہ آواز بلند ہوئی کہ اللہ کے مقبول محمد ﷺ پیدا ہوئے ہیں جس نے ان کی زیارت کی اس کے لیے سعادت ہے اور اپنی مراد کو پہنچا۔ بتایا گیا ہے کہ جب ان کی نظر کوہ صفا اور کوہ مروہ پر پڑی تو ان پر بھی خوشیوں کے ایثار نظر آ رہے تھے مگر آپ غیبی آوازیں سُن کر حیران پریشان ہو رہے تھے اتنے میں گھر سے ایک آدمی بلانے کے لیے آیا اور کہا

عبدالمطلبؓ لکھ مبارکاں نیں بابا کمے دیا سردارا نورِ نظر عبداللہ دا آیا پوتا تیرا پیارا
اتنا بخت بلند نہ ہوسی بھاویں پھر توں عالم سارا بابا خانہ تیرا اج روشن ہویا عاجزؔ خوشبو دے نظارہ
دادے نوں چڑھ گئے چاء، دونے نالے چلدا گھر ول آوے (مثل) گُٹھ گُٹھ پیر زمینوں اُچا نہ پَب فرش تے آوے

اس ماں نوں ہووے سلام میرا جس ماں نوں ختم النبیینؐ ملیا
جس نوں ملیا شفاعت دے تاج والا سوہنا ختم المرسلینؐ ملیا
واضحیٰ دے ملیا مُکھ والا طٰہٰ جنوں یٰسینؐ ملیا
عاجزؔ اس ماں دی عظمت توں جاں صدقے جنوں رحمت اللعالمینؐ ملیا
ماں آمنہؓ لکھ مبارکاں نیں دو جگ دا تینوں سلطانؐ ملیا
جس دے نام دا آسا نوں آسرا اے تینوں اوہ شافی، دو جہان ملیا
وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ رب آکھے نالے اوہنوں محمود مقام ملیا
اس ماں دے عاجزؔ چم جوڑے جس ماں نوں حبیبؐ الرحمٰن ملیا

مگر حضرت عبدالمطلب نے بوجہ عجیب و غریب منظر دیکھنے کے بعد حضرت آمنہؓ بی بی سے پوچھا کہ میں

Marfat.com

اس واقعہ سے حیران ہوں خیال کیا کہ شاید خواب دیکھتا ہوں لیکن نیند کا اثر آنکھوں میں ہرگز نہیں ہے اس لیے اس طرف آیا ہوں کہ یہ سچ ہے یا یہ میرا خواب وخیال ہے۔ حضرت آمنہؓ نے فرمایا سب سچ ہے اور جو عجائبات نظر سے گزرے تھے سب بیان کئے تو حضرت عبدالمطلبؓ نے دیکھنا چاہا تو بی بی آمنہؓ نے فرمایا اب تمہارے دیکھنے کی اجازت نہیں ہے محافضان غیب کی طرف سے تاکید ہے کہ جب تک تمام فرشتے زیارت سے مشرف نہ ہولیں اس وقت تک اور کسی کو اجازت نہ ہوگی۔ یہ سن کر حضرت عبدالمطلب ناخوش ہونے لگے ناچار حضرت آمنہؓ نے اس طرف اشارہ کیا جہاں آپ ﷺ جلوہ فرما تھے عبدالمطلب نے اس طرف قدم بڑھایا تو فوراً ایک شخص تلوار اٹھائے ان کی طرف آیا اور سخت آواز سے دھمکایا تو حضرت عبدالمطلب کانپنے لگے اور واپس ہٹ آئے ہر چند یہ واقعہ قریش سے بیان کرنا چاہا لیکن زبان نے کام نہ دیا مجبوراً خاموش رہے۔

منقول ہے کہ آپ ﷺ کی پیدائش کے وقت تمام بُت اوندھے منہ گر پڑے نوشیرواں بادشاہ عجم کے محل میں زلزلہ آیا اور شق ہوگیا چودہ کنگرے اس کے ٹوٹ گئے شیاطین کے تخت اُلٹ گئے سلاطین کی قوت ناطقہ سلب ہوگئی اور پارسیوں کا آتش کدہ جس میں ہزاروں برس سے آگ جلتی تھی بالکل بجھ گئی دریائے ساوہ جو عراق اور عجم جس میں ہزاروں برس سے پانی کی بوند نہ تھی اس میں ایک ندی جاری ہوگئی کہ وہ ایک بڑی ندی ملک میں مشہور ہے۔

ٹُٹ گئے جال شیطانی سارے جدوں جگ وچ بشیر النذیرؐ آیا
کفر شرک بھاجڑاں چک ٹریا دو جگ دا مدنی ﷺ پیرؐ آیا
حوراں مَلک آسماناں تے کرن خوشیاں محبوبؐ ربی بدر منیرؐ آیا
نبی ﷺ پاک تے پڑھو درود عاجزؔ معاف اساں دی کرن تقسیر آیا

روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ فرماتیں ہیں کہ جس نے پیدا ہوتے ہی سب سے پہلے محمد ﷺ کو ہاتھوں پر لیا وہ میں ہوں آپ ﷺ نے اسی وقت الحمد اللہ فرمایا اور اس کے جواب میں یرحمک اللہ کی آواز سنائی دی اور اس وقت ایک نور ایسا چمکا کہ اس کی روشنی میں ملک شام کے شاہی محل نظر آئے۔

روایت ہے عثمان بن العاص کی ماں فاطمہ سے کہ آپ ﷺ کی والادت کے وقت میں وہیں حاضر تھی میں نے ایک ایسا نور دیکھا کہ تمام گھر روشن ہوگیا اور ستارے آسمان سے اتنے جھکے کہ میں سمجھی کہ اب زمین پر گر پڑیں گے۔

روایت ہے سفیان بدلی سے کہ ایک رات ہمارا قافلہ ملک شام کی راہ میں تھا صبح ہوتے ہی آرام کے لیے ایک مقام

Marfat.com

پر قیام کیا اور ارادہ کیا کہ سولیں سب نے دیکھا کہ ایک اسوار زمین و آسمان کے درمیان معلق ہوا اور ندا کی اے سونے والو اٹھ بیٹھو یہ وقت سونے کا نہیں ہے کیا تم نہیں جانتے ہو کہ اس وقت سیّد کائنات ﷺ کا ظہور ہوا اسلام کا ستارہ چمکا اور کفر کی تاریکی دُور ہوئی۔ راوی کہتا ہے کہ ان واردات سے ہم سب خوفزدہ ہوئے جب مکہ میں اپنے اپنے گھر آئے تو پتہ چلا کہ عبدالمطلب کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا ہے اور جس کا نام محمد ﷺ ہے۔

پتہ لگا عبداللہ ول بچہ ہویا گودی آمنہؓ دی سوہنا لال آیا
سوہنا نام محمد ﷺ اس دا نام سوہنا سوہنا لے کے حسن جمال آیا

ابر سفید نورانی ٹکڑا آیا اک آسمانوں فرمایا حضرت آمنہؓ بی بی روایت ایوی اک جانو
آون آوازاں ابر دے وچوں جویں آدمی بولن اور گھوڑے افضل شان محمدی ﷺ عاجزؔ پر لفظ تیرے کول تھوڑے
لے گیا ابر محمد ﷺ تائیں ماں صاحبہ فرماون سیر کراؤ سیر کراؤ آوازں غیبی آون
پھراؤ اس نوں مشرق مغرب خبر کتابوں آئی میلادِ اکبر وچ پڑھیا عاجزؔ نئیں کولوں بات بنائی

اور یہ بھی بتایا گیا کہ اے انبیاءؑ کی پیدائش کے مقامات میں لے جاؤ اور آدمیوں اور فرشتوں اور جانوروں وغیرہ سب پر ظاہر کرو تا کہ ان کا نام اور صورت پہچانیں اور کوئی پکارنے والا پکارتا تھا

کہ ان کی کنجیاں نبوت اور نصرت اور خزانۂ عالم کی اخلاقی سب پیغمبروں کے دو اور آپ ﷺ کی والدہ فرماتیں ہیں کہ بعد ایک ساعت آپ ﷺ کو پھر میرے پاس لائے اور غیب سے آواز آئی کیا خوب کیا خوب محمد ﷺ تمام دُنیا پر مقرر ہوئے اور کوئی مخلوق ایسی نہ رہی کہ جو آپ ﷺ کے قبضہ سے باہر ہو اور جو کمالات ظاہری و باطنی اور مراطب صوری و معنوی سب انبیاءؑ کو الگ الگ عنایت ہوتے تھے وہ سب آپ ﷺ کی ذات اعلیٰ صفات میں موجود ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوق سے نبی ﷺ کو اشرف و افضل بنایا وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْ اٰدَمَ اور ان سب سے مؤمنین و صالحین، اولیاءؒ اور انبیاءؑ کو انتخاب کیا اور ان سب میں سے جناب احمد مصطفیٰ ﷺ کو چُن لیا۔

مخلوقات سے اعلیٰ مخلوق انسانی انسانوں وچ افضل اولیاءؒ توں جانی
اولیاءؒ سے انبیاءؑ عاجزؔ انبیاءؑ سے رُسل سب توں اعلیٰ محمد ﷺ محبوبِ ربانی

Marfat.com

ولادت باسعادت محمد مصطفےٰ ﷺ پر ابولہب کا ثوبیہ کو آزاد کرنا

اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ سات (۷) دن آپ ﷺ کو آپؐ کی والدہ محترمہ نے دودھ پلایا اور پھر چند روز ثوبیہ نے دودھ پلایا اور آپ ﷺ کی کھلاوی مقرر ہوئی اور یہ وہ لونڈی ہے کہ جس کو ابولہب نے مژدہ ولادت شریف اس سے سُن کر آزاد کیا تھا اور کہہ دیا تھا کہ جا محمد ﷺ کو دودھ پلانا۔

روایت ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابولہب کو خواب میں یوں دیکھا

حضرت عباسؓ ابولہب نوں جدوں خواب اندرسی پایا　　پچھیا اس دا حال حوالہ تے لہب نے بول سنایا
سخت عذاب لہب نے دسیا جان لباں تے رہندی　　سخت سزاواں روز دہاڑے جِب پانی پانی کہندی
رات سوموار جدوں ویں آوے وقفہ ملے عذابوں　　پی پی دوہاں انگلیاں وچوں سیر ہوواں میں آبوں
نال جنہاں دے اشارہ کیتا آزاد ثوبیہ کیتی　　پیدا ہوئے جدوں پاک محمد ﷺ میں ویں خوشی سی کیتی

ابولہب نے بتایا کہ اس رات مجھے اتنی راحت نصیب ہوتی ہے کہ چھ دن کا عذاب بھول جاتا ہوں۔

برادرانِ اسلام! ذرا غور فرمائیں کہ جب ایسا کافر دُشمن رسول ﷺ جس کی مذمت پر کلام الٰہی بھی گواہ ہے اور میلاد محمد ﷺ میں خوشی منا کر عذاب سے نجات پاتا ہے تو پھر جو مسلمان مال و دولت اس میلاد کی خوشی میں صرف کرے وہ اللہ کے انعام و اکرام اور عطیات سے کیسے محروم رہ سکتا ہے۔ یہ روایت احیاء العلوم اور مواہب الدیہ اور شرح شفائے قاضی عیاضؒ میں موجود اور منقول ہے۔

❁❁❁❁❁

درِ مرشدؒ سے جسے فیض نصیب ہو گیا　　غمِ دو جہاں اس سے بعید ہو گیا

درشانِ مرشد رحمۃ اللہ علیہ

میرے مرشدؒ بنائی تے گل بن گئی بھاویں اَج بن گئی بھاویں کل بن گئی
سوہنے سخی دی سخاوت توں جاں صدقے جو ہر مشکل دا حل بن گئی

Marfat.com

کئی وِرد وظیفے پکاندا رہیا دَھکے دَر دَر دے ایویں کھاندا رہیا
جدوں مرشدؒ دے قدمیں مَیں جا لگیا میری کھوٹی قسمت وَل بن گئی
میرے مرشدؒ بنائی تے گل بن گئی بھاویں اَج بن گئی بھاویں کل بن گئی
سوہنے سخی دی سخاوت توں جاں صدقے جو ہر مشکل دا حل بن گئی
دیواں جھاڑو مَیں سرے دی نال پگڑی مرشدؒ پاک دے پاک دربار یارو
نالے پائیاں تے دیواں مَیں نال داڑھی پہلے چم کے نال پیار یارو
مرشدؒ رب رسول ﷺ دی حُب بخشے بھاویں جان منگے دَیئے وار یارو
بعض مرشدؒ نئیں عاجزؔ راہ لبھدا کدیں نئیں لگدی بیڑی پار یارو
میرے مرشدؒ بنائی تے گل بن گئی بھاویں اَج بن گئی بھاویں کل بن گئی
سوہنے سخی دی سخاوت توں جاں صدقے جو ہر مشکل دا حل بن گئی
عاجزؔ حق ادا نئیں ہو سکدا بھاویں تن مَن زندگی وار دَیئے
جند رُلدی جہڑی سی کنڈیاں تے نعت نبی ﷺ دی لکھیاں کنول بن گئی
میرے مرشدؒ بنائی تے گل بن گئی بھاویں اَج۔۔۔۔۔ سوہنے سخی دی سخاوت توں جاں صدقے جو۔۔۔۔۔
جب تک جھکے نہ تھے قدموں میں تیرے تو کوئی جانتا نہ تھا
جھاڑو کش بنا کر عاجزؔ کو اپنا تو نے مشہور کر دیا

افضل ذکر

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ کریا کرو
سب توں افضل ذکر الٰہی کلمہ نبی ﷺ دا پڑھیا کرو
چوری، جوئے، شراب نوں چھڈو بھنگ بوٹی دے جام نوں چھڈو
زنا کاری بدکام نوں چھڈو حسد نہ کسے دا کریا کرو

Marfat.com

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ کریا کرو
سب توں افضل ذکر الٰہی کلمہ نبی ﷺ دا پڑھیا کرو

رشوت، ڈاکہ، سود نئیں چنگا جھوٹ بولنا کم ہے مندا
والدین دی خدمت کریو بے ادبی نہ کریا کرو

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ کریا کرو
سب توں افضل ذکر الٰہی کلمہ نبی ﷺ دا پڑھیا کرو

غیبت، چغلی بری بیماری بدعت جانوں اس توں بھاری
آوے بات جے تساں نوں کاری یاد خدا دی کریا کرو

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ کریا کرو
سب توں افضل ذکر الٰہی کلمہ نبی ﷺ دا پڑھیا کرو

پڑھو نمازاں رکھو روزے حج، زکوٰۃ جے طاقت ہووے
عاجزؔ ہر دَم پڑھو محمدیؐ کلمہ ذکرِ الٰہی کریا کرو

سود حرام ہے

سود کو حرام فرمانے میں بہت سے حکمتیں ہیں ان میں سے کچھ یہ کہ جو اصل زر کے ساتھ اضافہ کر کے لیا جاتا ہے بغیر کسی اور چیز کے بدل عوض سے وہی سراسر بے انصافی ہے (۲) اس سود کا رواج تجارتوں کو خراب کر رہا ہے (۳) سود کے لالچ میں آ کر انسان کے دِل میں بے رحمی پیدا ہوتی ہے اور دوسروں سے محبت اور ہمدردی ختم ہو جاتی ہے (۴) سود خور کسی کو قرضِ حسن سے امداد نہیں پہنچا سکتا (۵) سود خور بے رحم ہونے کی وجہ سے ظالموں میں شمار ہو جاتا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ سود خور کے بارے میں ''سورۃ البقرہ، رکوع ۳۸'' میں یوں ارشاد فرماتا ہے۔

اَلَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا یَقُوْمُوْنَ اِلَّا کَمَا یَقُوْمُ الَّذِی یَتَخَبَّطُهُ الشَّیْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ط

Marfat.com

ترجمہ: وہ جو سود کھاتے ہیں قیامت کے دن کھڑے نہ ہونگے مگر جیسے کھڑا ہوتا ہے وہ جیسے اسیب نے چھو کر مخبوط بنا دیا ہو۔

روز قیامت اٹھ اٹھ ڈِگسن سود جو کھاون والے آکھے لگ جو شیطان دے لوکیں ایہہ کار کماون والے

پیٹ اوناں دا ودھیا ہوسی سود کھان دی پاروں سِدّے ہو کھلو نہ سکن تے پوسی مار دربارو

مدّت تک وچ دوزخ رہسن حکم خدا فرماوے آیا پاک قرآن دے اندر نہ وادھا عاجز لاوے

مسلم کی حدیث شریف میں ہے کہ رسول کریم ﷺ نے سود خور اس کے کار پرواز اور سود دستاویز کے کاتب اور اس کے گواہوں پر لعنت کی اور فرمایا یہ سب گناہ میں شامل ہے۔

رِزق حرام دا اِک وی لقمہ جو کسی پیٹ وچ جاوے دُعا منظور نئیں چالی۴۰ دن ہوندی عاجز نبیؐ اللہ فرماوے

مسلمان کا نکاح صرف مسلمان سے کرنا جائز ہے

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ اسلام ایک معتبر اور سلامتی والا دین ہے ہم لوگ بڑے ہی خوش نصیب ہیں کہ اللہ رب العزت نے ہم سب کو اُمتِ محمدی ﷺ میں پیدا کیا اور دین اسلام کی نعمت عطا فرمائی مگر احسان تو اللہ تعالیٰ کے ہم پر بہت ہی زیادہ ہیں جن کا اگر اندازہ بھی کیا جائے تو نہیں ہوسکتا۔ لیکن ان میں سے ایک یہ بھی اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا احسان ہے کہ اس نے ہمیں امت محمد یہ ﷺ میں پیدا فرمایا۔ لہٰذا نکاح کے بارے میں جو سب سے بڑی شرط فرمائی گئی وہ یہ ہے کہ مرد اور عورت کا مسلمان ہونا لازمی ہے جیسا کہ حکم خداوندی ہے

وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ط (سورۃ البقرہ، رکوع ۲۷)

ترجمہ: اور شرک والی عورتوں سے نکاح نہ کرو جب تک وہ مسلمان نہ ہو جائیں۔

یعنی مسلمان مرد یا عورت کا نکاح مسلمان سے ہی جائز ہے نہ یہ کہ کوئی غیر مسلم ہو بلکہ غیر مسلم سے نکاح حرام ہے جب تک کہ وہ مسلمان نہ ہو جائے۔ مسلمان مرد اور عورت ان مالدار مشرکوں سے اچھے ہیں خواہ وہ غریب یا غلام ہی کیوں نہ ہوں۔

Marfat.com

شانِ مرشد رحمتہ اللہ علیہ

میرا مرشد طالب حسینؒ کھگہ فاروق آباد وچ اہدا دربار یارو
آس پاس دربار دے چمن مہکے اوتھے رہندی اے سدا بہار یارو
خاندان کھگہہ شالا ودھے پھلے میڈے مرشدؒ دا پاک گلزار یارو
مرشدؒ پاک دے عاجزؔ چم جوڑے انشاء اللہ ہو سی بیڑا پار یارو

نوری رنگ وچ مرشدؒ رنگ دیندا بھاویں رب دے کولوں سوہنا منگ دیندا
کسے شے دی کمی اوہ نئیں چھڈ دا جہنوں پیار نبی ﷺ دا منگ دیندا

اہدے دَر تے خوب بہاراں نے جتھے ڈیرے لائے سرکاراں نے
اوتھوں پائے فیض ہزاراں نے سوہنا ہر سائل نوں ونڈ دیندا

نوری رنگ وچ مرشدؒ رنگ دیندا بھاویں رب دے کولوں سوہنا منگ دیندا
کسے شے دی کمی اوہ نئیں چھڈ دا جہنوں پیار نبی ﷺ دا منگ دیندا

میرا مرشدؒ کرم کماندا اے اوہ کھوٹیوں کھرا بناندا اے
جو سائل اس دَر جاندا اے مُڑ خالی کدیں نہ آوَندا اے

نوری رنگ وچ مرشدؒ رنگ دیندا بھاویں رب دے کولوں سوہنا منگ دیندا
کسے شے دی کمی اوہ نئیں چھڈ دا جہنوں پیار نبی ﷺ دا منگ دیندا

اہدے فیض دا ہر سو چرچا اے عاجزؔ سچ دسیاں کیہہ ہرجا اے ؟
اہدے وچ قدماں جو بہہ جاندا اوہنوں پیار خدا دا منگ دیندا

نوری رنگ وچ مرشدؒ رنگ دیندا بھاویں رب دے کولوں سوہنا منگ دیندا
کسے شے دی کمی اوہ نئیں چھڈ دا جہنوں پیار نبی ﷺ دا منگ دیندا

Marfat.com

نعت شریف

میرے نبی ﷺ دیاں جنہاں یارو کیتیاں غلامیاں
جگ وِچ اوہناں دیاں یاداں نے نشانیاں
جگ وِچ آیا جدوں آمنہؓ دا لال سی پیر والا دِن ۵۷۱ء دا سال سی
آسماناں توں حوراں آئیاں دین سلامیاں
میرے نبی ﷺ دیاں جنہاں یارو کیتیاں غلامیاں
جگ وِچ اوہناں دیاں یاداں نے نشانیاں
ابوبکرؓ عمرؓ عثمانؓ و علیؓ چارے یار بنائے سوہنے نبی ﷺ
غلام بلالؓ اُتے ہوئیاں مہربانیاں
میرے نبی ﷺ دیاں جنہاں یارو کیتیاں غلامیاں
جگ وِچ اوہناں دیاں یاداں نے نشانیاں
شانِ بلالؓ حبشی کیسی کمال اے جنت جانا اس آقاؐ دے نال اے
دستِ بلالؓ مہار ہو سی اُتے محبوبؐ رحمانیاں
میرے نبی ﷺ دیاں جنہاں یارو کیتیاں غلامیاں
جگ وِچ اوہناں دیاں یاداں نے نشانیاں
لاثانی اسوار ہو سی نہ غلام دی مثال اے
چھم چھم ڈاچی چلسی گل وِچ گانیاں
میرے نبیؐ دیان جنہاں یارو کیتیاں غلامیاں جگ وِچ اوہناں دیاں یاداں نے نشانیاں
مدت توں تاہنگ آقا ﷺ ایہو ہی اپیل اے
عاجزؔ غلامی چاہے آقا ﷺ مدنی لاثانیاں

Marfat.com

ذکرِ کلمہ

نور نبی ﷺ ی پیدا کیتا آپ خداوند باری
اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـــهَ اِلَّا اللّٰـــهُ نبی ﷺ حمد و ثنا پکاری
مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰـــه رب فرمایا کیسی سوہنی نعت پیاری
عاجزؔ بول محمدیؐ کلمہ اوہنوں دِتی رب سرداری
حمد و ثنا خدا دی کرنا ہے سنت پاک نبی ﷺ دی
نعت پڑھنا ہے خدا دی سنّت تے سننا سنّت نبی ﷺ دی
قرآن حدیث دونویں کلمے اندر نالے سنّت اللہ نبی ﷺ دی
عاجزؔ نوں توں بخشیں مولیٰ غلامی پاک نبی ﷺ دی
حمد اللہ دی کلمے اندر نعت نبی ﷺ وچکارے
قرآن حدیث وی اس دے اندر باتاں افضل چارے
ایہو سکّہ دین دا یارو بخشیا نبی ﷺ پیارے
عاجزؔ سوہنا کلمہ ایہہ پاک محمد ﷺ جہڑا عرش تے چمکاں مارے
آ جا سوہنا میڈا مدنیؐ ماہی مَیں کُوں ہر دم تیریاں لوڑاں
تیڈےؐ جہیا مینوں ہور نہ کائی تیں کُوں مَیں جہے لکھ کروڑاں
لویں رَکھ غریب دی لاج سائیاںؐ کراں مِنّاں تے ہتھ وی جوڑاں
رکھیں عاجزؔ نوں وچ رضا اپنی نہ ہور پاسے مُکھ موڑاں
الٰہی تیرا شکر ہے کہ میری بھی بگڑی بنا دی تو نے
بڑا ہی احسان مند ہے عاجزؔ تیرا کہ نعت گوئی سکھا دی تو نے

Marfat.com

خوشخبری

بحکمِ خدا صدقہ رسول ﷺ اور ابوالفیض مرشد سیّد طالب حسین شاہؒ صاحب کھگہ کی نظر کرم سے حضرات گرامی ذاتی تجربہ کے تحت چند بیماریوں کا علاج بذریعہ دیسی ادویات سے بحکمِ خدا کیا جاتا ہے۔ یعنی جگر، معدہ کی گرمی، پریشانی کی وجہ سے دماغی توازن کا ٹھیک نہ رہنا، نیند نہ آنا، مثانہ کی گرمی و کمزوری، دائمی قبض، پرانا بخار، دانتوں کا درد، دانتوں سے پیپ کا بہنا، منہ سے بدبو کا آنا یا دوسرے الفاظ میں اسے ماس خورہ بھی کہا تا ہے خواہ بیس، پچیس سال سے کیوں نہ ہو۔ نیز عورتوں اور مردوں کے پوشیدہ امراض کا علاج بھی کیا جاتا ہے اس کے علاوہ بوجہ فالج جسم کے کسی بیرونی حصے کا کام کرنا چھوڑ جانا جس پر مالش کی جاسکتی ہو یا کسی اور وجہ سے کسی اعضاء کے پٹھے سکڑ جاتے ہیں اور جسم کا وہ حصہ بیکار ہو جاتا ہے اسکے لیے بھی تیل برائے مالش مل سکتا ہے جس سے انشاءاللہ حضور پرنور تاجدارِ مدنی ﷺ کا صدقہ اور میرے مرشدؒ صاحب کی نظر کرم سے صحت یابی حاصل ہوسکتی ہے۔

الٰہی تو اپنی رضا میں ہماری ہر ادا کر دے
محمد ﷺ کے صدقہ ہر بیمار کو شفاء عطا کر دے

ملنے کا پتہ: محمد اسلم عاجزؔ قادری اویسی (سکنہ ورن ڈیرہ تارڑاں تحصیل و ضلع شیخوپورہ)
بروز: سوموار - رابطہ نمبر: 0301-6629027

Marfat.com

Marfat.com

صوفی محمد اسلم عاجز اویسی قادری

آف ورن ڈیرہ تاڑاں، تحصیل وضلع شیخوپورہ

Marfat.com